Email: News@urdunova.ca | Website: www.urdunova.ca
Head Office: 6th Ave Timmins Ontario Canada.
امریکہ، کینیڈا، انگلینڈ، یورپ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، جاپان اور فلپائن میں بیک وقت شائع ہونے والا واحد اردو اخبار
روزنامہ
اردو دنیا کی عالمی آواز
دنیا کا واحد انٹرنیشنل اردو اخبار
اردو نووا نیوز
کینیڈا
چیف ایڈیٹر حسنین سندھو
ایڈیٹر محمد جاوید صدیق
رجسٹریشن نمبر 1743693-9
جلد نمبر 01 | بدھ 27 جمادی الاول 1447ھ 19 نومبر 2025ء 06 مگھر ..... صفحات 8 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 04

بچوں کیخلاف جرائم کا جڑ سے خاتمہ کر دینگے مریم نواز شریف

بچوں کے جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد کی روک تھام و بحالی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ بچوں کے ساتھ جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد صرف جرم نہیں انسانیت کے خلاف بغاوت ہے

بچے میری ریڈ لائن ہیں، سب مجھے پیارے ہیں، سب کی حفاظت ہمارا فرض ہے، بچوں کے خلاف جرائم میں ملوث لوگ سماج کے ناسور ہیں اور پنجاب سے جڑ سے اکھاڑ پھینکے جائیں گے، صوبے میں بچوں کو تحفظ دینے کیلئے پاکستان کا پہلا ورچوئل سینٹر برائے چائلڈ سیفٹی قائم کیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ بچوں کے خلاف جرائم کا جڑ سے خاتمہ کر دیں گے۔ بچوں کے جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد کی روک تھام و بحالی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ بچوں کے ساتھ جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد صرف جرم نہیں انسانیت کے خلاف بغاوت ہے، بچے میری ریڈ لائن ہیں، سب مجھے پیارے ہیں، سب کی حفاظت ہمارا فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے خلاف جرائم میں ملوث لوگ سماج کے ناسور ہیں اور پنجاب سے جڑ سے اکھاڑ پھینکے جائیں گے، صوبے میں بچوں کو تحفظ دینے کیلئے پاکستان کا پہلا ورچوئل سینٹر برائے چائلڈ سیفٹی قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور مستحکم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

چیئرمین بلاول بھٹو کی ہدایت پر پیپلز پارٹی کا 30 نومبر کو ضلع کی سطح پر یوم تاسیس منانے کا اعلان

ضلعی عہدیداران اپنے اپنے اضلاع میں یوم تاسیس کی تقریبات کے انتظامات کریں، سیکرٹری جنرل کی ہدایت

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے بھٹو زرداری کی ہدایت پر پاکستان پیپلز پارٹی نے 30 نومبر کو ضلعی سطح پر یوم تاسیس منانے کا اعلان کر دیا۔ سیکرٹری جنرل ہمایوں خٹر کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

سپریم کورٹ نے وراثت سے متعلق کیس کا فیصلہ جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے وراثت سے متعلق فیصلہ جاری کرتے ہوئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

بلاول بھٹو سے فیصل کریم کنڈی، راجہ پرویز اشرف کی ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے صدر چودھری یاسین نے بھی ملاقات کی، آزاد کشمیر کے مسائل اور ان کے حل پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور راجہ پرویز اشرف نے ملاقات کی۔ مرکزی صدر پیپلز پارٹی شعبہ خواتین فریال

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

اسلام آباد: سکھس آف امریکہ کے صدر جسدیپ سنگھ نے وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر قانون وانصاف جناب اعظم نذیر تارڑ اور جناب ساجد تارڑ بھی موجود ہیں

دہشتگردی کیخلاف جنگ، قوم افواج کیساتھ کھڑی ہے، شہباز شریف

شمالی وزیرستان اور ڈی آئی خان میں آپریشنز، فتنہ الخوارج کے 15 دہشتگرد ہلاک، وزیر اعظم، وزیر داخلہ کا خراج تحسین، ڈی آئی خان میں آپریشن کے نتیجے میں 10 خوارج کو جہنم واصل کیا گیا جس میں ان کا سرغنہ عالم محسود بھی شامل ہے، آئی ایس پی آر

عزم استحکام کے تحت سکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف بڑی کامیابیاں حاصل کر رہی ہیں، ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پر عزم ہیں، شہباز شریف

میران شاہ/راولپنڈی / اسلام آباد (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور ڈی آئی خان میں آپریشنز کے دوران بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے 15 دہشت گرد ہلاک کر دیئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق 15 اور 16 نومبر کو سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا میں دو مختلف کارروائیاں کیں، ڈی آئی خان میں آپریشن کے نتیجے میں 10 خوارج کو جہنم واصل کیا گیا جس میں ان کا سرغنہ عالم محسود بھی شامل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

صدر مملکت کو چار ممالک کے سفراء نے اپنی اسناد سفارت پیش کیں

تقرریاں پاکستان کے چار ممالک کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنائیں گی، آصف علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری کو چار نئے تعینات ہونے والے سفراء نے ایوان صدر میں منعقدہ پروقار تقریب کے دوران

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

جج کے استعفوں پر خوشی کے ڈھول پیٹنے کے بجائے فالٹ لائنز دُور کرنا مناسب ہوگا، سعد رفیق



لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6

پاکستان عالمی سطح پر نوجوانوں کی ترقی اور بااختیار بنانے میں قائدانہ کردار ادا کر رہا ہے، رانا مشہود احمد خان

کوالالمپور (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

پی ٹی آئی کا 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف بھرپور آواز اٹھانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے 27 ویں آئینی ترمیم کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

حکومت پنجاب محفوظ، مضبوط اور ٹیکنالوجی سے لیس شہری ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے پنجاب سیف سٹیز

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

صوبے کے دور دراز دیہی علاقوں میں لوگوں کو صحت کی جدید سہولیات میسر ہونی چاہئیں، سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

بشریٰ بی بی فیض حمید کیلئے کام کرتی تھیں، خواجہ آصف

جنرل فیض اور جنرل باجوہ نے اس عورت کو پلانٹ کیا، اب یہ بھی پتا چلنا چاہیے کہ گوگی کہاں سے آئی اور کہاں چلی گئی، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ بشریٰ بی بی سابق انٹیلی جنس سربراہ جنرل فیض حمید کیلئے کام کرتی تھیں، بشریٰ بی بی کی دی گئی معلومات چند روز میں درست ثابت ہو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

عوامی پارکس کا معاملہ، آئینی عدالت نے سندھ ہائی کورٹ کے فیصلے پر حکم امتناع دے دیا، فریقین طلب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے کراچی کے عوامی پارکس معاملے پر سندھ ہائیکورٹ کے فیصلے پر حکم امتناع جاری کرتے ہوئے فریقین کو طلب کر لیا۔ پیر کو جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی آئینی عدالت نے کیس پر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی روس نے ثالثی کی پیشکش کر دی

روس نے اس بات پر زور دیا کہ تنازعات کا پائیدار حل صرف مذاکرات اور بات چیت کے ذریعے ممکن ہے

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان بڑھتے تناؤ کو کم کرنے کے لیے دونوں ملکوں کو ثالثی کی پیشکش کر دی ہے۔ اس حوالے سے ترجمان روسی وزارت خارجہ ماریا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اسلام آباد میں قائم مقام امریکی سفیر نثالی بیکر سے ملاقات کر رہے ہیں۔

ملک کے 20 پسماندہ ترین اضلاع کی فہرست جاری، کمزور ترین اضلاع میں سے 17 بلوچستان میں ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان پاپولیشن کونسل نے ملک کے پسماندہ ترین اضلاع کی فہرست جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق ملک کے 20 کمزور ترین اضلاع میں سے 17 بلوچستان میں ہیں، سب سے کمزور اضلاع میں واشک، خضدار، کوہلو، ژوب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

پاکستان اور چین میں انسدادِ دہشت گردی، سکیورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیر داخلہ محسن نقوی سے چین کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور چین نے انسدادِ دہشت گردی اور سکیورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ پیر کو وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

پنجاب میں دفعہ 144 میں مزید 7 روز کی توسیع، احتجاجی سرگرمیوں پر پابندی برقرار

صوبے بھر میں اسلحہ کی نمائش، اشتعال انگیز، نفرت آمیز اور فرقہ وارانہ مواد کی تقسیم و اشاعت پر بھی مکمل پابندی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبے بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں مزید 7 روز کی توسیع کر دی ہے۔ صوبائی محکمہ داخلہ نے ہفتہ 22

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں سالانہ بنیاد پر 17 فیصد اضافہ

اکتوبر 2025 میں آئی ٹی برآمدات کا حجم 38 کروڑ 60 لاکھ ڈالر ریکارڈ کیا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں سالانہ بنیاد پر 17 فیصد اضافہ ہوا، اکتوبر 2025 میں آئی ٹی برآمدات کا حجم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

لاہور ہائیکورٹ کے جج کی 27 ویں ترمیم کے خلاف درخواست پر سماعت سے معذرت

جسٹس چودھری محمد اقبال نے ذاتی وجوہات کی بنا پر سماعت سے معذرت کر کے فائل چیف جسٹس کو ارسال کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جج نے 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف دائر درخواست پر سماعت سے معذرت کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

میر ہزار خان زیر زمین پانی آلودہ ہیپاٹائٹس ہیضہ ٹائیفائیڈ کے مریضوں میں اضافہ

علاقے میں پینے کا پانی نہ صرف کھارا ہو چکا ہے بلکہ مختلف کیمیکلز کی آمیزش کی وجہ سے صحت کیلئے خطرناک بنتا جا رہا ہے

مظفر گڑھ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) میر ہزار خان ملحقہ مواضعات زیر زمین پانی آلودہ ہیپاٹائٹس ہیضہ ٹائیفائیڈ کے مریضوں میں اضافہ عوام کا فلٹریشن پلانٹ لگانے کا بھرپور مطالبہ۔۔۔ میر ہزار خان اور ملحقہ مواضعات میں زیر زمین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

قاری حفیظ اللہ خلجی کے بیٹے کی دعوت ولیمہ میں سیاسی سماجی شخصیات کی شرکت

معروف عالم مولانا قاری غلام مصطفیٰ عابد۔ طاہر حمید جنرل منیجر۔ مخدوم مظہر عباس ایڈمن منیجر و دیگر نے شرکت کی

بستی ملوک (این این آئی) بستی ملوک کی معروف کاروباری شخصیت معرفت حرمین ٹریولز ایجنسی کے ڈائریکٹر قاری حفیظ اللہ خلجی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

تھانہ کلورکوٹ پولیس کا قابلِ ستائش کارنامہ، اندھا قتل ٹریس، ملزمان گرفتار

جیو فینسنگ اور گواہی کے معاون ریکارڈ کی مدد سے تفتیش مکمل

بھکر (ظفر اعوان) ڈی پی او بھکر شہزاد رفیق اعوان کی ہدایت پر تھانہ کلورکوٹ پولیس نے پیشہ ورانہ مہارت، بروقت کارروائی اور جدید تفتیشی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اندھے قتل کے کیس کو نہ صرف ٹریس کیا بلکہ مرکزی ملزمان کو گرفتار کر کے آلہ قتل بھی برآمد کر لیا مقدمہ نمبر 562/25 مورخہ 2025.08.29 جرم 302 تھانہ کلورکوٹ اس وقت درج ہوا جب نہر سے نامعلوم نعش برآمد ہوئی۔ پولیس نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر شواہد محفوظ کیے اور مقدمہ پولیس مدعیت میں درج کیا۔ بعد ازاں ورثا کی تلاش کے بعد نعش کی شناخت عمل میں لائی گئی۔ ابتدائی شواہد، جیو فینسنگ، لوکیشن ٹریس اور گواہی کے معاون ریکارڈ کو سامنے رکھتے ہوئے پولیس نے شب و روز محنت کے بعد ملزمان کو ٹریس کیا۔ شناخت پریڈ مکمل ہونے پر درج ذیل ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی:

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر ارشد وٹو کا گلشنِ نزیر پارک کی بحالی اور اپ گریڈیشن کا جائزہ

ضلعی انتظامیہ کی طرف سے معیاری تفریحی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات

بھکر (ظفر اعوان) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر ارشد وٹو نے گلشنِ نزیر پارک کی بحالی اور اپ گریڈیشن کے جاری کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پارک کی مرمت، تزئین و آرائش، روشنی کے انتظامات اور شہری سہولیات کی بہتری کے تمام مراحل کو معیاری انداز اور مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو بہترین اور پرسکون تفریحی ماحول میسر آ سکے۔ اے ڈی سی جی ڈاکٹر ارشد وٹو نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ شہریوں کو صاف، سرسبز اور صحت بخش ماحول فراہم کرنے کے لیے عملی، جامع اور مسلسل اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو کم خرچ اور معیاری تفریحی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارکوں اور تفریحی مقامات کی بحالی شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرنے کے ساتھ شہریوں کو معیاری سہولیات کی فراہمی کا حصہ ہے اور اس سلسلہ میں تمام متعلقہ محکمہ جات ڈپٹی کمشنر محمد اشرف کی قیادت میں فعال کردار ادا کر رہے ہیں

ڈین پروفیسر ڈاکٹر محمد خالد منصور و دیگر فیکلٹی ممبران فیکلٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام ورلڈ اینٹی مائکروبیل ریزسٹنس آگاہی ہفتہ 2025 کے سلسلے میں منعقدہ پوسٹر اور انفوگرافک مقابلے میں طلبا و طالبات کے بنائے ہوئے پوسٹر کا جائزہ لے رہے ہیں

سردار جام اللہ یار ولانہ سے سردار اجمل خان میتلا کی ملاقات

دار جام اللہ یار ولانہ سے خوشگوار ملاقات، سیاسی امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی

سنجر پور (نامہ نگار) ولانہ سیکرٹریٹ سردار جام اللہ یار ولانہ سابق ایم پی اے ٹکٹ ہولڈر سے یوسی بیگ مہر سے سابق کونسلر سردار اجمل خان میتلا اور جام ظفر آرائیں، یوسی سنجر پور سے محمد اکرم بھٹی کی ولانہ سیکرٹریٹ آمد، سردار جام اللہ یار ولانہ سے خوشگوار

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ پنجاب نے ترقی پانے والے افسران کو رینک لگائے

ترقی اللہ کی عطا کردہ خوبصورت نعمت ہے اس کو عوام کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر ایک نئے عزم کے ساتھ اپنے فرائض ادا کریں

لودھراں + مظفر گڑھ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ پنجاب محمد کامران خان نے ساؤتھ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

ساہیوال پولیس کی کھلی کچہریاں، عوام کے مسائل حل کرنے کا عزم

ڈی پی او ساہیوال نے کھلی کچہریوں میں شہریوں کے مسائل سنے، فوری انصاف کی یقین دہانی کرائی

ساہیوال (بیورو رپورٹ) کھلی کچہریاں صرف ایک فعالیت نہیں بلکہ عوام سے جڑے رہنے اور ان کے دکھ درد کو سمجھنے کا ذریعہ ہیں۔ پولیس کا دروازہ ہر مظلوم کے لیے ہمیشہ کھلا ہے۔ ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

پریمیئر کالج آف ٹیکنالوجی میں ہونہار طالب علم فہد رفیق کے فرسٹ پوزیشن پنجاب میں لینے پر کالج میں تقریب ہوئی

فہد رفیق نے 2350 میں سے 2258 نمبر کیمیکل میں لے کر کالج اور شجاع آباد شہر کا سر فخر سے بلند کر دیا

شجاع آباد (نمائندہ خصوصی): پریمیئر کالج آف ٹیکنالوجی میں ہونہار طالب علم فہد رفیق کے فرسٹ پوزیشن پنجاب میں لینے پر کالج

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

شجاع آباد: پریمیئر کالج آف ٹیکنالوجی میں ہونہار طالب علم فہد رفیق فرسٹ پوزیشن پنجاب کے اعزاز میں تقریب میں پرنسپل ملک مشتاق محمد صفدر، دلشاد خان، رضوان، زوہیب، اسماعیل شکور، وسیم، شہباز نفیس، اور عبدالرشید میں شریک ہیں

پنجاب کالج بورے والا میں ہاتھ سے لکھے دنیا کے سب سے بڑے قرآنِ مجید معہ ترجمہ کی دو روزہ زیارت کا افتتاح

اسسٹنٹ کمشنر بورے والا کیپٹن (ر) ارشد اقبال نے کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں طلبہ، والدین، علاقہ معززین اور شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی

بورے والا (این این آئی) پنجاب کالج بورے والا میں ہاتھ سے لکھے دنیا کے سب سے بڑے قرآنِ مجید معہ ترجمہ کی دو روزہ زیارت کا افتتاح اسسٹنٹ کمشنر بورے والا کیپٹن (ر) ارشد اقبال نے کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں طلبہ،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

صارفین کے مسائل کا فوری حل اور معیاری سروس ڈیلیوری میپکو کی بنیادی ترجیح

مظفر گڑھ (نامہ نگار) چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر گل محمد زاہد نے کہا ہے کہ صارفین کے مسائل کا فوری حل اور معیاری سروس ڈیلیوری میپکو کی بنیادی ترجیح ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے صارف خدمات کو مزید موثر اور آسان بنایا جائے گا۔ کسٹمر فیسلیٹیشن سنٹر میں تمام شکایات فوری طور پر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

پولیس تھانہ عنائتی کے سب انسپکٹر اویس مقصود کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری

کارروائی کے دوران مشکوک سے شخص سے 1400 گرام چرس برآمد مقدمہ درج

بہاولپور (این این آئی) حاصل پور ایس ایچ او تھانہ عنائتی غلام مرتضیٰ وڑائچ کے حکم پر پولیس تھانہ عنائتی کے سب انسپکٹر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

تھانہ جتوئی کے علاقے ویلسینیشن ٹیم پر حملے کا واقعہ پر پولیس کی فوری کارروائی

واقعہ میں ملوث تینوں ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، ترجمان پولیس

مظفر گڑھ، (این این آئی) تھانہ جتوئی کے علاقے ویلسینیشن ٹیم پر حملے کا واقعہ پر پولیس کی

لودھراں سم کارڈ پر مبنی AMR اسمارٹ میٹرز کی تنصیب شروع

جدید میٹرز کے ذریعے میٹر ریڈنگ خودکار طور پر مرکزی سسٹم تک پہنچے گی، بجلی چوری کی نشاندہی بھی فوری طور پر ممکن ہو سکے گی

لودھراں (ڈویژنل بیورو چیف) سم کارڈ پر مبنی AMR اسمارٹ میٹرز کی تنصیب شروع، جدید میٹرز کے ذریعے میٹر ریڈنگ خودکار طور پر مرکزی سسٹم تک پہنچے گی، بجلی چوری کی نشاندہی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

صفہ سکول سسٹم میں قرآن مجید حفظ کرنے والے حفاظ کرام کی دستار بندی کی پروقار تقریب

قرآن کی تعلیم حاصل کر کے اسے لوگوں تک پہنچانا بھی بڑی نیکی ہے

رحیم یار خان (ڈپٹی بیورو چیف) صفہ سکول سسٹم میں قرآن مجید حفظ کرنے والے حفاظ کرام کی دستار بندی کی پروقار تقریب منعقد کی گئی تقریب سے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

رحیم یار خان! پرنسپل صفہ سکول سسٹم مولانا محمد ابوبکر لغاری تقریب سے خطاب کر رہے ہیں جبکہ دوسری طرف حفظ کرنے والے طلباء

تھانہ سٹی لودھراں پولیس 5 ماہ کے عرصے میں سراغ نا لگا سکی

کم جولائی کی درمیانی شب تحصیل لودھراں کے علاقے بستی رام رکھے والا موضع درگاہ پور تحصیل و ضلع لودھراں میں عمران بھٹی کے گھر چوری کی واردات ہوئی تھی

لودھراں (ڈسٹرکٹ رپورٹر + ڈویژنل بیورو چیف) تھانہ سٹی لودھراں پولیس 5 ماہ کے عرصے میں سراغ نا لگا سکی، تفصیل کے مطابق یکم جولائی کی درمیانی شب تحصیل لودھراں کے علاقے بستی رام رکھے والا موضع درگاہ پور تحصیل و ضلع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

چوک سرور شہید: ملک اسد رشید سوہیہ ایڈووکیٹ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے

اسسٹنٹ کمشنر جہانیاں کی ہدایت پر پیرا فورس پل 14 پر متحرک

جہانیاں (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر جہانیاں کی ہدایت پر پیرا فورس پل 14 پر متحرک، ناجائز تجاوزات مافیاء کے خلاف کارروائیاں، ہیوی مشینری کے ہمراہ ناجائز تجاوزات مسمار، تفصیل کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر جہانیاں فہد نور کی ہدایت پر پیرا فورس، ضلع کونسل خانیوال اور ستھرا پنجاب کی ٹیموں نے مشترکہ طور پر ٹھٹھہ صادق آباد کے نواحی اڈا پل 14 پر ملتان روڈ جہانیاں روڈ و ہاڑی روڈ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

ملک اسد رشید سوہیہ ایڈووکیٹ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے

زندگی کا نیا حسین و جمیل سفر شروع کرنے پر مبارکباد نیک خواہشات کا اظہار

چوک سرور شہید (خالد علی کرائم رپورٹر) ملک اسد رشید سوہیہ ایڈووکیٹ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے زندگی کا نیا حسین و جمیل سفر شروع کرنے پر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

کسی نے اغواء نہیں کیا اپنی مرضی سے گھر چھوڑا، نازیہ بی بی

شوہر نے نشہ کر کے تشدد کرنا معمول بنا لیا تھا، لوگوں کے خلاف جھوٹی درخواستیں دے کر انہیں حراساں کرتا ہے

لودھراں (این این آئی) کسی نے اغواء نہیں کیا اپنی مرضی سے گھر چھوڑا، شوہر نے نشہ کر کے تشدد

پنجاب کے تعلیمی اداروں کو بہتر بنانے کے احکامات ماہوا کی نذر

نواحی علاقہ نو گیارہ ڈبلیو بی گورنمنٹ بوائز ہائی سکول و پرائمری سیکشن میں بچوں سے جبری مشقت کروائی جانے لگی

وہاڑی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے پنجاب کے تعلیمی اداروں کو بہتر بنانے کے احکامات چیف ایجوکیشن آفیسر وہاڑی نے ہوا میں اڑا دیے نواحی علاقہ نو گیارہ ڈبلیو بی گورنمنٹ بوائز ہائی سکول و پرائمری سیکشن میں بچوں سے جبری مشقت کروائی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام دفتر کے ملازمین پر رشوت کا الزام

دفتر سے باہر رضوان نامی شخص کو تین ہزار روپے ادا کرو گی تو تمہارا سروے کر دیا جائے گا: خاتون کا الزام

پاکپتن (نامہ نگار) مستحق خواتین نے مبینہ طور پر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام دفتر کے ملازمین پر رشوت کا الزام عائد کر دیا گیا، سروے کروانے والی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

افغانستان اور دہشت گردی

دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر حسین اندرابی نے اگلے روز ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران واضح کیا ہے کہ پاکستان نے کبھی کابل میں کسی بھی حکومت سے بات چیت سے انکار نہیں کیا، تاہم پاکستان کسی بھی دہشت گرد گروہ چاہے وہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) ہو یا کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) سے مذاکرات نہیں کرے گا۔

ترجمان دفتر خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ افغان طالبان پاکستان مخالف تنظیموں کو معاونت فراہم کر رہے ہیں جب کہ طالبان نے پاکستان میں پشتون نیشنلزم کو ہوا دینے کی کوشش بھی کی۔ پاکستان میں پشتونوں کی تعداد افغانستان سے زیادہ ہے، لہٰذا پشتون شناخت کے نام پر پروپیگنڈا گمراہ کن ہے۔

ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد پاکستان میں دہشت گردی میں نمایاں اضافہ ہوا۔

ترجمان دفتر خارجہ نے افغان طالبان رہنماؤں کے بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا تجارت کیسے اور کس سے کرنی ہے، یہ ہر ملک کا انفرادی فیصلہ ہوتا ہے، افغانستان کے ساتھ تجارت یا ٹرانزٹ ٹریڈ تبھی ممکن ہے جب وہاں دہشت گردوں کی پناہ گاہوں کا مکمل خاتمہ ہوگا، تجارت انسانی جانوں کے ضیاع سے زیادہ اہم نہیں، وانا اور اسلام آباد حملوں میں ملوث افغان دہشت گردوں پر کابل حکومت کو جواب دینا ہوگا۔

افغانستان کے اقتدار پر قابض افغان طالبان جو کچھ کر رہے ہیں، وہ اب کسی سے ڈھکا چھپا نہیں رہا ہے۔ پاکستان میں جتنی بھی دہشت گردی کی وارداتیں ہوئی ہیں، ان میں کسی نہ کسی حوالے سے افغانستان اور افغان باشندے شامل رہے ہیں۔

پاکستان کے ساتھ مخاصمت کی تاریخ بھی بہت پرانی ہے۔ قیامِ پاکستان کے فوراً بعد ہی افغانستان نے پاکستان کے خلاف منفی پراپیگنڈہ اور جارحانہ اقدامات شروع کر دیے تھے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کو تسلیم نہ کرنے سے لے کر ڈیورنڈ لائن کو متنازعہ بنانے تک، افغانستان کا وطیرہ چلا آ رہا ہے۔

پاکستان کے صوبے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے وہ علاقے جو افغانستان کے ساتھ ساتھ ہیں، وہاں افغان حکومت نے منفی پراپیگنڈے کا آغاز قیامِ پاکستان کے فوراً بعد ہی شروع کر دیا تھا۔

کبھی پشتونستان اسٹنٹ اور کبھی سرحد کے آر پار بسنے والے پشتونوں کو ایک بنا کر پیش کرنے کا پراپیگنڈہ بھی کیا گیا لیکن وقت نے ثابت کیا کہ یہ پراپیگنڈے کسی بھی طرح پاکستان کی وحدت اور قومی یکجہتی کو توڑ نہیں سکے۔ سردار داؤد کے دور میں اس پراپیگنڈے میں بہت شدت آئی اور اس کے بعد بھی معاملات جوں کے توں ہی چلے آئے ہیں۔

افغانستان طویل خانہ جنگی کا شکار رہا ہے۔ اصولی طور پر تو افغانستان کی حکومتوں کو اپنے ملک کی عوام کی فلاح و بہبود اور تعمیر و ترقی کے بارے میں منصوبہ بندی کر کے اس پر عملدرآمد کرانا چاہیے۔

لیکن دیکھنے میں آیا ہے کہ کسی بھی افغان حکومت نے افغانستان کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لیے کام نہیں کیا بلکہ اپنی ناکامیوں اور کوتاہیوں اور کرپشن کو چھپانے کے لیے پاکستان کے خلاف پراپیگنڈہ کیا اور افغان عوام کو یہ بتانے کی کوشش کی کہ افغانستان کی غربت اور بدحالی کا ذمے دار پاکستان ہے۔

اسی دوران پاکستان سے ہٹ کر خصوصی طور پر پنجاب کو نشانہ بنانے کے امر کا آغاز ہوا۔ افغانستان اڑھائی لاکھ مربع کلومیٹر کا خاصا بڑا ملک ہے۔ اس ملک میں کئی نسلی گروہ اور ثقافتی گروہ آباد ہیں۔

ہر کی اپنی اپنی زبان اور رسم و رواج ہے۔ اس لیے افغانستان کسی ایک قبیلے، قوم یا برادری کا ملک نہیں ہے۔ اس میں چند بڑے لسانی اور ثقافتی گروہوں کے علاوہ بیسیوں چھوٹے چھوٹے قبیلے بھی صدیوں سے آباد چلے آ رہے ہیں۔

افغانستان میں سماجی ارتقاء کی رفتار بھی بہت سست رہی ہے۔ عالمی طاقتوں کی مداخلتوں نے اس ملک میں ترقی کا راستہ روکے رکھا ہے۔ بدقسمتی سے اس علاقے کے ہر گروپ کے اپنے اپنے مفادات رہے ہیں اور ہر گروپ اپنے اپنے مفادات کے لیے مختلف طاقتوں کے زیرِ نگیں رہا یا ان کے لیے آلہ کار کے طور پر کام کرتا رہا۔

بیسویں صدی کے وسط کے دوران افغانستان میں باقاعدہ حکومتوں کا سلسلہ چلا۔ اس دوران ایک دو شہروں میں خصوصاً کابل میں سماجی اور ثقافتی ارتقاء خاصا بلند رہا اور یہ شہر ایک خوشحال اور آزاد خیال طبقے کی نمائندگی کرتا رہا لیکن باقی افغانستان بدستور قبائلی نظام اور غربت کے شکنجے میں پھنسا رہا۔

کسی بھی حکومت نے کوئی ایسی منصوبہ بندی نہیں کی جس سے گراس روٹ لیول پر ترقی ممکن ہو سکے۔ اس لیے اس ملک میں کوئی حکومتی سسٹم ڈویلپ نہیں ہو سکا۔ جو تھوڑا بہت سسٹم موجود بھی تھا وہ افغان وار کے دوران ختم ہو گیا اور اس کے بعد رہا سہا انفراسٹرکچر باہمی خانہ جنگی کی نذر ہو گیا۔

اب طالبان دوبارہ اقتدار میں آ گئے ہیں۔ پاکستان میں بہت سے حلقوں کا خیال تھا کہ طالبان کا تعلق چونکہ زمین سے ہے اس لیے وہ افغانستان کے عوام کی ترقی کے لیے زیادہ بہتر کردار ادا کریں گے۔

پاکستان میں بعض حلقوں کا یہ بھی خیال تھا کہ طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد افغانستان میں بھارت کا اثر و رسوخ کم ہو گا اور پاکستان میں دہشت گردی کا خاتمہ ہو جائے گا لیکن یہ ساری توقعات وقت کے ساتھ ساتھ ختم ہوتی گئیں۔

طالبان جب بگرام میں داخل ہوئے تو انھوں نے جیلیں کھول دی تھیں۔ ان جیلوں میں بند قیدی فرار ہو گئے تھے۔ حامد کرزئی اور اشرف غنی کے دورِ حکومت میں جو دہشت گرد گرفتار کر کے جیلوں میں ڈالے گئے تھے، انھیں طالبان نے رہا کر دیا۔

اشرف غنی انتظامیہ ان گرفتار دہشت گردوں کو پاکستان کے ساتھ بلیک میلنگ کے لیے استعمال کرتی رہی۔ پاکستان کا مطالبہ رہا ہے کہ ایسے دہشت گرد جن کا تعلق پاکستان سے ہے، انھیں پاکستان کے حوالے کیا جائے لیکن اشرف غنی انتظامیہ بھی ڈبل گیم کر رہی تھی۔

اس نے انھیں بلیک میلنگ کے لیے جیلوں میں بند کیے رکھا لیکن جب امریکن فوجیں افغانستان سے نکلیں اور طالبان نے کابل کا اقتدار سنبھالا تو جیلوں میں بند ٹی ٹی پی کے تمام لوگوں کو رہا کر دیا گیا۔

اب یہی لوگ برسرِ عام پاکستان میں دہشت گردی کی وارداتیں کرا رہے ہیں۔ ٹی ٹی پی کے لوگ افغانستان میں آزادانہ نقل و حرکت کر رہے ہیں، وہاں آزادانہ طور پر کاروبار کر رہے ہیں اور مختلف تقریبات کی صدارتیں بھی کر رہے ہیں۔

ان حقائق کے باوجود افغان طالبان کہتے ہیں کہ ہماری سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہو گی۔ اب طالبان کی عبوری حکومت نے پاکستان کے ساتھ باہمی تجارت بند کرنے کا اعلان کیا ہے۔

طالبان حکومت کی یہ غلط کیلکولیشن ہے کہ وہ تجارت بند کر کے شاید پاکستان کو معاشی طور پر کوئی نقصان پہنچا لیں گے۔ افغانستان کے ساتھ تجارت میں پاکستان کی کل برآمدات کا حصہ بہت معمولی نوعیت کا ہے۔

اس لیے پاکستان کو تجارت بند ہونے سے کسی قسم کا کوئی مالی نقصان نہیں پہنچ سکتا۔ افغانستان میں استعمال ہونے والی زیادہ تر اشیاء پاکستان سے جاتی ہیں۔ پاکستان سے تجارت بند کرنے سے نقصان افغانستان کا ہی ہو گا۔

ویسے بھی افغانستان کی سرحد اسمگلنگ اور غیر قانونی تجارت کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ یہ بلیک منی پاکستان میں بہت سے مسائل پیدا کر رہی ہے۔ اصولی طور پر تو پاک افغان سرحد کو مکمل طور پر بند ہونا چاہیے۔

خاص طور پر پیدل اور روٹ ٹرانسپورٹ کے ذریعے پاکستان میں داخلے کی مکمل طور پر ممانعت ہونی چاہیے۔ تجارت بھی کرنی ہے تو وہ صرف قانونی تجارت ہونی چاہیے۔

پاکستان نے افغانستان کے ساتھ تجارت بند کرنے کا کبھی اعلان نہیں کیا اور نہ ہی کبھی یہ کہا ہے کہ پاکستان افغانستان کی حکومت کے ساتھ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مذاکرات نہیں کرے گا۔

افغانستان کی حکومت کو ایک ذمے دار حکومت کے طور پر کام کرنا چاہیے۔ موجودہ عبوری حکومت کے اکابرین کو اچھی طرح معلوم ہے کہ وہ افغانستان کی عوام کے نمائندہ نہیں ہیں۔

موجودہ عبوری حکومت ووٹ کے ذریعے اقتدار میں نہیں آئی ہے۔ افغانستان کی حکومت کو سب سے پہلے سسٹم کو ڈویلپ کرنے پر توجہ دینی چاہیے۔

رہ گئی کدھر کو صبح

جاوید قاضی

ستائیسویں ترمیم؟ ایسی کیا وجوہات تھیں کہ اتنی عجلت میں ستائیسویں ترمیم پیش کی گئی اور پاس بھی کر دی گئی؟ بلاول بھٹو نے ایک ٹویٹ کیا، وزیرِاعظم شہباز شریف ان کے دروازے تک جا پہنچے، بہت سی ترامیم کی بات کی گئی مگر بقول بلاول بھٹو کہ انھوں نے بہت کم ترامیم پر اپنی رضامندی دی اور چونکہ آئینی عدالت کا وعدہ بے نظیر بھٹو نے بھی کیا تھا، سو اس وعدے کو پورا کیا گیا۔

کیا یہ ممکنات میں سے ہے کہ سینتالیس صفحوں پر مبنی، ستائیسویں ترمیم دونوں جماعتوں کے مابین صرف چند ملاقاتوں میں طے پا گئی۔

سیلاب آنے کے بعد مریم نواز نے جس طرح سے سندھ حکومت کے لیے بیانیہ بنایا، اس سے ایسا لگ رہا تھا کہ دونوں جماعتوں کے درمیان حکومتی اتحاد شاید چند دنوں تک ہی قائم رہے گا اور پھر وجوہات کیا ہیں کہ ان تمام ترتلخیوں اور نااتفاقی کے باوجود یہ اتحاد قائم ہے اور اسی راز کی پردہ داری ہے۔

بانی پی ٹی آئی کی مخالفت نے اس اتحاد کو جوڑا ہوا ہے۔ بانی پی ٹی آئی آج کل انقلابی سیاست کر رہے ہیں۔ پہلی مرتبہ ایک سابق وزیرِاعظم اس حد تک جا چکے ہیں اور پسِ آئینہ ایک اور حقیقت بھی ہے نومئی واقعات کا ٹرائل ڈیڑھ سال سے چل رہا ہے اور اس فیصلے کا اعلان بھی جلد ہی متوقع ہے۔

چھبیسویں آئینی ترمیم کی آئینی پٹیشن، آئینی بینچ کے فل کورٹ میں سنی جا رہی ہے اور اس پٹیشن کو وہ لوگ سن رہے ہیں جو خود چھبیسویں ترمیم سے مستفیض ہوئے ہیں۔

چھبیسویں آئینی ترمیم کا کیس یہ ہے کہ یہ ترمیم آئین کی روح کے منافی ہے، اس سے عدلیہ کی آزادی ختم ہوتی ہے اور یہ بھی کہ یہ ترمیم آئینی ڈھانچے کے خلاف ہے۔

غور طلب بات یہ ہے کہ چھبیسویں ترمیم بھی عدلیہ سے متعلق تھی اور ستائیسویں ترمیم کا آدھا حصہ بھی عدلیہ کے ہی متعلق ہے۔

اس ترمیم کا مزید آدھا حصہ آرٹیکل 243 کے متعلق ہے۔ مجھے ابھی ان تمام ترامیم کا بغور مطالعہ کرنا ہے اور اس کے بعد کوئی حتمی رائے دی جا سکتی ہے۔

آئین کے آرٹیکل 175 میں ترمیم کر کے آئینی عدالت بنائی گئی ہے۔ اس ترمیم نے ایک سال کے اندر ہی چھبیسویں ترمیم کے بہت سے حصوں کو ختم کر دیا ہے۔

اب بظاہر چارٹر آف ڈیموکریسی کے وعدے کو پورا کرتے ہوئے امریکا کے نظام کی طرح آئینی بینچ کو سپریم کورٹ سے الگ کر کے، آئینی عدالت بنا دی گئی ہے۔ تو کیا یہ عدالتیں، صوبائی سطح پر ہائی کورٹ سے ایک الگ حیثیت اختیار کریں گی؟

ابھی یہ بھی دیکھا جائے گا۔ وفاقی آئینی عدالت میں تمام جج صاحبان، جوڈیشل کونسل کی سفارشات پر آئیں گے جہاں اس وقت حکومتی اتحاد کا کوئی مسئلہ نہیں۔

اٹھارہویں ترمیم کے بعد اس وقت کے چیف جسٹس نے سوموٹو کے زور پر اور وکلاء تحریک کے زور پر، حکومت کو مجبور کیا کہ وہ اٹھارہویں ترمیم کو وہ چلنے نہیں دیں گے، اگر انیسویں ترمیم کر کے عدلیہ کے ججوں کے تقرر میں پارلیمنٹ رول کو ختم نہیں کیا گیا۔

بلآخر انیسویں ترمیم لائی گئی اور اس ترمیم کے توسط سے چیف جسٹس صاحبان عدلیہ کی آزادی کے نام پر اپنی مرضی کے ججز لے کر آئے جیسا کہ جسٹس ثاقب نثار، جسٹس بندیال اور بہت سے ججز جن کے فیصلے ہم سب کے سامنے ہیں، جنھوں نے اپنے فیصلے لکھتے ہوئے خود آئین کو تحریر کیا۔ پھر ان جج صاحبان کے خلاف انقلاب تو لازمی آنا تھا۔

جنرل مشرف نے اپنے دورِ حکومت میں جن ججز کو ہٹانے کی کوشش لیکن وکلاء تحریک نے اس تبدیلی کو ناکام بنایا۔ 2007 جنرل مشرف کے دور میں جن جج صاحبان کی تقرریاں ہوئیں، ان کو معزول چیف جسٹس نے بحالی کے بعد قلم کی جنبش نے چلتا کیا۔

چھبیسویں ترمیم کا کیس، جس کی سماعت اس وقت آئینی بینچ میں ہو رہی ہے وہ ادھوری رہ گئی۔ تحریک انصاف اور ان کی جماعت کے وکلاء اچھا کام کر رہے تھے اور اس حوالے سے ایک مجموعی رائے پیدا ہو رہی تھی۔

کورٹ کی تمام پروسیڈنگ براہِ راست نشر کی جا رہی تھی، مگر یہی کام پی ٹی آئی، پارلیمنٹ میں نہیں کر پائی کہ اس پر ایک بحث ہوتی کہ یہ ترمیم آئین کی روح کے منافی ہے۔

اس جماعت کا رویہ پارلیمنٹ کے اندر اور باہر انارکی طرز کا ہے اور آج جو ہم دیکھ رہے ہیں، وہ اسی طرزِ عمل کا نتیجہ ہے۔ حزبِ اختلاف کی نشستوں پر اگر وہ جمہوری انداز میں بیٹھتے جس طرح سے بے نظیر بھٹو کو مجبور کر کے ستائیس سیٹوں کے ساتھ بٹھایا گیا تھا، مگر وہ یہ اپوزیشن نہ کر سکی۔

انھوں نے جو طرزِ عمل اپنایا اس نے نہ صرف جمہوریت بلکہ آئین کو بھی سنگین نقصان پہنچایا۔ جس طرح وکلاء تحریک کے بعد لاہور

کیا طالبان افغانستان کو مزید برباد کرنا چاہتے ہیں؟



عثمان دموہی

بنگلہ دیش کے بھارت کے ہاتھ سے نکل جانے کے بعد مودی حکومت سخت تذبذب کا شکار تھی کہ اس کی یہ ناکامی اس کی انتخابی مہم جوئی پر اثر انداز ہو کر اس کی عوامی حمایت کو کم نہ کر دے۔ ایسے میں مودی نے طالبان کا انتخاب کیا کہ وہ بی جے پی کی ڈوبتی ہوئی ساکھ کو بچا سکتے ہیں۔

کہاں تو مودی ہی کیا تمام ہی بی جے پی کے رہنما طالبان کو قاتل، جاہل اور دہشت گرد قرار دیتے تھے اور کہاں انھوں نے انھیں اپنے گلے لگا لیا، کیونکہ وہ دیکھ رہے تھے طالبان کے تعلقات پاکستان کے ساتھ روز بروز خراب سے خراب تر ہوتے جا رہے ہیں، چنانچہ بھارتی سیکریٹری خارجہ کو کابل بھیجا گیا جس نے طالبان کو کوئی بڑی لالچ دینے کے ساتھ ساتھ ان کے حوصلوں کو بڑھایا، ساتھ ہی طالبان وزیرِ خارجہ کو دہلی کا دورہ کرنے کی دعوت دے دی۔

مغلیہ دور میں یہ ہندوستان کا حصہ رہا۔ بابر اور اس کے خاندان کی کئی قبریں کابل میں ہی ہیں۔ انگریز افغانستان پر قبضہ کرنے کے بعد اس پہاڑی اور غیر ترقی یافتہ علاقے سے خود دست بردار ہو گئے تھے البتہ 1893 میں اس وقت کے افغان منتظم امیر عبدالرحمن سے ایک سرحدی معاہدہ طے کیا جس کے تحت ڈیورنڈ لائن کو افغانستان اور ہندوستان کے درمیان باقاعدہ سرحد تسلیم کیا گیا۔

اس معاہدے پر انگریزوں کی جانب سے سیکریٹری خارجہ سر ہنری ڈیورنڈ نے دستخط کیے تھے چنانچہ انھی کے نام سے یہ سرحد مشہور ہو گئی۔ اس کے بعد افغانستان میں کئی حکومتیں بدلیں مگر کسی بھی حکمران نے اس حد بندی کو نہیں چھیڑا۔

جب تقسیم ہند کا مطالبہ زور پکڑا اور پاکستان کے قیام کی راہ ہموار ہو گئی تو انگریز رہنماؤں نے افغانستان کے اس وقت کے امیر امان اللہ خان کو ورغلا کر ڈیورنڈ لائن کا مسئلہ کھڑا کر دیا، ساتھ ہی پختونستان کا شوشہ بھی چھوڑ دیا جسے سرحدی گاندھی کے ذمے کر دیا گیا۔

14 اگست 1947 کو پاکستان وجود میں آ گیا مگر افغان حکومت نے پاک افغان سرحد کو متنازعہ بنانے کے لیے پراپیگنڈا شروع کر دیا۔ حالانکہ 1948 میں افغانستان نے پاکستان سے سفارتی تعلقات قائم کر لیے جس کا مطلب تھا کہ انھوں نے پاکستان کے ساتھ ساتھ ڈیورنڈ لائن کو بین الاقوامی سرحد بھی تسلیم کر لیا ہے۔

مگر وہ بدستور ڈیورنڈ لائن کو متنازعہ بنانے کے لیے پراپیگنڈا کرتے رہے جس پر 1952 میں دولت مشترکہ کے وزیر مسٹر بیکر نے وضاحت کی کہ ڈیورنڈ لائن ایک مستقل سرحد ہے جو عالمی قوانین کے مطابق ہے اور یہ بھی وضاحت کی گئی کہ نئے ملک کے وجود میں آنے کے بعد تمام سابقہ معاہدے اور ذمے داریاں اسے منتقل ہو جاتی ہیں، اس طرح ڈیورنڈ لائن کو متنازعہ نہ بنایا جائے۔

1976 میں اس وقت کے افغان حکمران سردار داؤد پاکستان کے دورے پر آئے تو انھوں نے ڈیورنڈ لائن کو مستقل سرحد تسلیم کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔ سردار داؤد کی اس پیشکش سے ہی ڈیورنڈ لائن کی حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ اس میں کتنی جان ہے۔

بس یہ ایک شوشہ ہے جو پاکستان کو دباؤ میں لانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے مگر طالبان ہی کیا، افغانستان کے تمام رہنما یہ سمجھ لیں کہ اگر وہ اپنے ملک کو یوں ہی کسی کے حق میں اور کسی کے خلاف استعمال کرتے رہے تو یہ ہمیشہ ہی ایک غیر ترقی یافتہ اور دہشت گرد ملک بنا رہے گا، نیز عالمی طاقتیں اور بھارت جیسا مسلم دشمن ملک اسے اپنے مفاد میں بربادی سے دوچار کرتا رہے گا۔

بنگلہ دیش کے بھارت کے ہاتھ سے نکل جانے کے بعد مودی حکومت سخت تذبذب کا شکار تھی کہ اس کی یہ ناکامی اس کی انتخابی مہم جوئی پر اثر انداز ہو کر اس کی عوامی حمایت کو کم نہ کر دے۔ ایسے میں مودی نے طالبان کا انتخاب کیا کہ وہ بی جے پی کی ڈوبتی ہوئی ساکھ کو بچا سکتے ہیں۔

کہاں تو مودی ہی کیا تمام ہی بی جے پی کے رہنما طالبان کو قاتل، جاہل اور دہشت گرد قرار دیتے تھے اور کہاں انھوں نے انھیں اپنے گلے لگا لیا، کیونکہ وہ دیکھ رہے تھے طالبان کے تعلقات پاکستان کے ساتھ روز بروز خراب سے خراب تر ہوتے جا رہے ہیں، چنانچہ بھارتی سیکریٹری خارجہ کو کابل بھیجا گیا جس نے طالبان کو کوئی بڑی لالچ دینے کے ساتھ ساتھ ان کے حوصلوں کو بڑھایا، ساتھ ہی طالبان وزیرِ خارجہ کو دہلی کا دورہ کرنے کی دعوت دے دی۔

طالبان تو چاہتے ہی یہی تھے کہ پاکستان کے خلاف کوئی ان کی مدد کرے۔ حالانکہ پاکستان ان سے کوئی لڑائی جھگڑا نہیں کر رہا تھا اور ان کی تجارت کا راستہ بھی بند کرنا نہیں چاہتا، صرف کالعدم ٹی ٹی پی کے دہشت گردوں کو پاکستان پر حملے کرنے سے روکنا چاہتا ہے، مگر طالبان کو یہ بات بہت ناگوار گزری، شاید اس لیے کہ کالعدم ٹی ٹی پی نے طالبان کی اوپر سے لے کر نچلی سطح تک کی تنظیموں میں اپنی جڑیں مضبوط کر لی ہیں۔

اس کے دہشت گرد افغان حکومت میں بھی موجود ہیں، چنانچہ طالبان ان کی مخالفت کیسے کر سکتے ہیں۔ پاکستانی حکومت طالبان سے پہلے بھی کئی دفعہ کالعدم ٹی ٹی پی کے خلاف ایکشن لینے کے لیے کہہ چکی ہے مگر وہاں سے جو جواب آیا وہ بہت ہی حیرت انگیز تھا کہ ٹی ٹی پی نے انھیں کابل میں اقتدار تک پہنچانے میں مدد کی ہے چنانچہ وہ اس کے خلاف کیسے کوئی کارروائی کر سکتے ہیں۔

اس سے تو ظاہر ہوا کہ پاکستان نے مغربی ممالک اور خصوصاً امریکا کو افغانستان سے نکالنے کے لیے جو کوششیں کی، وہ سب بے کار تھیں۔ اب تو انھیں پاکستان کے بجائے ٹی ٹی پی کی قربانیاں اور ہمدردیاں یاد ہیں۔ انھیں معلوم ہونا چاہیے کہ پاکستان نے انھیں امریکی چنگل سے نجات دلانے کے لیے امریکا سے بھی مخاصمت مول لی تھی۔

امریکی وزراء برابر پاکستان کے خلاف بیان دیتے رہے حتیٰ کہ خود صدر ٹرمپ نے پاکستان کو طالبان کا ساتھ دینے پر دھمکیاں دیں اور پھر پاکستان کی امداد بھی بند کر دی۔ امریکی حکومت کی پوری کوشش تھی کہ کسی طرح پاکستان کو طالبان کی حمایت سے روکا جائے مگر پاکستان نے امریکا جیسے اہم اور اپنے اسٹریٹجک پارٹنر تک کی پرواہ نہیں کی۔

دوسری طرف بھارت مسلسل طالبان کے خلاف کرزئی اور اشرف غنی حکومتوں کی مدد کرتا رہا۔ بھارت ان دونوں حکومتوں کی مدد سے پاکستان میں دہشت گردانہ حملے کراتا رہا۔ اسی زمانے میں ڈیورنڈ لائن کے مسئلے کو پھر زندہ کر دیا گیا۔ پاکستان نے ڈیورنڈ لائن کو ہمیشہ پاک افغان بارڈر کے طور پر تسلیم کیا ہے۔

یہ افغانستان کی بدقسمتی ہے کہ وہاں کبھی کوئی پائیدار حکومت قائم نہیں رہی ہے۔ یہاں قائم ہونے والی تمام حکومتیں کسی نہ کسی بیرونی طاقت کی طفیلی رہی ہیں۔ یہ ماضی میں تیمور لنگ، چنگیز خان، سکندر اعظم وغیرہ کی سلطنتوں کا حصہ رہا ہے۔

اس پر ایرانی بادشاہوں نے بھی قبضہ کیا۔ روس کے زیرِ تسلط بھی رہا۔ انگریزوں کے ہندوستان پر قبضے سے قبل بھی روسی حکومت افغانستان پر قبضہ کرنے کی خواہاں تھی جسے انگریزوں نے ناکام بنا دیا تھا کیونکہ انھیں ڈر تھا کہ روس افغانستان کے بعد برصغیر کو بھی اپنا ہدف بنا کر ان کا کھیل خراب کر سکتا ہے۔

مغلیہ دور میں یہ ہندوستان کا حصہ رہا۔ بابر اور اس کے خاندان کی کئی قبریں کابل میں ہی ہیں۔ انگریز افغانستان پر قبضہ کرنے کے بعد اس پہاڑی اور غیر ترقی یافتہ علاقے سے خود دست بردار ہو گئے تھے البتہ 1893 میں اس وقت کے افغان منتظم امیر عبدالرحمن سے ایک سرحدی معاہدہ طے کیا جس کے تحت ڈیورنڈ لائن کو افغانستان اور ہندوستان کے درمیان باقاعدہ سرحد تسلیم کیا گیا۔

اس معاہدے پر انگریزوں کی جانب سے سیکریٹری خارجہ سر ہنری ڈیورنڈ نے دستخط کیے تھے چنانچہ انھی کے نام سے یہ سرحد مشہور ہو گئی۔ اس کے بعد افغانستان میں کئی حکومتیں بدلیں مگر کسی بھی حکمران نے اس حد بندی کو نہیں چھیڑا۔

جب تقسیم ہند کا مطالبہ زور پکڑا اور پاکستان کے قیام کی راہ ہموار ہو گئی تو انگریز رہنماؤں نے افغانستان کے اس وقت کے امیر امان اللہ خان کو ورغلا کر ڈیورنڈ لائن کا مسئلہ کھڑا کر دیا، ساتھ ہی پختونستان کا شوشہ بھی چھوڑ دیا جسے سرحدی گاندھی کے ذمے کر دیا گیا۔

14 اگست 1947 کو پاکستان وجود میں آ گیا مگر افغان حکومت نے پاک افغان سرحد کو متنازعہ بنانے کے لیے پراپیگنڈا شروع کر دیا۔ حالانکہ 1948 میں افغانستان نے پاکستان سے سفارتی تعلقات قائم کر لیے جس کا مطلب تھا کہ انھوں نے پاکستان کے ساتھ ساتھ ڈیورنڈ لائن کو بین الاقوامی سرحد بھی تسلیم کر لیا ہے۔

مگر وہ بدستور ڈیورنڈ لائن کو متنازعہ بنانے کے لیے پراپیگنڈا کرتے رہے جس پر 1952 میں دولت مشترکہ کے وزیر مسٹر بیکر نے وضاحت کی کہ ڈیورنڈ لائن ایک مستقل سرحد ہے جو عالمی قوانین کے مطابق ہے اور یہ بھی وضاحت کی گئی کہ نئے ملک کے وجود میں آنے کے بعد تمام سابقہ معاہدے اور ذمے داریاں اسے منتقل ہو جاتی ہیں، اس طرح ڈیورنڈ لائن کو متنازعہ نہ بنایا جائے۔

1976 میں اس وقت کے افغان حکمران سردار داؤد پاکستان کے دورے پر آئے تو انھوں نے ڈیورنڈ لائن کو مستقل سرحد تسلیم کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔ سردار داؤد کی اس پیشکش سے ہی ڈیورنڈ لائن کی حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ اس میں کتنی جان ہے۔

بس یہ ایک شوشہ ہے جو پاکستان کو دباؤ میں لانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے مگر طالبان ہی کیا، افغانستان کے تمام رہنما یہ سمجھ لیں کہ اگر وہ اپنے ملک کو یوں ہی کسی کے حق میں اور کسی کے خلاف استعمال کرتے رہے تو یہ ہمیشہ ہی ایک غیر ترقی یافتہ اور دہشت گرد ملک بنا رہے گا، نیز عالمی طاقتیں اور بھارت جیسا مسلم دشمن ملک اسے اپنے مفاد میں بربادی سے دوچار کرتا رہے گا۔

بنگلہ دیش کے بھارت کے ہاتھ سے نکل جانے کے بعد مودی حکومت سخت تذبذب کا شکار تھی کہ اس کی یہ ناکامی اس کی انتخابی مہم جوئی پر اثر انداز ہو کر اس کی عوامی حمایت کو کم نہ کر دے۔ ایسے میں مودی نے طالبان کا انتخاب کیا کہ وہ بی جے پی کی ڈوبتی ہوئی ساکھ کو بچا سکتے ہیں۔

کہاں تو مودی ہی کیا تمام ہی بی جے پی کے رہنما طالبان کو قاتل، جاہل اور دہشت گرد قرار دیتے تھے اور کہاں انھوں نے انھیں اپنے گلے لگا لیا، کیونکہ وہ دیکھ رہے تھے طالبان کے تعلقات پاکستان کے ساتھ روز بروز خراب سے خراب تر ہوتے جا رہے ہیں، چنانچہ بھارتی سیکریٹری خارجہ کو کابل بھیجا گیا جس نے طالبان کو کوئی بڑی لالچ دینے کے ساتھ ساتھ ان کے حوصلوں کو بڑھایا، ساتھ ہی طالبان وزیرِ خارجہ کو دہلی کا دورہ کرنے کی دعوت دے دی۔

طالبان تو چاہتے ہی یہی تھے کہ پاکستان کے خلاف کوئی ان کی مدد کرے۔ حالانکہ پاکستان ان سے کوئی لڑائی جھگڑا نہیں کر رہا تھا اور ان کی تجارت کا راستہ بھی بند کرنا نہیں چاہتا، صرف کالعدم ٹی ٹی پی کے دہشت گردوں کو پاکستان پر حملے کرنے سے روکنا چاہتا ہے، مگر طالبان کو یہ بات بہت ناگوار گزری، شاید اس لیے کہ کالعدم ٹی ٹی پی نے طالبان کی اوپر سے لے کر نچلی سطح تک کی تنظیموں میں اپنی جڑیں مضبوط کر لی ہیں۔

اس کے دہشت گرد افغان حکومت میں بھی موجود ہیں، چنانچہ طالبان ان کی مخالفت کیسے کر سکتے ہیں۔ پاکستانی حکومت طالبان سے پہلے بھی کئی دفعہ کالعدم ٹی ٹی پی کے خلاف ایکشن لینے کے لیے کہہ چکی ہے مگر وہاں سے جو جواب آیا وہ بہت ہی حیرت انگیز تھا کہ ٹی ٹی پی نے انھیں کابل میں اقتدار تک پہنچانے میں مدد کی ہے چنانچہ وہ اس کے خلاف کیسے کوئی کارروائی کر سکتے ہیں۔

اس سے تو ظاہر ہوا کہ پاکستان نے مغربی ممالک اور خصوصاً امریکا کو افغانستان سے نکالنے کے لیے جو کوششیں کی، وہ سب بے کار تھیں۔ اب تو انھیں پاکستان کے بجائے ٹی ٹی پی کی قربانیاں اور ہمدردیاں یاد ہیں۔ انھیں معلوم ہونا چاہیے کہ پاکستان نے انھیں امریکی چنگل سے نجات دلانے کے لیے امریکا سے بھی مخاصمت مول لی تھی۔

امریکی وزراء برابر پاکستان کے خلاف بیان دیتے رہے حتیٰ کہ خود صدر ٹرمپ نے پاکستان کو طالبان کا ساتھ دینے پر دھمکیاں دیں اور پھر پاکستان کی امداد بھی بند کر دی۔ امریکی حکومت کی پوری کوشش تھی کہ کسی طرح پاکستان کو طالبان کی حمایت سے روکا جائے مگر پاکستان نے امریکا جیسے اہم اور اپنے اسٹریٹجک پارٹنر تک کی پرواہ نہیں کی۔

دوسری طرف بھارت مسلسل طالبان کے خلاف کرزئی اور اشرف غنی حکومتوں کی مدد کرتا رہا۔

دنیا کو انسانوں کی ضرورت ہے، سپر پاورز کی نہیں

زاہدہ حنا

یہ کیسا زمانہ ہے کہ جہاں زمین پر بسنے والا ہر انسان خوف کے سائے میں جیتا ہے۔ کوئی فلسطین میں اپنے بچوں کے جسم کے ٹکڑے ڈھونڈ رہا ہے، کوئی یوکرین میں ملبے کے نیچے دفن اپنے خواب تلاش کر رہا ہے اور کوئی سوڈان میں بھوک اور جنگ کے درمیان اپنی آخری سانسوں سے امید کا چراغ روشن رکھنے کی کوشش کر رہا ہے۔

دنیا کے ایک کونے میں جنگ کے طبل بج رہے ہیں، تو دوسرے کونے میں سفارت کاری کے نام پر سرد تجارتی سودے ہو رہے ہیں۔ کہیں امن کے نعرے ہیں، مگر ان کے پیچھے بارود کی مہک چھپی ہے۔

انسانیت کے علمبردار خود کو مہذب کہنے والے ملک وہ عالمی ادارے جو کبھی امن اور انصاف کے ضامن کہلاتے تھے، آج خاموش ہیں بلکہ خاموش نہیں شاطر ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ کہاں خاموشی اختیار کرنی ہے اور کہاں شور مچانا ہے۔

فلسطین میں مرنے والا بچہ اگر کسی سپر پاور کا دوست ہوتا تو شاید دنیا کی آنکھیں اشک بار ہوتیں مگر چونکہ وہ ایک غیر اہم قوم کا بچہ ہے، اس کے خون کا حساب کوئی نہیں مانگتا۔ یہی حال یوکرین کا ہے جہاں اسلحے کے تاجر امن کے پیامبر بنے بیٹھے ہیں۔

وہ ایک ہاتھ سے جنگ بھڑکاتے ہیں اور دوسرے ہاتھ سے امن کی قرارداد پیش کرتے ہیں۔ ان کے لیے جنگ ایک انسانی المیہ نہیں بلکہ ایک منافع بخش کاروبار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ زمین پر امن ک

اسلام آباد خودکش دھماکا، ملک بھر کی بار ایسوسی ایشنز کی ہڑتال، کیسز بغیر سماعت کے ملتوی

وفاقی دارالحکومت کے ریڈ زون میں حفاظتی انتظامات سخت، عدالتوں کے باہر سکیورٹی ہائی الرٹ رہی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کے ضلع کچہری میں گزشتہ روز ہونے والے خودکش دھماکے کے بعد بدھ کو ملک بھر میں بار ایسوسی ایشنز کی جانب سے عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ اور ہڑتال کی گئی، اسلام آباد میں ڈسٹرکٹ جوڈیشل کمپلیکس مکمل طور پر بند رہا۔ بار کی جانب سے وکلا، سائلین اور کلرکس کو کچہری نہ آنے کی ہدایت کی گئی ۔ ڈسٹرکٹ بار کے عہدیداروں کی جانب سے وکلا کو گھروں میں رہنے کی ہدایات کی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ ڈسٹرکٹ بار کی جانب سے گزشتہ روز ہونے والے خودکش حملے کے تناظر میں 3 روزہ سوگ اور ایک روزہ ہڑتال کا اعلان کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ اسلام آباد بار کونسل نے بھی افسوسناک واقعے پر 3 روزہ ہڑتال کا اعلان کر رکھا ہے۔ دوسری جانب ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی کی اپیل پر ضلع کچہری میں ہڑتال کی گئی، جہاں وکلا نے بطور احتجاج و سوگ عدالتوں کا بائیکاٹ کیا۔ بار کے عہدیداروں نے بتایا کہ صرف ایمرجنسی کیسز میں پیش ہونے کا فیصلہ کیا گیا، بصورت دیگر مکمل ہڑتال رہی۔

لاہور: لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر اسد منظور بٹ جنرل ہاؤس اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

دعوت الی اللہ تمام انبیا کا مشن، دین کو پوری دنیا میں پھیلانے کا عظیم ذریعہ ہے' مولانا عبدالخبیر آزاد

پاکستان عالم اسلام کا قلعہ ہے، اسکو اتحاد و وحدت اور قومی یکجہتی کی اشد ضرورت ہے

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان/خطیب و امام بادشاہی مسجد لاہور سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے کہا ہے کہ دین اسلام امن، اخوت، بھائی چارہ، احترام انسانیت، مذہبی ہم آہنگی، رواداری اور قومی یکجہتی کا درس دیتا ہے، قرآن مجید فرقان حمید پوری انسانیت کیلئے مکمل دستور حیات ہے، قرآن پاک پر ہم عمل کر کے دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں، اللہ تعالی نے تمام انبیا کو اس لیے مبعوث فرمایا کہ مخلوق خدا کا تعلق اپنے خالق حقیقی کے ساتھ جوڑیں، دعوت الی اللہ تمام انبیا کا مشن ہے اور دین اسلام کو پوری دنیا میں پھیلانے کا عظیم ذریعہ ہے، آج لاکھوں فرزندان توحید دعوت الی اللہ کے کام کو سیکھنے اور اللہ تعالی کو راضی کرنے کیلئے رائے ونڈ اجتماع میں جمع ہو چکے ہیں، دعوت الی اللہ کا مقصد مخلوق کو اپنے رب کے ساتھ جوڑنا ہے، اللہ تعالی نے پوری مخلوق کو اپنی عبادت کیلئے پیدا فرمایا ہے۔ انہوں نے بادشاہی مسجد لاہور میں جمعۃ المبارک کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اسلام اور کلمہ طیبہ کی بنیاد پر حاصل کیا گیا، پاکستان عالم اسلام کا قلعہ ہے

پشاور: وزیر اعلیٰ محمد سہیل آفریدی شاہراہوں کی بحالی و بیوٹیفکیشن کے منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

سندھ حکومت کے تمام ادارے وزیر اعلیٰ کی ہدایت کے مطابق مکمل ہم آہنگی سے کام کر رہے ہیں، سینئر وزیر سندھ

کراچی میں جاری ترقیاتی منصوبے شہری سہولت اور مستقبل کی پائیدار ترقی کے لیے سنگِ میل ثابت ہوں گے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ کراچی میں جاری ترقیاتی منصوبے شہری سہولت اور مستقبل کی پائیدار ترقی کے لیے سنگِ میل ثابت ہوں گے۔ کے۔ فور منصوبہ کراچی کے عوام سے کیا گیا وہ وعدہ ہے جس کے تحت شہر کو صاف اور وافر پانی فراہم کیا جا رہا ہے۔ ایک بیان میں سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ حکومت کے تمام ادارے وزیر اعلیٰ کی ہدایت کے مطابق مکمل ہم آہنگی سے کام کر رہے ہیں۔ عزیز بھٹی پارک سے اردو یونیورسٹی تک پانی کی پائپ لائن بچھانے کا مقصد شہریوں کو طویل مدتی سہولت فراہم کرنا ہے۔ وقتی طور پر ٹریفک کی مشکلات ضرور پیش آ رہی ہیں مگر یہ مشکلات ایک مستقل حل کی طرف پیش رفت ہیں، عوام سے اپیل ہے کہ وہ تعاون کریں، کیونکہ یہ منصوبے ان ہی کے بہتر مستقبل کے لیے مکمل کیے جا رہے ہیں۔

لاہور میں اسموگ کے خاتمے کیلئے کرول جنگل میں دس ہزار پودوں کی شجرکاری

عوام سموگ اور فضائی آلودگی کے خاتمے کے لیے گھروں اور علاقوں میں خود شجرکاری کرنے لگے ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور میں اسموگ کے خاتمے کیلئے محکمہ فارسٹ نے کمیونٹی پارٹنرشپ کے ساتھ کرول جنگل میں دس ہزار پودے لگا دیئے۔ تفصیلات کے مطابق یہ پودے محکمہ جنگلات کی 14 ایکڑ پر محیط برسوں سے بنجر پڑی خالی زمین پر عوامی شمولیت سے لگائے گئے ہیں۔ کرول جنگل میں محکمہ فارسٹ کی اسپیشل ٹیموں نے شجرکاری کی۔ لاہور کے اے کیو آئی میں مستقل بنیادوں پر بہتری کے لیے پاکپتن کے ایک ماحول دوست شہری نے لاہور میں 10 ہزار پودوں کا تحفہ دیا جو کرول جنگل میں فارسٹ کے محکمے نے لگائے۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے اس شہری کو "گرین ایمبسڈر" کا لقب دیا۔ شہری کا یہ عمل نہ صرف ماحولیاتی خدمت بلکہ قومی، سماجی اور مذہبی فریضہ بھی ہے۔ عوام سموگ اور فضائی آلودگی کے خاتمے کے لیے گھروں اور علاقوں میں خود شجرکاری کرنے لگے ہیں جبکہ شجرکاری مہم سائنسی، سماجی اور مذہبی جذبے کے امتزاج کے ساتھ تیزی سے فروغ پا رہی ہے۔ کرول جنگل میں محکمہ جنگلات، اسکول کے طلبہ، رضا کاروں اور عملے نے مل کر 14 ایکڑ رقبے پر شجرکاری کی۔

پشاور ہائیکورٹ کا سیاسی سرگرمیوں میں سرکاری وسائل کا استعمال روکنے کا حکم

سیاسی سرگرمیوں میں سرکاری وسائل کا استعمال اختیارات کے ناجائز استعمال کے زمرے میں آتا ہے، عدالت

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے سیاسی سرگرمیوں میں سرکاری وسائل کا استعمال روکنے کا حکم دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق ریلیوں، جلسوں اور ملین مارچ میں سرکاری مشینری کے استعمال کے خلاف درخواست پر سماعت پشاور ہائیکورٹ میں ہوئی۔ درخواست گزار کے مطابق صوبائی حکومت جلسوں اور ملین مارچ میں سرکاری وسائل کا استعمال کرتی ہے، فریقین سیاسی سرگرمیوں میں سرکاری ملازمین اور مشینری کا استعمال کرتے ہیں، احتجاج میں استعمال ہونے والی صوبائی حکومت کی مشینری اب بھی وفاق کے قبضے میں ہے۔ عدالت نے 4 صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے سیاسی سرگرمیوں میں سرکاری وسائل کا استعمال روکنے کا حکم دیدیا۔ عدالتی حکمنامے میں کہا گیا کہ جلسوں اور ملین مارچ میں سرکاری وسائل کا استعمال نہ کیا جائے۔ پشاور ہائیکورٹ کے حکمنامے میں کہا گیا درخواست گزار کے مطابق سرکاری وسائل کا استعمال آرٹیکل 4، 5 اور 25 کے خلاف ہے

کارپٹ برآمدی پروموشن باڈی کا قیام، دیگر اقدامات سے برآمدات میں اضافے ممکن ہے' اعجاز الرحمان

عالمی مارکیٹ میں بہتری کے امکانات، پاکستان میں صنعت کو کئی طرح کے چیلنجز کا سامنا ہے' چیئرپرسن سی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الرحمان نے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو درپیش شدید مشکلات اور برآمدات میں تنزلی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتی سرپرستی، پالیسی اقدامات اور مستقبل کے حوالے سے ٹھوس لائحہ عمل اس صنعت کو دوبارہ پاؤں پر کھڑا کرنے اور برآمدات کو عروج پر لے جانے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مینوفیکچررز اور برآمد کنندگان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں صنعت کو درپیش دیرینہ مسائل کے حل اور برآمدات کے فروغ کے حوالے سے تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرپرسن سی ٹی آئی اعجاز الرحمان نے کہا کہ جب تک مسائل کی نشاندہی نہیں ہوگی ان کا حل بھی ممکن نہیں، ماضی میں برآمدات کے بڑے حجم کی وجہ سے دنیا میں پہچان رکھنے والی اس صنعت کو درپیش زوال پر سنجیدگی سے غور کرنے اور اس کے مستقبل کے لائحہ عمل پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ دیگر ممالک میں یہ صنعت تیزی سے ترقی کر رہی ہے

کراچی: نمان سول ایوی ایشن اتھارٹی اور پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جا رہے ہیں۔

سندھ ہائی کورٹ، 27ویں آئینی ترمیم کیخلاف ایک اور درخواست دائر

سندھ ہائی کورٹ، 27ویں آئینی ترمیم کیخلاف ایک اور درخواست دائر

کراچی (این این آئی) 27ویں آئینی ترمیم کے خلاف سندھ ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ اس سے قبل سپریم کورٹ میں سینئر وکیل کی جانب سے اسے چیلنج کیا گیا تھا۔ 27ویں آئینی ترمیم کے خلاف درخواست وکیل ابراہیم سیف الدین ایڈووکیٹ نے دائر کی جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ یہ آئین کے بنیادی ڈھانچے سے متصادم ہے، درخواست کا مقصد آئین کے تحفظ کیلیے قانونی سوال اٹھانا ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ ترمیم اختیارات کی تقسیم، عدلیہ کی آزادی اور قانون کی حکمرانی کے بنیادی اصولوں کے خلاف ہے، اس سے آئینی عدالت اور سپریم کورٹ میں ججز تقرری پر پارلیمان و انتظامیہ کا عمل دخل بڑھایا گیا، صدر مملکت کا استثنیٰ بادشاہی مراعات کے مترادف ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ مجوزہ 27ویں آئینی ترمیم کو غیر آئینی اور اسلامی و جمہوری اصولوں کے خلاف قرار دیا جائے اور اس کو کالعدم قرار دیا جائے۔

جادو، ٹونے، توہم پرستی سے حکومت چلانے کا خمیازہ 25 کروڑ عوام نے بھگتا ہے' سیف الملوک کھوکھر

عثمان بزدار کو سب سے بڑے صوبے کا وزیر اعلیٰ بنانا بھی اسی کا نتیجہ تھا' صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر نے کہا ہے کہ برطانوی جریدے میں شائع ہونے والی رپورٹ سے ثابت ہو گیا ہے کہ عمران خان کی حکومت اہلیت، وژن، گڈ گورننس اور دیگر طے شدہ عالمی معیارات کی بجائے جادو، ٹونے اور توہم پرستی کے بل بوتے پر چلائی گئی جس کا خمیازہ 25 کروڑ عوام کو بھگتنا پڑا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی جریدے کی رپورٹ کے بعد یہ حقیقت آشکار ہو گئی ہے کہ بانی پی ٹی آئی تو صرف کٹھ پتلی تھے اصل حکومت تو ان کی اہلیہ کر رہی تھیں اور عثمان بزدار کو ملک کے سب سے بڑے صوبے کا وزیر اعلیٰ بنا دینا بھی اسی کا نتیجہ تھا، دنیا کے کسی اور خطے میں جادو، ٹونے اور توہم پرستی کے ذریعے کروڑوں عوام کے ملک کو چلانے کی کوئی مثال موجود نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام کی اکثریت ان معاملات سے پہلے ہی آگاہ تھے اب ایک عالمی جریدے نے بھی اس پر اپنی مہر ثبت کر دی ہے۔



کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ مزار قائد اعظم پر 35ویں نیشنل گیمز کی مشعل روشن کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

صوبائی وزیر قانون کی سکھ کمیونٹی کے اعزاز میں منعقدہ تقریب میں خصوصی شرکت

حکومتِ پنجاب سکھ برادری کے مذہبی اور ثقافتی میلوں کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کر رہی ہے' رانا محمد اقبال خان

لاہور (این این آئی) حضوری باغ، شاہی قلعہ لاہور میں دنیا بھر سے آئے ہوئے سکھ یاتریوں کے اعزاز میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا محمد اقبال خان نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں ملک بھر سے آئے سرکاری و مذہبی نمائندگان کے علاوہ بھارت، برطانیہ، کینیڈا اور دیگر ممالک سے آئے سکھ یاتریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان نے کہا کہ سکھ یاتریوں کی پاکستان آمد خوش آئند اور بین المذاہب ہم آہنگی کی بہترین مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتِ پنجاب سکھ برادری کے مذہبی اور ثقافتی میلوں کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کر رہی ہے تاکہ یاتری اپنے مقدس مذہبی فرائض مکمل آزادی اور احترام کے ساتھ ادا کر سکیں۔ رانا محمد اقبال خان نے کہا کہ پاکستان سکھ برادری سمیت تمام مذاہب کے ماننے والوں کا گھر ہے۔

کراچی: پی اے سی سندھ کا اجلاس سندھ اسمبلی کے کمیٹی روم میں چیئرمین نثار کھوڑو کی صدارت میں ہو رہا ہے۔

صحافیوں کے تحفظ کیلئے کمیشن فار دی پروٹیکشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پروفیشنلز تشکیل

کمیشن کا قیام پروٹیکشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پروفیشنلز ایکٹ 2021 کے تحت عمل میں آیا، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے صحافیوں کے تحفظ کیلئے کمیشن فار دی پروٹیکشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پروفیشنلز تشکیل دے دیا۔ کمیشن کا قیام پروٹیکشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پروفیشنلز ایکٹ 2021 کے تحت عمل میں آیا، وزارت اطلاعات و نشریات نے کمیشن کے قیام کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ کمیشن کے 12 ارکان کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا، پرنسپل انفارمیشن آفیسر وزارت اطلاعات کمیشن کے بلحاظ عہدہ رکن ہوں گے، ڈی جی وزارت انسانی حقوق بھی کمیشن کے رکن نامزد ہو گئے۔ سیکرٹری پی آر اے، نوید اکبر، غلام نبی یوسفزئی بھی کمیشن کا حصہ ہیں، نیشنل پریس کلب سمیت پی ایف یو جے دھڑوں کی بھی نمائندگی شامل کی گئی۔ حسن عباس، طاہر حسن خان، تمثیلہ چشتی، نادیہ صبوحی، خلیل احمد کمیشن کے ارکان ہوں گے، قومی و صوبائی پریس یونینز کے نمائندے بھی کمیشن میں شامل کئے گئے۔ کمیشن صحافیوں کے حقوق اور سکیورٹی اقدامات کی نگرانی کرے گا

رائے ونڈ: مندوبین عالمی تبلیغی اجتماع کے آخری روز اجتماعی دعا میں شریک ہیں۔

آرگینک زراعت ماحول کی بہتری میں بھی مددگار ثابت ہو سکتی ہے' نجم مزاری

حکومت آرگینک زراعت کے فروغ کیلئے سرپرستی کرے' یو ایم ٹی میں خطاب، کسانوں کے وفد سے گفتگو

لاہور (این این آئی) آرگینک خوراک اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری نے کہا ہے کہ زراعت میں کیمیکلز اور مصنوعی کھادوں کے استعمال کے حوالے سے واضح پالیسی بنانے کی ضرورت ہے، طبی ماہرین کے مطابق آرگینک خوراک روایتی خوراک کے مقابلے میں زیادہ محفوظ اور غذائیت سے بھرپور ہوتی ہے جبکہ آرگینک زراعت ماحول کی بہتری میں بھی مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز میں اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر عابد اپچ کے شیروانی، ڈاکٹر سمعیہ شاہد سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ نجم مزاری نے کہا کہ کوئی خوراک استعمال کرنے سے پہلے اس کے اجزاء کے بارے ضرور آگاہی ہونی چاہیے، بہت سے ممالک زراعت میں کیمیکلز اور مصنوعی کھادوں کے ایک حد تک استعمال کے حوالے سے پالیسی کا اعلان کر چکے ہیں

لاہور: نابینا افراد نے اپنے مطالبات کے حق میں چیئرنگ کراس چوک میں دھرنا دے رکھا ہے۔

غیر ملکی جانوروں کی درآمد پر مکمل پابندی عائد کی جائیگی، چیف سیکریٹری سندھ

غیر ملکی جانور رکھنے والے مالکان کو رجسٹریشن اور رہائشی ماحول کے رہنما اصولوں پر عمل کرنا ہوگا، آصف حیدر شاہ

کراچی (این این آئی) چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے کہا ہے کہ غیر ملکی جانوروں کی درآمد پر مکمل پابندی عائد کی جائے گی۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ کی زیر صدارت محکمہ وائلڈ لائف کا اجلاس ہوا، اجلاس میں محکمہ وائلڈ لائف کی جانب سے بریفنگ دی گئی، اس دوران کراچی چڑیا گھر میں وائلڈ لائف پروٹیکشن ایکٹ 2020 کی خلاف ورزیاں بھی سامنے آئیں۔ آصف حیدر شاہ نے کہا کہ غیر رجسٹرڈ یا غیر قانونی جانور رکھنے والوں کیخلاف سخت قانونی کارروائی کی جائیگی، جنگلی حیات کے تحفظ پر وائلڈ لائف ماہرین کیساتھ مشاورتی اجلاس جلد منعقد ہوگا، اجلاس میں آگاہی دی گئی کہ وائلڈ لائف سے متعلق 129 مقدمات مختلف عدالتوں میں زیر سماعت ہیں، آصف حیدر شاہ نے کہا کہ چیف جسٹس سندھ سے درخواست ہے کہ جلد سماعت اور مؤثر فیصلہ ممکن بنایا جائے۔

سندھ ہائی کورٹ، 27ویں آئینی ترمیم کیخلاف ایک اور درخواست دائر

سندھ ہائی کورٹ، 27ویں آئینی ترمیم کیخلاف ایک اور درخواست دائر

کراچی (این این آئی) 27ویں آئینی ترمیم کے خلاف سندھ ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ اس سے قبل سپریم کورٹ میں سینئر وکیل کی جانب سے اسے چیلنج کیا گیا تھا۔ 27ویں آئینی ترمیم کے خلاف درخواست وکیل ابراہیم سیف الدین ایڈووکیٹ نے دائر کی جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ یہ آئین کے بنیادی ڈھانچے سے متصادم ہے، درخواست کا مقصد آئین کے تحفظ کیلیے قانونی سوال اٹھانا ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ ترمیم اختیارات کی تقسیم، عدلیہ کی آزادی اور قانون کی حکمرانی کے بنیادی اصولوں کے خلاف ہے، اس سے آئینی عدالت اور سپریم کورٹ میں ججز تقرری پر پارلیمان و انتظامیہ کا عمل دخل بڑھایا گیا، صدر مملکت کا استثنیٰ بادشاہی مراعات کے مترادف ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ مجوزہ 27ویں آئینی ترمیم کو غیر آئینی اور اسلامی و جمہوری اصولوں کے خلاف قرار دیا جائے اور اس کو کالعدم قرار دیا جائے۔

لاہور: الحمراء میں اسلامی نشاۃ ثانیہ کے موضوع پر فکری نشست میں دانشور مفکرین اور اہل اقبال شریک ہیں۔

محمود خان اچکزئی نے 27ویں ترمیم کے بل کی کاپی پھاڑ دی

تحریک انصاف نے مختلف انتخابی نشانوں پر الیکشن لڑ کر ملک کی کایا پلٹ دی، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران محمود خان اچکزئی نے 27ویں ترمیم کے بل کی کاپی پھاڑ دی۔ بدھ کو اسپیکر سردار ایاز صادق کی سربراہی میں قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ یہ حکومت فارم 47 پر قائم کی گئی ہے، اس ایوان میں ایک شخص ایسا بھی ہے جو 6 ہزار ووٹوں سے ہار رہا تھا جسے کہا گیا آپ کو بنا دیتے ہیں لیکن اس نے منع کر دیا، اسی طرح ایک اور آدمی نے بھی منع کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اب یہ بتائیں ایسی پارلیمنٹ کو آئین میں ترمیم کا اختیار دیا جا سکتا ہے؟ پاکستان میں عوام کی حکمرانی کا راستہ روکنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے آئین میں غیر جمہوری قسم کی ترمیم پر دکھ ہوتا ہے، ترمیم میں وہ لیڈر بھی شامل ہیں جنہوں نے بہت بڑی قربانیاں دیں، پاکستان میں جمہوری اور غیر جمہوری قوتوں کی لڑائی جاری ہے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بانی تحریک انصاف اچھا یا برا آدمی ہے، آپ نے اسے کیوں وزیر اعظم بننے دیا، ملک کی اعلیٰ عدلیہ ایک پارٹی کا انتخابی نشان چھین لیتی ہے

لاہور: جامعہ نعیمیہ کے سامنے کی کارپٹ روڈ کے افتتاح کے بعد مفتی قیصر شہزاد نعیمی و دیگر رہنما ملکی سلامتی کے لئے خصوصی دعا مانگ رہے ہیں۔

راولپنڈی، خود کو سرکاری آفیسر بتا کر بھتہ وصول کرنے والے کیخلاف مقدمہ درج

اپنے باس کو بتا کر 15 لاکھ روپے نقد اور 5 لاکھ روپے اکاؤنٹ میں انکوٹر انسفر کیے، مدعیہ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں خود کو سرکاری آفیسر ظاہر کر کے کال سینٹرز سے بھتہ وصول کیے جانے کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چائنیز کال سینٹر سے لاکھوں روپے بھتہ وصول کرنے والے نوسربازوں کے خلاف راولپنڈی پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ مقدمہ تھانہ چکلالہ میں ٹیکسلا کی رہائشی خاتون اریبہ رباب کی مدعیت میں تھانہ چکلالہ میں درج کیا گیا۔ مدعیہ کے مطابق انہوں نے چائنیز باشندے گاؤ کیزان سے شادی کی ہوئی ہے اور دونوں راولپنڈی میں چائنیز کال سینٹر میں کام کرتے ہیں، کچھ عرصہ قبل فواد احمد نامعلوم افراد کے ساتھ کال سینٹر آیا اور ڈرا دھمکا کر 20 لاکھ روپے طلب کیے۔ مدعیہ نے بتایا کہ ہم نے اپنے باس کو بتا کر 15 لاکھ روپے نقد اور 5 لاکھ روپے اکاؤنٹ میں انکوٹر انسفر کیے۔ کچھ دن بعد فواد احمد نے کہا ان کے جاننے والے بریگیڈیر علی جان اویس انٹیلیجنس ایجنسی میں ہوتے ہیں۔ ان سے ملوا دیتا ہوں، آپ ماہانہ انکوا دائیگی کر دیا کریں تو کوئی تنگ نہ کرے گا۔ 8 اپریل کو فواد احمد ہمیں ایک مقام پر لے گیا

رائے ونڈ: مندوبین عالمی تبلیغی اجتماع کے آخری روز اجتماعی دعا میں شریک ہیں۔

عمانی سول ایوی ایشن اتھارٹی کے وفد کا پی اے اے ہیڈکوارٹرز کا دورہ

پی اے اے اور سی اے اے عمان کے درمیان ایس اے آر آپریشنز کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر بھی دستخط

کراچی (این این آئی) عمان سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے عمان) کے دس رکنی وفد نے پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) کے ہیڈکوارٹرز کراچی کا دورہ کیا۔ عمانی وفد کی قیادت ڈائریکٹر جنرل ایئر نیویگیشن صالح الحارثی نے کی۔ ایئر وائس مارشل ذیشان سعید، ڈائریکٹر جنرل پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا اور کمیونیکیشن اینڈ نیوی گیشن سروسز (سی این ایس) ڈائریکٹوریٹ کے سینئر افسران کے ہمراہ باضابطہ مذاکرات کی قیادت کی۔ دورے کے دوران دونوں فریقین نے ہوابازی کے شعبے میں تعاون کے فروغ، ایئر نیوی گیشن، ایئرپورٹ مینجمنٹ، تکنیکی اشتراک اور استعدادِ کار میں اضافے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ مذاکرات میں دونوں ممالک کے درمیان علاقائی فضائی رابطوں کے فروغ، آپریشنل کارکردگی میں بہتری اور تکنیکی مہارتوں کے تبادلے پر زور دیا گیا۔

لاہور: پولیس اہلکار نولکھا تھانے کے باہر الرٹ کھڑے ہیں۔

10 روزہ مذہبی دورہ پر پاکستان آئے سکھ یاتری بھارت واپس چلے گئے

پاکستان سے ملنے والا محبت اور امن کا پیغام دنیا بھر میں پہنچائیں گے' بھارتی سکھ یاتری

لاہور (این این آئی) متروکہ وقف املاک بورڈ وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کے زیر انتظام بھارت سے 10 روزہ مذہبی دورہ پر پاکستان آئے 1932 سکھ یاتری واپس چلے گئے۔ پردھان پاکستان سکھ گورودورہ پربندھک کمیٹی سردار رمیش سنگھ اروڑہ، متروکہ وقف املاک بورڈ کے ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز ناصر مشتاق نے پربندھک کمیٹی کے ممبران کے ہمراہ واہگہ بارڈر پر یاتریوں کو الوداع کیا۔ سکھ یاتریوں نے واہگہ بارڈر پر بھارت واپسی سے قبل میڈیا کے نمائندوں سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں پاکستان بارے منفی پراپیگنڈا کر کے ڈرایا جاتا ہے۔ حکومت پاکستان نے مہمان نوازی کے مثالی اقدامات کیے۔ یہاں پر اپنے ملک سے بھی زیادہ عزت و احترام ملا۔ پاکستان میں ہمارے گورودوارے محفوظ اور اصل حالت میں موجود ہیں۔ بھارتی شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کی جنتھہ لیڈر بی بی گوروریندر کور نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جتھہ کہ ہمراہ آنے والے یاتری متروکہ وقف املاک بورڈ اور حکومت پاکستان کی جانب سے کیے گئے انتظامات پر شکر گزار ہیں۔

ملک میں چینی کی فی کلو قیمت 229 روپے تک پہنچ گئی

ایک ہفتے میں کوئٹہ میں چینی کی فی کلو قیمت میں 19 روپے تک اضافہ ہوا، ادارہ شماریات

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں چینی کی زیادہ سے زیادہ فی کلو قیمت 229 روپے تک پہنچ گئی، گزشتہ ایک ہفتے میں کوئٹہ میں چینی کی فی کلو قیمت میں 19 روپے تک اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق کوئٹہ میں چینی کی فی کلو قیمت 210 روپے سے بڑھ کر 229 روپے تک ہو گئی، کوئٹہ کے شہری ملک میں سب سے مہنگی 229 روپے فی کلو چینی خریدنے پر مجبور ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پشاور میں چینی کی زیادہ سے زیادہ فی کلو قیمت 200 روپے تک ہے، کراچی اور اسلام آباد میں چینی کی زیادہ سے زیادہ فی کلو قیمت 195 روپے تک ہے۔ رپورٹ کے مطابق راولپنڈی میں چینی کی زیادہ سے زیادہ فی کلو قیمت 190 روپے ہے۔ گزشتہ ایک ہفتے میں چینی کی اوسط فی کلو قیمت میں 2 روپے ایک پیسے کی ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں چینی کی اوسط فی کلو قیمت 185 روپے 47 پیسے پر آ گئی، گزشتہ ہفتے تک ملک میں چینی کی اوسط فی کلو قیمت 187 روپے 48 پیسے تھی جبکہ ایک سال قبل ملک میں چینی کی اوسط فی کلو قیمت 132 روپے 24 پیسے تھی۔

لاہور: عالمی یوم ذیابیطس کے موقع پر لاہور جنرل ہسپتال میں پرنسپل پروفیسر فاروق افضل کی قیادت میں آگاہی واک کی جا رہی ہے۔

تلہ گنگ کے گاؤں سگھر میں یادگار شہداء کی تعمیر کر لی گئی

مقامی افراد کی یادگار شہداء پر ایک شاندار اور جذبہ حب الوطنی سے سرشار تقریب

تلہ گنگ (این این آئی) تلہ گنگ کے گاؤں سگھر میں مقامی افراد نے اپنی مدد آپ کے تحت یادگار شہداء کی تعمیر کر لی۔ تلہ گنگ کے گاؤں سگھر کو شہداء اور غازیوں کی سرزمین کے طور پر بھی جانا جاتا ہے، مقامی افراد کی جانب سے یادگار شہداء پر ایک شاندار اور جذبہ حب الوطنی سے سرشار تقریب کا انعقاد کیا گیا، علاقہ کے معززین کے علاوہ مختلف طبقات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے مادرِ وطن پر جان نچھاور کرنے والے شہداء کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا، سگھر کے 30 بہادر سپوتوں نے مادرِ وطن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا جن میں 25 پاک آرمی اور 5 پاک فضائیہ کے شہداء شامل ہیں۔ اس کے علاوہ گاؤں سگھر کی پہچان اس کے 766 غازی ہیں جو پاک فوج، پاک فضائیہ اور پاک بحریہ میں مختلف ادوار میں خدمات پیش کر چکے ہیں، تقریب کے دوران شہداء کے ورثاء میں اعزازی شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں۔ یہ تقریب نہ صرف شہداء کی عظیم قربانیوں کا اعتراف تھا بلکہ سگھر کے باسیوں کی حب الوطنی، اتحاد اور پختہ عزم کا روشن ثبوت بھی ہے۔

سرائے مغل، مسلح افراد کا گھر پر دھاوا، طلائی زیورات و نقدی لوٹ کر لڑکی کو اغوا کر لیا

ملزمان نے پہلے گاڑی کا لاک توڑنے کی کوشش کی، ناکامی پر گھر میں داخل ہوئے، ایف آئی آر درج

لاہور (این این آئی) سرائے مغل میں پانچ مسلح افراد نے شہری کے گھر میں گھس کر طلائی زیورات اور نقدی لوٹ لی جبکہ ملزمان جواں سالہ لڑکی کو بھی اغوا کر کے ساتھ لے گئے۔

Sports کھیل کھلاڑی

پی ایس ایل 11 کا شیڈول مسئلہ بننے لگا، فرنچائزز اور پی سی بی میں ڈیڈلاک

ٹیم مالکان نے تجویز دی ہے کہ جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو 2، 2 میچز رکھے جائیں

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے گیارہویں ایڈیشن کا شیڈول مسئلہ بننے لگا، فرنچائزز اور پی سی بی میں ڈیڈلاک برقرار ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سپر لیگ کا گیارہواں ایڈیشن آئندہ سال اپریل اور مئی میں ہوگا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے 2 نئی ٹیموں کی فروخت کا عمل شروع کر دیا ہے البتہ میچز کی تعداد پر تاحال اتفاق نہیں ہو سکا۔ ابتدائی طور پر 44 سے 60 میچز کی تجویز سامنے آئی ہے، فرنچائزز چاہتی ہیں کہ آمدنی میں اضافے کیلیے زیادہ میچز رکھے جائیں۔ فرنچائزز کا خیال ہے کہ ابتدائی راؤنڈ میں ہر ٹیم کو کم از کم 14 میچز کھیلنے کا موقع دیا جائے، البتہ بورڈ حکام کا کہنا ہے کہ ونڈو میں کم جگہ کی وجہ سے ایسا کرنا ممکن نہ ہوگا۔ ٹیم اونرز نے تجویز دی کہ جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو 2، 2 میچز رکھے جائیں تاکہ یہ مسئلہ حل ہو جائے، ابھی اس پر بات چیت کا سلسلہ جاری ہے۔ اس کے علاوہ ڈرافٹ یا آکشن پر بھی کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہو سکا ہے۔ دوسری جانب مینیجر پارٹنرشپس اینڈ پلیئرز ایکویزیشن شعیب خالد کے مستعفی ہونے پر پی سی بی کو تاحال کوئی مناسب متبادل نہیں مل سکا ہے۔ گزشتہ دنوں کنسلٹنٹ پلیئرز ایکویزیشن پی ایس ایل کی تقرری کیلیے اشتہار جاری کیا گیا تھا، درخواست دینے کی آخری تاریخ گزشتہ روز گزر چکی اور حکام اب اس حوالے سے کوئی فیصلہ کریں گے۔ یہ اہم ترین ذمہ داری ہے، غیر ملکی کرکٹرز اور ایجنٹس سے رابطے کیلیے کسی تجربہ کار آفیشل کا تقرر ضروری ہوگا۔ اسی لیے پی سی بی نے اپنے بعض سابق ملازمین اور پی ایس ایل فرنچائزز سے منسلک چند موجودہ آفیشلز سے بھی رابطہ کیا ہے۔ البتہ مستقل ملازمت چھوڑ کر بورڈ میں آنے پر وہ ہچکچاہٹ کا شکار ہیں، نئے آفیشل کا تقرر رواں ماہ ہی کیے جانے کا امکان ہے۔

اسلامی یکجہتی گیمز: پاکستان کو پہلا گولڈ میڈل ملنے کی توقع

چھٹے اسلامی یکجہتی گیمز میں پاکستان اب تک 2 میڈلز اپنے نام کر چکا ہے



لاہور (ویب ڈیسک) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں جاری چھٹے اسلامی یکجہتی گیمز میں پاکستان کو پہلا گولڈ میڈل ملنے کی توقع ہے۔ اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم پیرکو ایکشن میں ہوں گے، ان کے ہمراہ دوسرے قومی ایتھلیٹ یاسر سلطان بھی جیولین تھرو ایونٹ میں قسمت آزمائی کریں گے۔ قوی امکان ہے کہ اولمپین ارشد ندیم پہلی پوزیشن حاصل کر کے پاکستان کے لیے گولڈ میڈل جیتنے میں کامیاب رہیں گے جبکہ یاسر سلطان سے بھی اچھی توقعات وابستہ ہیں۔ دونوں قومی ایتھلیٹس اپنے کوچ سلمان بٹ کے ہمراہ پاکستان سے سعودی عرب پہنچ چکے ہیں اور ایونٹ میں شرکت کی بھرپور تیاریاں کر رہے ہیں۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ ریاض میں جاری چھٹے اسلامی یکجہتی گیمز میں پاکستان اب تک 2 میڈلز اپنے نام کر چکا ہے۔ فاطمہ زہرا نے خواتین باکسنگ کی 60 کلو گرام کیٹیگری میں سیمی فائنل کھیل کر برانز میڈل حاصل کیا جبکہ مردوں کی باکسنگ میں 55 کلوگرام کے ایونٹ میں قدرت اللہ برانز میڈل حاصل کرنے میں کامیاب پاکستان کی عروشہ سعید نے نمائشی کھیل کرش میں برانز میڈل جیتا مگر یہ ریکارڈ کا حصہ نہیں ہوگا۔ واضح رہے کہ 7 نومبر سے شروع ہونے والے چھٹے اسلامی یکجہتی گیمز 21 نومبر تک ریاض میں جاری رہیں گے۔

کرکٹر نسیم شاہ کے گھر پر فائرنگ کا واقعہ، 3 مشتبہ افراد گرفتار

نسیم شاہ کے خاندان نے امید ظاہر کی ہے کہ ملزمان کو جلد قرار واقعی سزا دی جائے گی

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی کرکٹر نسیم شاہ کے گھر پر فائرنگ کے واقعے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق لوئر دیر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 3 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ مشتبہ افراد کی گرفتاری تفتیش کے اہم مرحلے کا حصہ ہے اور مزید تحقیقات جاری ہیں۔ شواہد جمع کر لیے ہیں اور واقعے کے محرکات جاننے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ نسیم شاہ کے خاندان نے واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ملزمان کو جلد قرار واقعی سزا دی جائے گی۔ دوسری جانب کرکٹ شائقین نے بھی سوشل میڈیا پر نسیم شاہ اور ان کے اہل خانہ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ یاد رہے کہ پولیس کے مطابق 10 نومبر کی رات تقریباً ایک بج کر 45 منٹ پر نامعلوم افراد نے نسیم شاہ کی رہائش گاہ کے مرکزی دروازے پر فائرنگ کی تھی۔ فائرنگ سے دروازوں، دیواروں اور کھڑکیوں کو نقصان پہنچا تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ حملہ آور فائرنگ کے فوراً بعد موقع سے فرار ہو گئے تھے۔

روایتی حریف پاکستان اور بھارت ایک بار پھر ٹکرانے کو تیار

پہلے عالمی بلائنڈ ویمنز کرکٹ ٹورنامنٹ میں اتوار کو روایتی حریف پاکستان اور بھارت صف آرا ہوں گے



لاہور (ویب ڈیسک) پہلے عالمی بلائنڈ ویمنز کرکٹ ٹورنامنٹ میں اتوار کو روایتی حریف پاکستان اور بھارت صف آرا ہوں گے۔ قومی ویمن ٹیم کی کپتان نرما رفیق نے بھارت کے خلاف میچ میں بہتر نتائج پیش کرنے کی توقع ظاہر کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ افتتاحی میچ میں میزبان سری لنکا کے خلاف 221 رنز کی شاندار فتح نے کھلاڑیوں کے حوصلے بلند کر دیے اور ان کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ واضح رہے کہ کولمبو میں کھیلے جانے والے افتتاحی عالمی کپ میں پاکستان نے میزبان ٹیم کے خلاف کوئی وکٹ گنوائے بغیر 331 رنز بنائے۔ آزاد جموں و کشمیر سے تعلق رکھنے والی 15 سالہ آل راؤنڈر مہرین علی نے محض 78 گیندوں پر ناقابل شکست 230 رنز کی اننگ کھیل کر عالمی ریکارڈ قائم کیا۔ پاکستان ایونٹ میں اپنا تیسرا میچ 18 نومبر کو نیپال کے خلاف کھیلے گا۔ اگلے روز چوتھے میچ میں قومی ویمن بلائنڈ ٹیم کا آسٹریلیا سے میچ ہوگا جبکہ 20 نومبر کو پاکستان کا امریکا سے ٹکراؤ ہوگا۔

تیسرا ون ڈے: سری لنکا کی پاکستان کے خلاف بیٹنگ جاری

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان نے سری لنکا کے خلاف تیسرے اور آخری ون ڈے میچ میں ٹاس جیت کر بولنگ کا فیصلہ کیا ہے۔ راولپنڈی میں کھیلے جا رہے میچ میں سری لنکن ٹیم نے 20 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر 99 رنز بنا لیے ہیں۔ کامل مشرا 29 اور پتھم نسانکا 24 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ کوشل مینڈس 28 اور سدھیرا سماراوکرما 11 رنز بنا کر کریز پر موجود ہیں۔ پاکستان کی جانب سے حارث رؤف اور محمد وسیم جونیئر نے ایک ایک وکٹ حاصل کی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان ٹیم میں چار تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ کپتان شاہین شاہ آفریدی صحتیاب ہو کر ٹیم میں واپس آئے ہیں۔

سری لنکا اور زمبابوے ٹیم کے اعزاز میں شاہین شاہ آفریدی کا عشائیہ

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کے ون ڈے ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے اسلام آباد میں سری لنکا اور زمبابوے کرکٹ ٹیموں کے اعزاز میں ایک شاندار عشائیہ دیا۔ یہ پر تکلف تقریب کھلاڑیوں اور ٹیموں کے درمیان ایک دوستانہ ماحول پیدا کرنے کا بہترین موقع ثابت ہوئی۔ عشائیہ میں پاکستان کے قومی ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی سکواڈ کے کھلاڑیوں نے بھی شرکت کی جنہوں نے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ وقت گزارا اور خوبصورت یادیں بنائیں۔ مختلف اقسام کے لذیذ پاکستانی کھانوں کا اہتمام کیا گیا جس سے تمام کھلاڑی خوب لطف اندوز ہوئے۔ سری لنکا اور زمبابوے کے کھلاڑیوں نے پاکستانی کھانوں کی خاص طور پر تعریف کی اور ان کے ذائقے کو بے حد سراہا۔ اس تقریب میں کھلاڑیوں کے درمیان دوستانہ بات چیت کا ماحول رہا جو دونوں ٹیموں کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں مددگار ثابت ہوا۔

کولکتہ ٹیسٹ، 2 دن میں 27 وکٹیں گر گئیں، سابق کرکٹرز نے پچ کو خوفناک قرار دے دیا

لاہور (ویب ڈیسک) کولکتہ کے ایڈن گارڈن میں جاری بھارت اور جنوبی افریقا کے مابین پہلے ٹیسٹ میچ کی پچ پر انگلیاں اٹھنے لگیں۔ تفصیلات کے مطابق ٹیسٹ میچ کے پہلے دو دنوں میں ہی 27 وکٹیں گرنے پر سابق بھارتی کرکٹر ہربھجن سنگھ اور سابق انگلش کپتان مائیکل وان نے پچ کو خوفناک قرار دے دیا۔ ہربھجن سنگھ نے کہا کہ غیر ہموار اور خطرناک باؤنس سے بیٹرز کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ اس طرح کی غیر معیاری پچ پر ٹیسٹ کرکٹ ایک مذاق ہے۔ انگلینڈ کے سابق کپتان مائیکل وان نے ایڈن گارڈن کی پچ کو انتہائی خوفناک قرار دے دیا۔ بھارتی میڈیا بھی پچ پر تنقید کرنے میں پیچھے نہیں رہا۔ میڈیا بھی تین روز میں ہی ٹیسٹ کا نتیجہ آنے تنقید کی جا رہی ہے۔

کولکتہ ٹیسٹ: بھارت 93 رنز پر ڈھیر، جنوبی افریقا کی تاریخی فتح

سائمن ہارمر نے 4، کیشو مہاراج اور مارکو جینسن نے 2، 2 جبکہ ایڈن مارکرام نے ایک وکٹ حاصل کی

لاہور (ویب ڈیسک) کولکتہ ٹیسٹ میں جنوبی افریقا نے بھارت کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد شکست دے دی۔ تفصیلات کے مطابق 124 رنز کے ہدف کے تعاقب میں بھارتی ٹیم 93 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ کپتان شبمن گل اسپتال میں داخل ہونے کے باعث بیٹنگ کے لیے نہیں آسکے۔ واشنگٹن سندر 31 اور اکشر پٹیل 26، رویندرا جدیجا 18، دھرو جوریل 13، رشبھ پانت 2، کے ایل راہول اور کلدیپ یادیو ایک ایک جبکہ یشسوی جیسوال بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے۔ جنوبی افریقا کی جانب سے سائمن ہارمر نے 4، کیشو مہاراج اور مارکو جینسن نے 2، 2 جبکہ ایڈن مارکرام نے ایک وکٹ حاصل کی۔ اس سے قبل جنوبی افریقی ٹیم نے تیسرے روز 93 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ پر اننگز کا آغاز کیا تو کپتان ٹمبا باوما کے ناقابل شکست 55 رنز کی بدولت ٹیم کا مجموعہ 153 رنز تک پہنچا دیا۔ بھارت کی جانب سے رویندرا جدیجا نے 4، کلدیپ یادیو اور محمد سراج نے 2، 2 جبکہ جسپریت بمراہ اور اکشر پٹیل نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ یاد رہے کہ جنوبی افریقا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے پہلی اننگز میں 159 رنز بنائے تھے۔ جواب میں بھارتی ٹیم نے اپنی پہلی اننگز میں 189 رنز بنا کر 30 رنز کی برتری حاصل کی تھی۔ یہ جنوبی افریقا کی بھارت کے خلاف بھارت میں 15 سال بعد ٹیسٹ میچ میں فتح ہے۔

بنگلا دیش میں پاکستانی سفیر کا قومی ہاکی ٹیم کے اعزاز میں ظہرانہ

قومی ٹیم نے بنگلا دیش کے خلاف بہترین کھیل پیش کیا، پاکستانی سفیر

لاہور (ویب ڈیسک) بنگلا دیش میں متعین پاکستان کے سفیر عمران حیدر کا کہنا ہے قومی ہاکی ٹیم نے بنگلا دیش کی ہاکی ٹیم کے خلاف شاندار کارکردگی اور کامیابی حاصل کر کے ایک نئی تاریخ رقم کی ہے۔ ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز ڈھاکا میں موجود پاکستانی سفارت خانے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر قومی ٹیم مینیجر اولمپین محمد عثمان شیخ، کوچ اولمپین ذیشان اشرف، قومی ٹیم کے کپتان عماد بٹ سمیت دیگر آفیشلز و کھلاڑی بھی موجود تھے۔ پاکستانی سفیر عمران حیدر نے قومی ٹیم کو ورلڈ کپ کوالیفائنگ راؤنڈ کیلیے کوالیفائی کرنے پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ قومی ٹیم نے ون یونٹ کی مانند بنگلا دیش کے خلاف کھیل پیش کیا۔ پاکستان ہاکی ٹیم آفیشلز و کھلاڑیوں نے عمران حیدر کو پاکستان ہاکی فیڈریشن کی جانب سے سووینئر بھی پیش کیا۔ بعد ازاں پاکستانی سفارت خانہ میں کھلاڑیوں کے اعزاز میں پر تکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔

Showbiz رونق میلہ

سارہ چوہدری کا یوٹیوب سے انکے ڈرامے ہٹانے پر نجی چینل کا شکریہ

سارہ چوہدری نے 2010 کے اوائل میں انڈسٹری سے کنارہ کشی اختیار کر لی تھی



لاہور (ویب ڈیسک) سابقہ اداکارہ سارہ چوہدری نے اپنی ذاتی خواہش کے مطابق اپنے حجاب اپنانے سے پہلے کے دو ڈرامے آن لائن نجی انٹرٹینمنٹ چینل سے ہٹانے پر چینل کا شکریہ ادا کیا ہے۔ حال ہی میں سارہ چوہدری نے ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے شوبز انڈسٹری میں قدم رکھنے اور پھر کنارہ کشی اختیار کرنے سے متعلق تفصیلی گفتگو کی۔ سارہ چوہدری نے 2003 میں شوبز انڈسٹری جوائن کی تھی اور 2010 کے اوائل میں انڈسٹری سے کنارہ کشی اختیار کر لی تھی

کراچی کو ناپسند کرنے والوں کے بیان پر ماہرہ خان کا ردعمل سامنے آ گیا

لاہور (ویب ڈیسک) کراچی کو ناپسند کرنے والوں کے بیانات پر ماہرہ خان نے دل چھو لینے والا ردِعمل دیا جس نے سب کی توجہ اپنی جانب کھینچ لی۔ اپنی آنے والی فلم نیلوفر کی پروموشن کے لیے کراچی میں ہونے والی پریس میٹ میں سپر اسٹار فواد خان اور ماہرہ خان ایک ساتھ نظر آئے۔ اس موقع پر صحافی نے ماہرہ خان سے سوال کیا کہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اُنہیں کراچی آنا پسند نہیں، آپ اپنے شہر کے بارے میں کیا کہنا چاہیں گی؟۔ ماہرہ خان نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ وہ کراچی میں پیدا ہوئیں، یہی شہر ان کی پرورش کی جگہ ہے اور ان کی زندگی کا سب سے خاص حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر انسان اپنے شہر سے محبت کرتا ہے کیونکہ وہاں اس کی یادیں بسی ہوتی ہیں۔ ان کے لیے کراچی وہ جگہ ہے جہاں ان کے والدین، دادی، نانی اور بچپن کی جڑیں موجود ہیں۔

مشہور لبوبو ڈول پر فلم بنانے کی تیاری، کب ریلیز ہوگی

دنیا بھر میں سر چڑھ کر بولنے والا لبوبو ٹرینڈ بڑے پردے تک پہنچ گیا

لاہور (ویب ڈیسک) باربی ڈال اور پولی پاکٹ کے بعد ایک اور کھلونا کریکٹر لبوبو گڑیا پر فلم بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جو کہ ممکنہ طور پر بار رموی ہوگی۔ عالمی میڈیا رپورٹ کے مطابق بین الاقوامی شہرت یافتہ ادارے سونی پکچرز نے لبوبو ڈول پر فلم بنانے کے رائٹس خرید لیے اور ہفتے کے روز اس کا باضابطہ اعلان بھی کیا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ لوبوبو گڑیا کھلونے کے طور پر دنیا بھر میں پہچانا جاتی ہے تاہم اب اس کریکٹر پر ہالی ووڈ میں فلم بنے گی۔ سونی پکچرز کی جانب سے اس اعلان کے بعد فیشن کی دنیا اور سوشل میڈیا پر خوشی کی لہر بھی دوڑ گئی ہے کیونکہ اس کو ایک مثبت اور اچھی پیشرفت قرار دیا جا رہا ہے۔ ہالی ووڈ رپورٹر اوور کے مطابق فلم کی تیاری ابتدائی مرحلے میں ہے اور اسے ایک بڑی فرنچائز کی طرف سے بنائے جانے کی امید ہے تاہم ابھی یہ واضح نہیں کہ پکچر لائیو ایکشن پر بنے گی یا پھر اینیمیٹڈ ہوگی۔ لبوبو گڑیا کو ہانگ کانگ کے آرٹسٹ کاسنگ لنگ نے 2015 میں دی مونسٹر نامی بک سیریز میں تخلیق کیا جس کے بعد مشہور چینی کمپنی پاپ مارٹ نے اسے متعارف کرایا تھا۔ اس کھلونے کو دنیا بھر میں بلائنڈ باکس کی وجہ سے مقبولیت ملی۔ مگر یہ بلائنڈ باکس کیا ہے، اس کا مطلب کہ خریدار کو آرڈر دیتے وقت معلوم نہیں ہوتا تھا کہ اُسے کون سا ڈیزائن ملے گا تاہم یہ بھی طے تھا کہ کھلونا گڑیا کا جو بھی ڈیزائن ہوگا وہ قابل قبول ہوگا۔

سوشل میڈیا ناقدین نے ڈاکٹر نبیہا کو رُلا دیا

ڈاکٹر نبیہا نے حال ہی میں اپنی عمر سے چھوٹے دوست حارث کھوکھر کے ساتھ نکاح کیا ہے

لاہور (ویب ڈیسک) معروف سوشل میڈیا انفلوئنسر ڈاکٹر نبیہا اپنی شادی کے بعد سوشل میڈیا پر ہونے والی تنقید پر فرطِ جذبات پر قابو نہ رکھ سکیں۔ ڈاکٹر نبیہا نے حال ہی میں ٹی وی کے پوڈ کاسٹ میں اپنے خاوند حارث کھوکھر کے ساتھ شرکت کی اور میزبان فضا علی کے سوالات کے جوابات دیے۔ پوڈ کاسٹ میں گفتگو کے دوران نبیہا نے نکاح کے بعد سوشل میڈیا پر ہونے والی تنقید اور نفرت پر بات کی اور اس دوران وہ جذباتی ہو گئیں۔ جس پر میزبان کو اپنی سیٹ چھوڑ کر انہیں ٹشو پیپر اور دلاسہ دینا پڑا۔ ڈاکٹر نبیہا نے بتایا کہ والد کے انتقال کے بعد والدہ نے بڑی محنت سے انہیں پالا، جس کی وجہ سے انہوں نے کم عمری سے ہی کام کرنا شروع کیا تاکہ والدہ کا بوجھ کم ہو۔ بعد سوشل میڈیا پر ہونے والی تنقید اور نفرت پر بات کی اور اس دوران وہ جذباتی ہو گئیں۔ جس پر میزبان کو اپنی سیٹ چھوڑ کر انہیں ٹشو پیپر اور دلاسہ دینا پڑا۔ ڈاکٹر نبیہا نے بتایا کہ والد کے انتقال کے بعد والدہ نے بڑی محنت سے انہیں پالا، جس کی وجہ سے انہوں نے کم عمری سے ہی کام کرنا شروع کیا تاکہ والدہ کا بوجھ کم ہو۔

ماں بننے کے بعد ماں کی بہت زیادہ قدر معلوم ہوتی ہے، دیپکا پڈوکون

لاہور (ویب ڈیسک) بالی ووڈ اسٹار دیپکا پڈوکون نے فلم انڈسٹری میں ورک لائف بیلنس پر نئی بحث چھیڑ دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایک تازہ انٹرویو میں دیپکا پڈوکون نے کہا کہ ماں بننے کے بعد ان کی زندگی بدل گئی ہے اور اب وہ سمجھتی ہیں کہ صحت مند رہنے کے لیے روزانہ آٹھ گھنٹے کام کافی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم اوور ورکنگ کو کمٹمنٹ سمجھ لیتے ہیں حالانکہ برن آؤٹ کسی کے لیے فائدہ مند نہیں ہوتا۔ میزبان کے سوال پر کہ کیا ماں بننے کے بعد ان کی زندگی بدلی ہے، دیپکا نے کہا سو فیصد۔ جب مائیں کہتی ہیں کہ 'ماں بن کر سمجھ آئے گا' تو واقعی سچ ہوتا ہے۔ اب مجھے اپنی ماں کی بہت زیادہ قدر معلوم ہوتی ہے۔ دیپکا کا کہنا تھا کہ نئے والدین، خاص طور پر ماؤں، کو کام کے دوران سپورٹ ملنی چاہیے۔

والد کا رویہ اور والدہ کا بورڈنگ اسکول چھوڑ کر جانا، عثمان مختار نے بچپن کی تلخ یادوں سے پردہ اٹھا دیا

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی اداکار عثمان مختار نے اپنے بچپن کی تلخ یادوں سے پردہ اٹھا دیا۔ ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے اداکار عثمان مختار نے کہا کہ 'میرے ساتھ والد کا جو رویہ تھا کہ اس طرح کا سلوک اپنی بیٹی کے ساتھ نہیں کروں گا'۔ انہوں نے کہا کہ میرے والد کا سلوک بہت زیادہ خراب تھا اور میرے خیال میں وہ ٹھیک نہیں تھا مگر شاید وہ اپنے طور پر اسے درست سمجھتے ہوں۔ عثمان مختار نے کہا کہ 'جب میں اُس سلوک کو برا سمجھتا ہوں تو اپنی بیٹی کے ساتھ اس طرح کا رویہ اختیار نہیں کروں گا'۔

خوبرو سوشل میڈیا انفلوئنسر کی ماہانہ آمدن جان کر آپ حیران رہ جائیں گے

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی سوشل میڈیا انفلوئنسر حرا ارمان نے پہلی بار اپنی ماہانہ آمدن کے حوالے سے انکشاف کر کے سب کو حیران کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق حرا ارمان فیشن اور لائف اسٹائل انفلوئنسر اور چار سالہ بچی کی والدہ ہیں، وہ اپنی شادی شدہ زندگی کے بارے میں کوئی بات نہیں کرتیں۔ حرا ارمان نے مختلف برانڈز کے ساتھ کام کیا اور انہوں نے سوشل میڈیا پر مقام حاصل کیا۔ انہوں نے حال ہی میں ایک پروگرام میں شرکت کی اور اپنے سفر کے حوالے سے گفتگو کی۔ حرا ارمان نے بتایا کہ وہ کئی سالوں سے اس پیشے کو بطور پروفیشن لے کر چل رہی ہیں اور اس دوران انہیں بھی کئی بار مشکلات پیش آئیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ پاکستان میں تو اس پیشے کو کوئی تسلیم نہیں کرتا البتہ دنیا میں بہت پذیرائی ملتی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں حرا ارمان نے بتایا کہ اُن کی ماہانہ آمدن تقریباً 30 سے چالیس لاکھ روپے بنتی ہے۔

فیروز خان اپنے بچوں کی کفالت کیلیے ہر ماہ کتنے لاکھ روپے ادا کرتے ہیں بڑا انکشاف

فیروز خان کی بہن نے سوشل میڈیا پر پوسٹ کر دی، صارفین کی حساب بتانے پر تنقید

لاہور (ویب ڈیسک) فیروز خان کی سابق اہلیہ علیزے سلطان کی ایک پوسٹ کے بعد نیا تنازع شروع ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق علیزے سلطان نے سماجی رابطے کی سائٹ پر اپنے بچوں کے سردی کے کپڑوں اور اسکول یونیفارم کے حوالے سے ایک پوسٹ کی۔ اس کے بعد فیروز خان کی دوسری اہلیہ ڈاکٹر زینب میدان میں کودیں اور انہوں نے علیزے سلطان کو آڑے ہاتھوں لیا۔ اب اداکار فیروز خان کی بہن تابندہ ملک نے اس تنازع کے دوران نیا پینڈورا باکس کھولا اور اخراجات کے حساب سے سارا کھاتہ عوام کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ تابندہ نے سماجی رابطے کی سائٹ پر انکشاف کیا کہ سلطان اور فاطمہ کی کفالت کیلیے علیزے کو ہر ماہ دو لاکھ روپے ادا کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے اس دو لاکھ روپے کا بریک اپ بتایا کہ دونوں بچوں کے اسکول کی فیس اور دیگر اخراجات بھی اس میں شامل ہیں۔ اسی کے ساتھ انہوں نے بتایا کہ کورٹ میں تمام ریکارڈ موجود ہے۔

فیروز خان کی پوسٹ پر سابقہ و موجودہ اہلیہ کی لڑائی، بہن نے حقیقت بیان کر دی

بات بڑھنے پر مذکورہ پوسٹ ڈیلیٹ کر دی گئی تاہم مختلف سوشل میڈیا پیجز پر اس کے اسکرین شاٹس وائرل ہو گئے

لاہور (ویب ڈیسک) اداکار فیروز خان اور ان کی سابقہ اہلیہ علیزہ سلطان سے متعلق ایک نیا معاملہ سوشل میڈیا پر شدید بحث کا باعث بن گیا ہے۔ حال ہی میں علیزہ سلطان نے فیروز خان کی ایک انسٹاگرام پوسٹ پر کمنٹ کیا جس کے بعد فیروز کی موجودہ اہلیہ نے انہیں آڑے ہاتھوں لے لیا۔ علیزہ سلطان نے کمنٹ میں لکھا 'براہ مہربانی سردیوں کے کپڑے اور یونیفارم بھیج دیں'۔ مذکورہ کمنٹ کے بعد فیروز خان کی موجودہ اہلیہ ڈاکٹر زینب خاموش نہ رہ سکیں اور جواب میں لکھا کہ 'پہلی بات یہ کہ ایسی باتیں عوامی سطح پر نہیں کی جاتیں اور دوسری بات یہ کہ اس طرح کے رویوں سے تم پہلے ہی فیروز خان کو ذہنی طور پر بری طرح متاثر کر چکی ہو، ہماری فیملی کو ستانا بند کرو اور اپنے والد اور بھائی کے نمبرز سے فیروز خان سے رابطہ کرنا بند کر دو'۔ انہوں نے ایک اور کمنٹ کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ تمہیں اس طرح کے کمنٹ کرنے، فیروز خان سے رابطہ کرنے یا انہیں پریشان کرنے کا کوئی حق نہیں رہا۔ فیروز کو اپنے ذاتی مسائل بیان کرنا بند کرو اور انہیں اپنے تک محدود رکھو اور بہتر ہے کہ شادی کر لو، ورنہ میں بھی عوامی سطح پر تمہاری حقیقت بیان کر دوں گی'۔

پاکستانی ریپر طلحہ انجم نے نیپال میں کنسرٹ کے دوران بھارتی پرچم لہرا دیا

پاکستان میں سوشل میڈیا صارفین کی بڑی تعداد حیران نظر آئی اور گلوکار کی اس حرکت پر بحث چھڑ گئی

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کے معروف ریپر طلحہ انجم اور طلحہ یونس نیپال میں ہونے والے اپنے حالیہ کنسرٹ کے باعث سوشل میڈیا پر موضوعِ گفتگو بن گئے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق، کنسرٹ کے دوران طلحہ انجم نے خیر سگالی اور دوستی کے اظہار کے طور پر بھارتی پرچم لہرایا جبکہ ان کے ساتھ اسٹیج پر موجود طلحہ یونس نے نیپالی پرچم اٹھا کر مداحوں کا شکریہ ادا کیا۔ کنسرٹ میں موجود مداحوں نے اس لمحے کی ویڈیوز اور تصاویر شیئر کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ یہ اقدام مختلف ممالک سے آئے ہوئے سامعین کے احترام اور امن دوستی کے پیغام کے طور پر کیا گیا۔ تاہم پاکستان میں سوشل میڈیا صارفین کی بڑی تعداد حیران نظر آئی اور کئی لوگوں نے اس حرکت پر بحث چھیڑ دی۔ کچھ نے اسے ایک مثبت، جرات مندانہ عمل کہا تو کچھ نے اسے غیر ضروری اور غیر محتاط فیصلہ قرار دیا۔ طلحہ یونس کے نیپالی پرچم لہرانے پر مقامی مداحوں نے جوش سے ردِعمل دیا اور ان کے نیپال آنے کا شکریہ ادا کیا۔

بھارت کے بھوجپوری سپر اسٹارز بھی انتخابی دنگل میں؛ کون جیتا کون ہارا

بہار سے بھوجپوری فلم انڈسٹری کے کئی سپر اسٹارز انتخابی معرکہ سر کر چکے ہیں

لاہور (ویب ڈیسک) بھارتی ریاست بہار کے انتخابات اس لیے بھی عوام کی توجہ اور دلچسپی کا محور ہوتے ہیں کہ بھوجپوری فلم انڈسٹری کے متعدد سپر اسٹارز بھی میدان میں مقابلے کے لیے اترتے ہیں۔ ماضی میں بھوجپوری فلم انڈسٹری کے سپر اسٹار روی کشن، منوج تیواری اور نروواہ سمیت متعدد فنکار الیکشن جیت چکے ہیں۔ رواں برس 2025 کے الیکشن میں بھی سپر اسٹارز کھیساری لال یادیو اور رتیش پانڈے نے بھی اپنی اپنی قسمت آزمائی۔ کھیساری لال یادیو نے RJD کے ٹکٹ پر چھپرا کے حلقے سے انتخاب لڑا جب کہ رتیش پانڈے جن سوراج کے ٹکٹ پر کرگہار سے میدان میں اترے۔ دونوں اداکاروں کے جلسوں میں عوام کا جم غفیر امڈ آتا تھا اور ان کے مداح اپنے پسندیدہ اداکار کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے دور دور سے دوڑے چلے آتے تھے۔ تاہم جب انتخابی نتائج سامنے آئے تو یہ دونوں سپر اسٹارز الیکشن ہار گئے جب کہ سپر اسٹار پون سنگھ کی اہلیہ اپنے شوہر کے مکمل سپورٹ کے باوجود کامیاب نہ ہو سکیں۔ بھوجپوری انڈسٹری کو مردوں کی انڈسٹری کہا جاتا ہے جہاں صرف ہیرو ہی پوری فلم میں حاوی ہوتا ہے اور مداحوں میں بھی ہیرو زہی مقبول ہیں۔

ہیں۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ سیف سٹی اتھارٹی کے تحت "میری آواز مریم نواز" ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن خواتین کو فوری مدد فراہم کرتا ہے، جبکہ ورچوئل چائلڈ سیفٹی سینٹر گمشدہ بچوں اور بزرگوں کی فوری بازیابی میں معاون ہے۔اس کے علاوہ، ورچوئل سنٹر برائے اقلیتی امور اقلیتوں کے تحفظ اور حقوق کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے اور ورچوئل ایمرجنسی بلڈ بینک ایمرجنسی میں خون کی فوری دستیابی کو ممکن بناتا ہے۔انہوں نے کہا کہ 333 پینک بٹن ہنگامی پولیس رسپانس کو تیز کرتے ہیں، اور AI ٹریفک وائلیشن ڈیٹیکشن سسٹم اور ای چالان کے ذریعے ٹریفک نظم بہتر بنایا گیا ہے۔مزید یہ کہ اپ گریڈ ہیلپ لائن روزانہ 000,90 سے زائد کالز کا فوری جواب دیتی ہے، اور "میری پہچان" سروس گمشدہ افراد اور نامعلوم لاشوں کی شناخت آسان بناتی ہے

بقیہ 10

صوبے کے دور دراز دیہی علاقوں میں لوگوں کو صحت کی جدید سہولیات میسر ہوئی ہیں، فتح جنگ میں ڈائلیسز سینٹر اور بلڈ بینک کا قیام خوش آئند ہے، پیپلز پارٹی عوامی جماعت ہے اور عوام کے مسائل کو سمجھتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے فتح جنگ اٹک میں بے نظیر بھٹو شہید ڈائلیسز سینٹر اور بلڈ بینک کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔افتتاحی تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی کی مقامی قیادت، سماجی کارکنان، محکمہ صحت کے افسران، زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی خدمت اور فلاحی کاموں کو اولین ترجیح دی ہے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی پارٹی کے منشور کا اہم حصہ ہے۔

بقیہ 11

جسٹس چودھری محمد اقبال نے ذاتی وجوہات کی بنا پر اس درخواست پر سماعت سے معذرت کرتے ہوئے فائل چیف جسٹس عالیہ نیلم کو ارسال کر دی۔درخواست گزار منیر احمد و دیگر کی جانب سے ایڈووکیٹ محمد اظہر صدیق پیش ہوں گے، درخواست میں وزیر اعظم اور سپیکر قومی اسمبلی کو بذریعہ سیکرٹریز فریق بنایا گیا ہے۔درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ ترمیم کے ذریعے سپریم کورٹ کا اصل اختیار ختم کر کے وفاقی آئینی عدالت بنادی گئی ہے، سپریم کورٹ کی حیثیت کمزور ہونے اور عدلیہ کی آزادی متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔درخواست گزار کے مطابق ترامیم اسلامی دفعات، عدالتی خودمختاری اور بنیادی حقوق کے خلاف ہیں، صوبوں کی مشاورت کے بغیر ترمیم سے آئینی ڈھانچہ متاثر ہوا ہے، وکلا، سول سوسائٹی، صحافیوں اور دیگر طبقات سے کوئی رائے نہیں لی گئی۔درخواست میں استدعا کی گئی کہ لاہور ہائیکورٹ ستائیسویں آئینی ترمیم کو کالعدم قرار دے اور درخواست کے حتمی فیصلہ تک ترمیم پر عملدرآمد روک دے۔

بقیہ 12

شامل ہیں، بصیر آباد، آواران، خاران، شالی وزیرستان اور پنجگور بھی کمزور ترین اضلاع ہیں، دیگر پسماندہ ترین اضلاع میں ماشکیل، ڈیرہ بگٹی، قلعہ سیف اللہ، قلات، تھرپارکر، شیرانی، جھل مگسی شامل ہیں۔خیبر پختونخواہ کا ضلع کوہستان بھی پسماندہ ترین اضلاع میں شامل ہے، سندھ کا تھرپارکر ڈیموگرافکس کے لحاظ سے سب سے زیادہ کمزور ہے۔رپورٹ کے مطابق کمزور ترین گھروں میں 65 فیصد مکانات کچے یا عارضی ڈھانچوں پر مشتمل ہیں، جھل مگسی میں 97 فیصد گھرانے کچے یا نیم پکے گھروں میں رہنے پر مجبور ہیں، بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں سڑکوں، ٹرانسپورٹ اور فون سروسز کی شدید کمی ہے۔صوبے میں مواصلات کی کمزوری سے ایمرجنسی رسپانس اور ترقیاتی خدمات متاثر ہیں، روزگار کے شعبے میں 20 میں سے 15 بدترین اضلاع بلوچستان میں ہیں۔بلوچستان اور خیبر پختونخواہ میں بے روزگاری اور بلا معاوضہ گھریلو مزدوری کی شرح سب سے زیادہ ہے۔صحت کی سہولیات تک رسائی میں بلوچستان اور کے پی سب سے زیادہ کمزور ہے۔دور دراز اضلاع میں قریبی صحت مرکز تک فاصلہ 30 کلومیٹر سے زائد ہے۔کراچی میں سب سے زیادہ سکول اور بلوچستان میں سب سے کم ہیں، بلوچستان میں لڑکیوں کیلئے ہائی اور ہائر سیکنڈری سکول تک فاصلہ سب سے زیادہ ہے۔سندھ کا تھرپارکر ڈیموگرافکس کے لحاظ سے سب سے زیادہ کمزور ہے۔زیادہ شرح پیدائش کمزوری میں بڑا کردار ادا کرتی ہے، بڑے خاندان تعلیمی وصحت سہولیات تک رسائی کو مزید مشکل بناتے ہیں۔

بقیہ 13

نومبر تک دفعہ 144 کے نفاذ میں توسیع کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق پنجاب میں ہر قسم کے احتجاج، جلسے، جلوس، ریلیوں، دھرنوں اور عوامی اجتماعات پر پابندی برقرار رہے گی، دفعہ 144 کے تحت چار یا زائد افراد کا عوامی مقامات پر جمع ہونا مکمل طور پر ممنوع قرار دیا گیا ہے۔صوبے بھر میں اسلحہ کی نمائش، اشتعال انگیز، نفرت آمیز اور فرقہ وارانہ مواد کی تقسیم و اشاعت پر بھی مکمل پابندی عائد ہے، اسی طرح لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر بھی پابندی برقرار رہے گی، البتہ صرف اذان اور جمعے کے خطبے کیلئے اس کی اجازت ہوگی۔نوٹیفکیشن کے مطابق شادی کی تقریبات، جنازے اور تدفین پر اس پابندی کا اطلاق نہیں ہوگا جبکہ سرکاری فرائض انجام دینے والے افسران و اہلکار اور عدالتیں بھی مستثنیٰ ہیں۔محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق یہ فیصلہ امن وامان برقرار رکھنے، انسانی جانوں اور املاک کے تحفظ کے پیش نظر کیا گیا ہے۔حکام کے مطابق سیکیورٹی خطرات کے پیش نظر عوامی جلوس و دھرنا دہشت گردوں کیلئے سافٹ ٹارگٹ ہوسکتا ہے، شرپسند عناصر عوامی احتجاج کا فائدہ اٹھا کر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے ریاست مخالف سرگرمیاں کر سکتے ہیں۔

بقیہ 14

چین کے سفیر جیان زیڈونگ نے ملاقات کی جس میں پاک چین دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، چین کے سفیر نے اسلام آباد میں خودکش حملے کی مذمت کی۔انہوں نے قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ وزارت خارجہ کے ترجمان نے بھی اس واقعہ کی مذمت کی ہے۔ملاقات کے دوران انسدادِ دہشت گردی اور سیکیورٹی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاک چین تعلقات باہمی اعتماد و احترام پر مبنی ہیں، چین پاکستان کا وہ باعتماد دوست ہے جس نے ہر مشکل وقت میں ساتھ دیا ہے، پاکستان دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثر ملک ہے۔چینی سفیر جیان زیڈونگ نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھیں گے۔

بقیہ 15

زخاروواے کریملن میں ایک پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ خطے میں استحکام کا قیام روس کی اولین ترجیح ہے۔واضح رہے کہ اس سے قبل ایران نے بھی پاکستان اور افغانستان کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی میں کمی کے لیے ثالثی کی پیشکش کی تھی۔روسی وزارت خارجہ کی ترجمان نے پاکستان اور افغانستان کے مابین کشیدگی کو اہم تشویش قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے درمیان سرحدی کشیدگی علاقائی سلامتی کے لیے ایک سنگین خطرہ بن سکتی ہے۔زخاروواکا مزید کہنا تھا کہ ایسی صورتحال میں مصالحتی کوششیں پائیدار امن کے قیام میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔روس نے اس بات پر زور دیا کہ تنازعات کا پائیدار حل صرف مذاکرات اور بات چیت کے ذریعے ممکن ہے۔وزارت خارجہ کی ترجمان نے دونوں ممالک سے اپیل کی کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں، اختلافات کو بات چیت سے حل کریں اور کشیدگی کو مزید بڑھانے والے اقدامات سے گریز کریں۔روس نے اپنے موقف میں واضح کیا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی خطے میں امن و استحکام کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے، اور اس کے حل کے لیے بات چیت کا عمل جاری رکھنا ضروری ہے

بقیہ 16

ساعت کی۔وکیل کے ایم سی نے کہا کہ یہ کیس کے ایم سی کے اختیارات سے متعلق ہے، کے ایم سی نے قرارداد کے ذریعے عوامی پارکس کو کھیلوں کیلئے استعمال کرنے کی منظوری دی، سندھ ہائی کورٹ نے قرار دیا کے ایم سی کو ایسا کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ہم نے سندھ ہائی کورٹ کے فیصلے کیخلاف اپیل دائر کر رکھی ہے۔آئینی عدالت نے کہا کہ یہ مفاد عامہ کا کیس ہے، آئینی عدالت نے سندھ ہائی کورٹ کے فیصلے پر حکم امتناع جاری کر دیا ہے۔عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت 27 نومبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 17

جائی تھیں، جنرل فیض اور جنرل باجوہ نے اس عورت کو پلانٹ کیا، اب یہ بھی پتہ چلنا چاہیے کہ گوگی کہاں سے آئی اور کہاں چلی گئی۔ایک انٹرویو میں خواجہ آصف نے اکاؤنٹ کی خبر کو درست قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاٹی پی آئی مکمل طور پر فیض حمید اور جنرل باجوہ کے کنٹرول میں تھے، جنرل عاصم منیر کی رپورٹ پر پاٹی پی آئی نے ناراض ہو کر انہیں ہٹا دیا تھا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ سنگین مذاق کیا گیا، طاقت کیلئے ایک خاتون کو لانچ کیا گیا، چار پانچ سال کی لوٹ مار کیے منصوبے کے تحت کی گئی۔

انہوں نین کہا کہ لوٹ مار کے پیسے سے پاٹی پی آئی کو حصہ ملتا تھا، باقی پیسہ باہر گیا۔وزیر دفاع نے کہا کہ نواز شریف کے خلاف سپریم کورٹ میں پلان کے تحت فیصلے ہوئے۔وزیر دفاع نے کہا کہ پنجاب جیسے صوبے کے ساتھ سنگین مذاق ہوا، آکسفورڈ سے پڑھ کر بھی یہ سب کرنا افسوسناک ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ عدلیہ کے تبادلوں پر نیا قانون دنیا کے مطابق ہے، جسٹس منصور علی شاہ نے چیف جسٹس کے خواب دیکھے ہوئے تھے وہ نہ بن سکے، عدلیہ آزاد ہونی چاہیے مگر جسٹس ثاقب نثار اور جسٹس اعجاز الاحسن والے انداز میں نہیں۔خواجہ آصف نے کہا کہ فیض حمید عدالتوں اور پاٹی پی آئی دونوں کو کنٹرول کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ ملک کی کمانڈ جادوٹونے کے حوالے کر دی گئی تھی، بشریٰ بی بی دشمن ملک کے ہاتھ لگ جاتیں تو سنگین خطرات پیدا ہوسکتے تھے۔وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی کو دی اکانومسٹ کیخلاف برطانیہ میں کیس کرنا چاہیے۔خواجہ آصف نے سابق خاتون اول بشریٰ بی بی سے متعلق کہا کہ جنرل فیض اور جنرل باجوہ نے اس عورت کو پلانٹ کیا، اب یہ بھی پتا چلنا چاہیے کہ گوگی کہاں سے آئی اور کہاں چلی گئی؟۔انہوں نے کہا کہ بیرسٹر گوہر نے اگر عدالت جانا ہے تو ضرور جائیں، اگر بیرسٹر گوہر عدالت نہیں جائیں گے تو پھر میں چلا جاؤں گا، دی اکانومسٹ کوئی عام جریدہ نہیں ہے، یہ ثابت ہونا چاہیے کہ عدالتوں نے بھی اس خبر کی تصدیق کر دی ہے۔

بقیہ 18

38 کروڑ 60 لاکھ ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق گزشتہ سال اکتوبر میں آئی ٹی برآمدات 33 کروڑ ڈالر تھیں، آئی ٹی برآمدات میں ماہانہ سب سے زیادہ اضافہ ہوا، جولائی تا اکتوبر آئی ٹی ایکسپورٹس 1 ارب 44 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں، گزشتہ سال اسی مدت میں 1 ارب 20 کروڑ ڈالر کی آئی ٹی سروسز کی برآمدات میں 3 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی، مینوفیکچرنگ، ٹرانسپورٹ، ٹریول، تعمیرات، انشورنس شامل ہیں، فنانشل سروسز، بزنس سروسز اور لاجسٹکس وغیرہ بھی شامل ہیں۔

بقیہ 19

اپنی اسناد سفارت پیش کیں، صدر مملکت نے سفیروں کو تعیناتی پر مبارکباد دی اور اعتماد کا اظہار کیا کہ ان کی تقرریاں پاکستان کے ان چار ممالک کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنائیں گی۔ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے پیر کو جاری بیان کے مطابق جن سفیروں نے اسناد سفارت پیش کیں ان میں آسٹریلیا کے نئے تعینات ہائی کمشنر مُنو کیں، ماریشس کے نئے تعینات ہائی کمشنر منسو کرمباکس، ڈنمارک کی نو مقررہ سفیر میجا مورٹینسن اور متحدہ عرب امارات کے مقررہ سفیر سالم محمد سالم البواب الزعبی شامل ہیں۔ایوان صدر آمد پر پاکستان کی مسلح افواج کے ایک چاق و چوبند دستے نے سفیروں کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔صدر مملکت آصف علی زرداری نے سفراء کو ان کی تعیناتی پر مبارکباد دی اور اعتماد کا اظہار کیا کہ ان کی تقرریاں پاکستان کے ان چار ممالک کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنائیں گی۔آسٹریلیا کے نئے تعینات ہائی کمشنر سے بات چیت کے دوران صدر مملکت نے آسٹریلیا کے ساتھ پاکستان کے دوستانہ تعلقات کو اجاگر کیا اور تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو بڑھانے پر زور دیا۔انہوں نے زراعت اور خاص طور پر تعلیم کے شعبے میں تعاون کو بڑھانے کی اہمیت پر روشنی ڈالی جہاں آسٹریلیا میں پاکستانی طلبہ کی ایک بڑی تعداد موجود ہے۔انہوں نے عوام سے عوام کے تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کیا جس میں کھیلوں کا مشترکہ جذبہ شامل ہے اور آسٹریلیا میں مقیم پاکستانیوں کے دونوں ممالک کے درمیان خیر سگالی کو فروغ دینے کے کردار کی تعریف کی۔ماریشس کے نئے تعینات ہائی کمشنر سے ملاقات کے دوران صدر مملکت نے دونوں ممالک کے درمیان طویل عرصے سے قائم دوستی کے رشتوں جن کی بنیاد گہری ثقافتی ہم آہنگی اور مشترکہ کامن ویلتھ ورثہ پر محیط ہیں، کو کلیدی اہمیت کا حامل قرار دیا۔صدر مملکت نے تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، دفاعی تعاون اور باہمی پارلیمانی تعلقات کے شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ڈنمارک کی نئی تعینات سفیر سے بات چیت کے دوران صدر مملکت نے ڈنمارک کے ساتھ پاکستان کے برادرانہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں دونوں ممالک کے درمیان قریبی ہم آہنگی کی تعریف کی۔انہوں نے تجارت، زراعت، ڈیری مصنوعات، ٹیکنالوجی اور انفرا سٹرکچر کی ترقی کے شعبوں میں تعاون کے امکانات پر روشنی ڈالی۔انہوں نے پاکستان کے گرین ٹرانزیشن اور موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف مزاحمت کے ایجنڈے پر ڈنمارک کی حمایت کی تعریف کی۔متحدہ عرب امارات کے نئے تعینات سفیر سے گفتگو میں صدر مملکت نے متحدہ عرب امارات کی حکومت اور عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کا اعادہ کیا جہاں پاکستان 1971ء میں متحدہ عرب امارات کو تسلیم کرنے والا پہلا ملک تھا۔انہوں نے کہا کہ مشترکہ عقیدے، باہمی اعتماد اور خطے میں امن و خوشحالی کی مشترکہ خواہشات پر مبنی یہ تاریخی تعلقات اس برادرانہ رشتے کی پہچان ہیں۔صدر مملکت آصف علی زرداری نے دوطرفہ تجارت، سیکیورٹی اور دفاعی تعاون کو بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا اور اوورسیز پاکستانیوں کو دونوں ممالک کے درمیان پل قرار دیا اور ان کے کردار کو اجاگر کیا۔صدر مملکت نے چاروں سفیروں کے لیے ان کی تعیناتی کی مدت کی کارکردگی کے حوالے سے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ ان کی کوششیں باہمی فوائد اور خوشحالی کے لیے مضبوط دوطرفہ اور کثیرالجہتی شراکت داریوں کا باعث بنیں گی۔

بقیہ 20

پانی آلودہ ہونے کے باعث ہیپاٹائٹس بی سی ، ہیپٹہ، ٹائیفائیڈ کے مریضوں میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے مقامی افراد محمد عمران، محمد انیس، نذر محمد، محمد ناصر اور دیگر نے اس سنگین صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر علاقے میں صاف پانی کی فراہمی کیلئے فلٹریشن پلانٹ نصب کئے جائیں انکا مزید کہنا تھا کہ علاقے میں پینے کا پانی نہ صرف کھارا ہو چکا ہے بلکہ مختلف کیمیکلز کی آمیزش کی وجہ سے صحت کیلئے خطرناک بنتا جارہا ہے ہسپتالوں میں یرقان اور ٹائیفائیڈ ہیپٹہ کے مریضوں میں مسلسل اضافہ انتظامیہ کی غفلت کا منہ بولتا ثبوت ہے اہل علاقہ نے حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ منٹگمری کو مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر اقدامات کیئے جائیں تاکہ عوام کو صاف اور محفوظ پانی فراہم کیا جاسکے اور ہیپاٹائٹس سمیت دیگر وبائی امراض پر قابو پایا جاسکے

بقیہ 21

کے بیٹے حافظ زبیر خلجی کی دعوت ولیمہ میں علماء کرام سیاسی شخصیات تاجر برادری خلجی برادری چوہان برادری کی شرکت تفصیل کے مطابق معروف کاروباری شخصیت معرفت حرمین ٹریولز ایجنسی بستی ملوک کے ڈاکٹر ریکٹر قاری حفیظ اللہ خلجی کے بیٹے حافظ زبیر خلجی کی دعوت ولیمہ میں معروف عالم مولانا قاری غلام مصطفیٰ عابد۔طاہر حمید جنرل منیجر۔مخدوم مظہر عباس ایڈمن منیجر۔اللہ وسایا سپننگ ملز بستی ملوک۔تاجر دوست گروپ کے چیرمین چوہدری راشد صادق۔بستی ملوک میڈیا فورم کے سرپرست اعلیٰ شاہد اسلام۔پیر کریم بخش خان مزل۔چوہدری طاہر مجید۔شاہد مجید۔راؤ مقیم انجم۔سیاسی رہنما چوہدری محمد شوکت۔حاجی محمد اشفاق۔حاجی محمد مشتاق۔نے چک نمبر 8 1ایم آر سے خلجی برادری۔لودھی برادری۔چوہان برادری۔اور تاجر رہنما ؐل اور دیگر سیاسی رہنما ؐل نے شرکت کی دعوت ولیمہ کے بعد تمام شخصیات نے حافظ زبیر خلجی کو شادی کی مبارکباد دی آخر میں میں قاری حفیظ اللہ خلجی۔حافظ محمد شعیب حفیظ خلجی۔اور زوہیب حفیظ خلجی۔اور چوہدری عزیر حفیظ خلجی۔اور ضیب حفیظ خلجی۔نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا کہ آپ نے ہماری خوشیوں میں شرکت کی آپ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہی

بقیہ 22

بچے بھوک سے مر رہے ہیں ایک دن کی چھوٹی کرلیں تو کٹوتی کرتے ہیں مگر دو دو ماہ کی تنخواہیں روک کر ہمارا معاشی قتل کیا جارہا ہے ہمارا گریٹ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز صاحبہ سے اپیل ہے کہ ہماری تنخواہیں دلائے تاکہ ہم اپنے بچوں کی بنیادی ضروریات بروقت پورا کرسکیں

بقیہ 23

کرتے ہوئے فرار پولیس نے موقع پر ڈاکوؤں کی تلاش شروع کرد

بقیہ 24

لودھراں میں عمران بھٹی کے گھر چوری کی واردات ہوئی تھی واردات میں نامعلوم افراد گھر کی دیوار کو نقب لگا کر داخل ہوئے گھر میں رکھا گھریلو سامان نقدی رقم طلائی زیورات (سونا چاندی) جوسر مشین، سلائی مشین، سلائی شدہ وغیر سلائی شدہ 11 قیمتی سوٹ چوری کر کے لے گئے تھے عمران بھٹی کے گھر چوری ہونے والے سامان کی کل مالیت تقریباً 15 لاکھ سے زائد بنتی ہے عمران بھٹی ڈی پی او آفس لودھراں ڈی ایس پی سرکل لودھراں اور ایس پی انوسٹیگیشن وتھانہ سٹی لودھراں میں چکر لگا لگا کر تھک چکا ہے عمران بھٹی نے وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب اور آر پی او ملتان سے درخواست کی ہے کہ میرے ملزمان کو گرفتار کر کے میرے گھر سے چوری ہونے والا سامان جلد از جلد برآمد کرایا جا

بقیہ 25

خطہ صادق آباد روڈ پر ہیوی مشینری کے ہمراہ کارروائیاں کیں، اس موقع پر پل 14 پر قائم دوکانوں مارکیٹوں کے سامنے بنائے گئے غیر قانونی شیڈ، تھڑے اور چھپر مسمار کرتے ہوئے عوامی سرکاری جگہ وارگزار کروالی گئی جس کے نتیجے میں عوامی جگہ کو تجاوزات سے پاک کیا گیا اور نظم و نسق میں بہتری لائی گئی، اس موقع پر دوکانداروں کو ہدایت کی گئی ہے وہ آئندہ ایسی ناجائز تعمیرات تجاوزات سے گریز کریں بصورت دیگر ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، اس موقع پر عوامی سیاسی سماجی حلقوں کی جانب سے ناجائز تجاوزات ختم کروانے سرکاری جگہ وارگزار کروانے پر اسسٹنٹ کمشنر جہانیاں فہد نور اور پیرا فورس ضلعی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا گیا اس موقع پر پیرا فورس کی طرف سے تحصیل بھر میں ناجائز قبضہ مافیاء کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا (تصویر ہمراہ ہے

بقیہ 26

حال کی حفاظت، ہمارے مستقبل کو محفوظ بنانے کے تھیم کے تحت منعقد کی گئی اور اس کا مقصد انٹیٹی مانگو ویبل ریزسٹنس کی سمجھ کو بڑھانا اور طلباء وطالبات کے درمیان ذمہ دارانہ انٹیٹی مانگو ویبل ریزسٹنس کے استعمال کو فروغ دینا تھا۔تقریب کا آغاز فیکلٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز میں بلڈنگ کے سامنے آگاہی واک سے ہوا، جہاں شرکاء نے انٹیٹی مانگو ویبل ریزسٹنس کے بڑھتے ہوئے عالمی خطرے کو اجاگر کیا اور انٹیٹی بائیوٹک کے عقلی استعمال کی اہمیت پر زور دیا۔اس کے بعد فیکلٹی کوریڈور میں اسٹوڈنٹ پوسٹرز اور انفوگرافک مقابلہ ہوا، جہاں طلباء وطالبات نے انٹیٹی مانگو ویبل مزاحمت، صحت اور انٹیٹی مانگو ویبل اسٹیوارڈشپ، تحقیقی اور معلوماتی ویڈیوز پیش کیے۔بعد ازاں، فیکلٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز آڈیٹوریم میں انٹیٹی مانگو ویبل ریزسٹنس کوئز مقابلہ منعقد کیا گیا، جس میں طلباء وطالبات نے پرجوش طریقے سے انٹیٹی مانگو ویبل ریزسٹنس، مزاحمتی میکانزم، اور عالمی رڈمل کے فریم ورک کے بارے میں اپنے علم کا مظاہرہ کیا۔یہ سرگرمیاں بیداری بڑھانے، سائنسی تعلیم کو فروغ دینے، اور انٹیٹی مانگو ویبل مزاحمت کا مقابلہ کرنے کے لیے عالمی کوششوں میں تعاون کرنے کے لیے فیکلٹی کے مضبوط عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔فیکلٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز میں عالمی انٹیٹی مانگو ویبل ریزسٹنس آگاہی ہفتہ 2025 کو ایک بامعنی اور کامیاب اقدام بنانے میں طلباء وطالبات، فیکلٹی ممبران اور منتظمین کی شرکت اور تعاون نے اہم کردار ادا کیا

بقیہ 27

مبارکباد نیک خواہشات کا اظہار۔تفصیل کے مطابق چوک سرور شہید ملک اسد رشید سوہیہ ایڈووکیٹ کی شادی کی پرمسرت اور پروقار تقریب مقامی شادی ہال میں منعقد ہوئی، جس میں علاقے کی نامور سیاسی، سماجی اور عوامی شخصیات سمیت عزیز و اقارب اور دوست احباب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب میں شریک معزز مہمانوں نے دلہا ملک اسد رشید سوہیہ ایڈووکیٹ اور دلہن کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس جوڑے کو خوشیوں، محبت، رحمت اور کامیابیوں بھری زندگی عطا فرمائے۔جس کے بعد دلہا کے دوستوں اور عزیزوں نے خوشی کے اس موقع پر مبارکباد پیش کی۔تقریب میں رنگارنگ انتظامات، دلکش سجاوٹ اور شاندار مہمان نوازی نے شرکاء کے دل جیت لیے۔اس موقع پر ساجد خان چانڈیو ایڈووکیٹ سابق جنرل سیکرٹریا یم پی اے رانا اور نگزیب ملک مصطفیٰ کھر ملک مجاہد اسٹرایڈووکیٹ ملک مجاہد اسٹرایڈووکیٹ آصف خان چانڈیہ ایڈووکیٹ اعجاز خان کنگ ایڈووکیٹ اعجاز خان کنگ ایڈووکیٹ ریاض خان کلاچی ایڈووکیٹ بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔انہوں نے دلہا ملک اسد رشید سوہیہ ایڈووکیٹ کو شادی کی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ملک اسد رشید سوہیہ ایڈووکیٹ ایک بااخلاق، مخلص اور قابلِ احترام نوجوان ہیں، جنہیں علاقے میں محبت اور عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔تقریب میں موجود مہمانوں نے کہا کہ ایسی خوشیوں بھرے لمحات سماجی ہم آہنگی اور بھائی چارے کو مزید فروغ دیتے ہیں۔محفل میں ہنسی، خوشی اور دعاؤں کے خوبصورت مناظر دیکھنے کو ملے، جبکہ آخر میں تمام مہمانوں کی پرتکلف دعوتِ ولیمہ سے تواضع کی گئی

بقیہ 28

ے) کسی نے افواہیں کیا اپنی مرضی سے گھر چھوڑا، شوہر نے نشہ کرکے تشدد کرنا معمول بنالیا تھا، لوگوں کے خلاف جھوٹی درخواستیں دیے کرانہیں حراساں کرتا ہے وزیر اعلیٰ، آئی جی پنجاب اور ضلعی پولیس تحفظ فراہم کریں اور مجھے انصاف دلائیں، بیوی نازیہ کی پریس کانفرنس۔تفصیل کے مطابق محلہ اسلام پورہ دھنوٹ کی رہائشی نازیہ بی بی نے منگل کے روز لودھراں پریس کلب رجسٹرڈ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے الزام لگایا کہ میرا شوہر امید علی مبینہ طور آتش کا نشہ کرتا ہے اور نشے کی حالت میں مجھ پر تشدد کرتا ہے جس کی وجہ سے میں نے مجبور ہو کر رشتہ داروں کے گھر پناہ لی ہوئی ہے اور شوہر کے خلاف تنسیخ نکاح کا دعوی عدالت میں کر رکھا ہے میرے شوہر نے میرے رشتہ داروں اور محلے والوں کو پریشان کر رکھا ہے کہ مجھے اغواء کیا گیا ہے جس میں کوئی صداقت نہیں میں اپنی مرضی سے رشتہ داروں کے گھر رہ رہی ہوں میرا شوہر میرے اور رشتہ داروں کے خلاف جھوٹی کارروائیاں اور درخواستیں دے کر ہم سب کو ہراساں کر رہا ہے میری وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، آئی جی پنجاب، پولیس، آر پی او ملتان اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سے اپیل ہے کہ مجھے قانونی اور جسمانی تحفظ فراہم کرتے ہوئے انصاف دلایا جائے

بقیہ 29

ملاقات، سیاسی امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی، باہمی اتفاق سے چلنے کا ارادہ کیا

بقیہ 30

ایک خاتون نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ دفتر میں موجود اقبال نامی شخص نے اسے پیغام دیا ہے کہ دفتر سے باہر رضوان نامی شخص کو تین ہزار روپے ادا کرو گی تو تمہارا سروے کر دیا جائے گا اور تمہاری رقوم کی ترسیل شروع ہو جائے گی خاتون نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ دفتر میں موجود عملہ لوگوں کو بھاری رشوت کا مطالبہ کرتا ہے اور رشوت کی ادائیگی دفتر کے باہر بیٹھے اس شخص کو ادا کرنا ہوگی خاتون نے متعلقہ کام سے گزارش کی ہے کہ سروے کے نظام کو ٹرانسپیرنٹ اور موثر بنایا جائے اور دفتر میں موجود کالی بھیڑوں کا خاتمہ کیا جائے اور خواتین کی عزت نفس کو بحال رکھا جائے

بقیہ 31

جانے لگی علاقہ مکین سرکاری سکولوں کی بجائے پرائیویٹ سکولوں میں بچوں کے داخلے کروانے پر مجبور تفصیل کے مطابق اک طرف صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے پنجاب بھر کے تعلیمی اداروں کو بہترین بنانے کے احکامات تو دوسری جانب وہاڑی میں سی ای او ایجوکیشن کی عدم توجہ اور افسران پر گرفت نہ ہونے کی وجہ سے گورنمنٹ بوائز پائی سکول اور پرائمری سیکشن نو گیارہ ڈیلوبلی میں تعلیم کے حصول کے لیے آنے والے بچوں سے بڑے بڑے پلاٹوں کی صفائی اور کوڑے کے ڈھیر صاف کروانے کے ساتھ چوکیدار کی ڈیوٹی بھی بچوں سے لی جانے لگی جس پر اہل علاقہ محمد کاشف۔نصیر خاور۔شرافت۔عدنان ودیگر نے بتایا کہ اس سے قبل ان سکولوں کے کمروں سے سے چوری کا سامان شراب برآمد ہو چکا ہے جس پر پولیس تھانہ ٹی نے سکول سے باہر کا واقعہ بنا کے درجہ چہارم کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا اسے بھی علاقہ مکینوں نے اپنی مدد آپ پولیس کو آگاہ کیا مگر تاحال سکول انتظامیہ بے حسی اور بچوں سے جبری مشقت کروانے میں مصروف جس وجہ کئی والدین نے اپنے بچوں کو سکولوں سے ہٹا کر پرائیویٹ سکولوں میں داخل کروا دیا ہے علاقہ مکینوں نے صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات۔سیکرٹری ایجوکیشن پنجاب ڈپٹی کمشنر وہاڑی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہ

بقیہ 32

پنجاب پولیس آفس میں ترقی پانے والے افسران کو رینک لگائے ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ پنجاب محمد کامران خان نے ساؤتھ پنجاب پولیس آفس میں ترقی پانے والے افسران سب انسپکٹر محمد اقبال پبلک ریلیشن آفیسر ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ پنجاب، اسسٹنٹ سب انسپکٹر سہیل قیصر، اسسٹنٹ سب انسپکٹر عمران مقبول اور سب انسپکٹر فیصل عادل کو رینک لگائے اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ پنجاب نے کہا ترقی اللہ کی عطا کردہ خوبصورت نعمت ہے اس کو عوام کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر ایک نئے عزم کے ساتھ اپنے فرائض ادا کریں۔مزید آنے والی زندگی میں ترقی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اس موقع پر اے آئی جی انوسٹیگیشن جاوید اقبال خان بھی موجود تھے آخر میں ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ پنجاب محمد کامران خان نے ترقی پانے والے افسران کی فیملی کے ساتھ گروپ فوٹو بھی بنوائے

بقیہ 33



نہاری

اجزاء : گائے کا گوشت (بونگ) آدھا کلو، ادرک پیسٹ دو چائے کے چمچ، لہسن پیسٹ ڈیڑھ چائے کا چمچ، دھنیا پاؤڈر تین چائے کے چمچ، سرخ مرچ پاؤڈر دو چائے کے چمچ، ہلدی پاؤڈر آدھا چائے کا چمچ، نمک ڈیڑھ چائے کا چمچ، دہی آدھا کپ، تیل تین چوتھائی کپ، چنے ایک کھانے کا چمچ (پیس لیں)، خشخاش ایک کھانے کا چمچ (پیس لیں)، چھوٹی الائچی چار عدد (پیس لیں)، جائفل چوتھائی حصہ (پیس لیں)، جاوتری چار سے چھ ٹکڑے (پیس لیں)، سونف ایک کھانے کا چمچ (پیس لیں)، زیرہ ایک کھانے کا چمچ پسا ہوا، گرم مسالحہ پسا ہوا ایک کھانے کا چمچ، آٹا دو کھانے کے چمچ، ہرا دھنیا، ہری مرچیں اور لیموں (گارنشنگ کے لیے)

ترکیب: ایک پتیلی میں تیل گرم کریں اور اس میں لہسن ادرک کا پیسٹ، چھوٹی الائچی، خشخاش، چنے، سرخ مرچ پاؤڈر، ہلدی پاؤڈر، دھنیا پاؤڈر اور نمک تھوڑے پانی کے ساتھ ڈال کر بھونیں۔ جب مصالحہ اچھی طرح بھن جائے تو گوشت ڈال دیں اور اتنا پانی شامل کریں کہ گوشت اچھی طرح سے گل جائے۔ جب گوشت آدھا گل جائے تو اس میں جائفل، جاوتری، سونف اور زیرہ بھی شامل کر دیں۔ گوشت اچھی طرح گل جائے تو تھوڑے سے تیل میں دہی کو فرائی کریں اور اس میں پانی میں گھولا ہوا آٹا شامل کر دیں۔ ان اجزاء کو اچھی طرح مکس کر کے نہاری میں ڈال دیں اور دم پر لگا دیں۔ ڈش میں نکال کر گرم مسالحہ چھڑکیں اور باریک کترا ہوا دھنیا اور ہری مرچیں شامل کر دیں۔ لیموں اور ادرک کی قاشوں کے ساتھ سرو کریں۔

یوگرٹ قورمہ روسٹ

اجزاء

چکن ایک کلو، ادرک، لہسن پیسٹ دو کھانے کے چمچ، پیاز تین عدد، لال مرچ پاؤڈر ایک کھانے کا چمچ، دھنیا پاؤڈر ڈیڑھ کھانے کا چمچ، گرم مصالحہ پاؤڈر ایک کھانے کا چمچ، دہی ڈیڑھ کپ، کیوڑہ ایسنس ایک چائے کا چمچ

نمک حسب ذائقہ، تیل/گھی ایک کپ

ترکیب:

ایک پیاز کچی پیس لیں اور دو پیاز باریک کاٹ لیں۔ آدھا کپ دہی میں ایک کھانے کا چمچ ادرک لہسن پیسٹ، پسی ہوئی پیاز، نمک اور گرم مصالحہ پاؤڈر ڈال کر مکس کر لیں۔ اس آمیزے میں چکن کے ٹکڑوں کو اچھی طرح میری نیٹ کر کے ایک گھنٹے کے لئے فریج میں رکھ دیں۔

ایک کپ دہی میں نمک، لال مرچ پاؤڈر اور دھنیا پاؤڈر ڈال کر مکس کر لیں۔ کڑاہی میں چار کھانے کے چمچ گھی گرم کریں اور مصالحے لگے ہوئے چکن کے ٹکڑوں کو تیز آنچ پر فرائی کر لیں۔

فرائنگ پین میں گھی گرم کر کے اس میں کٹی ہوئی پیاز ڈال کر سنہری فرائی کر لیں۔ اس میں ادرک لہسن پیسٹ ڈال کر ایک سے دو منٹ فرائی کریں پھر اس میں فرائی کی ہوئی چکن اور مصالحہ ملی ہوئی دہی ڈال کر اچھی طرح مکس کر لیں اور درمیانی آنچ پر پکائیں۔ پندرہ سے بیس منٹ بعد جب گوشت گل جائے تو اس میں کیوڑہ ایسنس چھڑک کر ہلکی آنچ پر پانچ سے سات منٹ کے لئے دم پر رکھ دیں۔ ڈش میں نکال کر حسب پسند شیرمال اور تافتان کے ساتھ پیش کریں۔

فرائیڈ رائس وِد پرانز

اجزاء : چاول (ابلے ہوئے) چار کپ، انڈے تین عدد، جھینگے آدھا پاؤ، ہرا دھنیا (کٹا ہوا) دو کھانے کے چمچ، لال مرچیں (کٹی ہوئی) تین سے چار عدد، لہسن (کٹا ہوا) دو چائے کے چمچ، ہری پیاز (کٹی ہوئی) دو عدد، مٹر (ابلے ہوئے) آدھا کپ، آئل چار کھانے کے چمچ، چائنیز نمک آدھا چائے کا چمچ

ترکیب: فرائی پین میں دو کھانے کے چمچ آئل ڈال کر گرم کر لیں۔ ایک پیالے میں انڈوں میں نمک ملا کر ہلکا سا پھینٹیں اور فرائی کر لیں۔ اب فرائی پین میں باقی آئل ڈالیں، اس میں پہلے پیاز کو فرائی کریں پھر لہسن اور جھینگے شامل کر دیں۔ اس کے بعد لال مرچ، مٹر، انڈا اور چائنیز نمک ملا کر دو سے تین منٹ تیزی سے چمچ چلا کر فرائی کریں اور چولہے سے اتار لیں۔ آخر میں چاول شامل کر کے گرما گرم فرائیڈ رائس وِد پرانز کھانے کے لیے پیش کریں۔

قیمہ کڑاہی

اجزاء: قیمہ آدھا کلو، ہری مرچیں چار عدد، ٹماٹر دو عدد، پیاز دو عدد درمیانی، دہی ایک کپ، ہرا دھنیا، ادرک لہسن کا پیسٹ دو چائے کے چمچ، نمک حسب ذائقہ، پپیتا ہلدی ایک چائے کا چمچ، پسا گرم مصالحہ ایک چائے کا چمچ، پسا ہوا دھنیا ایک چائے کا چمچ، گٹی لال مرچ ایک کھانے کا چمچ، ثابت دھنیا کٹا ہوا دو چائے کے چمچ، زیرہ دو چائے کے چمچ

ترکیب: قیمہ میں پپیتا لگا کر پانچ منٹ رکھ لیں۔ آدھا کپ تیل گرم کر کے اس میں پیاز ہلکے سنہری کر لیں، پھر ادرک لہسن کا پیسٹ ڈال کر کچھ دیر بھون لیں اور پسا ہوا دھنیا، ہلدی، گٹی لال مرچ، نمک اور ٹماٹر ڈال کر ملا لیں پھر دہی ڈال کر بھون لیں۔ اب قیمہ اور ہرا دھنیا شامل کریں۔ جب گل جائے تو اس میں کٹا ہوا ثابت دھنیا، زیرہ، پسا گرم مصالحہ اور ہری مرچیں ڈال دیں، کچھ دیر بھونیں اور کڑاہی قیمہ تیار ہے۔

دال کریلے

اجزاء : کریلے آدھا کلو، ہری مرچیں چار عدد، درمیانی پیاز چار عدد، میتھی دانہ حسب ضرورت، چنے کی دال ابلی ہوئی ایک پیالی، سرسوں کا تیل ایک پیالی، املی کا گودا آدھی پیالی، پسی ہوئی ہلدی ایک چائے کا چمچ، کلونجی ایک چائے کا چمچ، پسا ہوا لہسن ادرک ایک چائے کا چمچ، ثابت دھنیا ایک چائے کا چمچ، سونف ایک چائے کا چمچ، ہرا دھنیا حسب ضرورت، نمک حسب ذائقہ

ترکیب: کریلوں کو اچھی طرح سے دھو کر چھلنی میں رکھ دیں۔ تیل گرم کر کے پیاز سنہری کریں اور سونف، دھنیا، کلونجی، میتھی دانہ، نمک، ادرک لہسن، ہلدی اور لال مرچ ملا لیں۔ مصالحے کو بھوننے کے بعد تلی پیاز، ہری مرچ اور املی کا گودا ملا دیں۔ دال اور پیاز کریلوں میں بھر کر دھاگے سے باندھ دیں۔ فرائینگ پین میں تیل گرم کر کے تلیں۔ تلے ہوئے کریلے مصالحے والی دیگچی میں ڈال دیں اور 15 منٹ تک دم پر رکھیں۔ مزے دار دال بھرے کریلے تیار ہیں۔

سپیشل آملیٹ

اجزاء: انڈے چار سے پانچ عدد، نمک حسب ذائقہ، کالی مرچ پسی ہوئی آدھا چائے کا چمچ، سفید مرچ پسی ہوئی آدھا چائے کا چمچ، شملہ مرچ ایک عدد، گاجر ایک عدد، گوشت کی یخنی ایک پیالی، چیز آدھی پیالی، مارجرین یا مکھن ایک کھانے کا چمچ، آئل حسب ضرورت

ترکیب: گاجر، ہری پیاز اور شملہ مرچ کے چھوٹے ٹکڑے کر لیں۔ انڈوں کو پھینٹیں، نمک اور کالی مرچ شامل کر کے اچھی طرح ملائیں۔ فرائینگ پین میں مارجرین یا مکھن کے ساتھ ایک کھانے کا چمچ آئل ڈال کر ایک سے دو منٹ گرم کریں اور اس میں تمام کٹی ہوئی سبزیاں ڈال کر تیز آنچ پر فرائی کریں، پھر اس میں یخنی، نمک اور سفید مرچ ڈال کر تیز آنچ پر پکاتے ہوئے پانی خشک کر لیں۔ علیحدہ فرائینگ پین میں دو سے تین کھانے کے چمچ آئل ڈال کر گرم کریں اور انڈے کے مکسچر کو چار سے پانچ حصوں میں پین کیک کی طرح سنہرا فرائی کر لیں۔

فواد خان اور ماہرہ خان کے مداحوں کے لیے خوشخبری

فلم "نیلوفر" ریلیز کے لیے تیار، پرموشنز کا آغاز ہو گیا

اداکار فواد خان اور اداکارہ ماہرہ خان کی رومانوی فلم 'نیلوفر' کا انتظار ان کے مداحوں کو بہت زیادہ ہے۔ فلم کو مکمل ہوئے بھی ایک عرصہ گزر چکا ہے لیکن اسکی ریلیز مسلسل تاخیر کا شکار رہی ہے۔ لیکن اب ماہرہ خان اور فواد خان کے مداحوں کے لیے خوشخبری ہے



کہ فلم رواں برس سینما گھروں کی زینت بننے جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں فلم کا پہلا پوسٹر بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ اب یہ فلم اس موسم سرما میں سینما اسکرین پر پیش کی جائے گی۔

اسی سال اپریل میں ماہرہ خان نے ایک انٹرویو میں بتایا تھا کہ شوٹنگ مکمل ہونے میں صرف 10 دن باقی تھے، لیکن کووڈ کی وجہ سے سب کچھ رک گیا۔ ان سے جب سوال ہوا کہ فلم کب ریلیز ہو رہی ہے تو انہوں نے کہا کہ اگر میں اس فلم کی پروڈیوسر ہوتی تو فلم کب کی ریلیز کی جا چکی ہوتی۔ انہوں نے اسی انٹرویو میں فواد خان سے ریکویسٹ بھی کی تھی کہ برائے مہربانی فلم کو ریلیز کر دیجیے مجھے اسکی ریلیز کا بہت انتظار ہے۔ جیسے ہی فلم کی شوٹنگ ختم ہوئی، ماہرہ خان نے انسٹاگرام پر شوٹنگ کے دوران کھینچی گئی تصاویر شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو بتایا کہ فلم کی لکس بندی مکمل کر لی گئی ہے۔ انہوں نے پوسٹ میں ذکر کیا کہ 'نیلوفر' کی پوری ٹیم نے فلم کو شاندار بنانے کے لیے ان تھک محنت کی۔ اگرچہ فلم کی کہانی کے بارے میں زیادہ تفصیلات نہیں بتائی گئیں، 'نیلوفر' کی کہانی امر رسول نے لکھی ہے اور وہی فلم کے ہدایتکار بھی ہیں، جب کہ اسے اوصاف شارق نے پروڈیوس کیا ہے۔ فواد خان کی حال ہی میں بھارتی فلم ابیر غلال ریلیز ہوئی ہے چونکہ فلم بھارت میں شدت پسندانہ رویوں کے باعث ریلیز نہیں ہو سکی لیکن بھارت کے علاوہ دنیا بھر میں ریلیز ہوئی۔ دوسری طرف ماہرہ خان کی عیدالاضحیٰ پر ریلیز ہونے والی فلم "لوگرو" نے ریکارڈ ساز کامیابی حاصل کی ہے۔ دالچینی آف مولا جٹ کے علاوہ چھوٹی بڑی سکرین پر ایک ساتھ نظر نہیں آئے۔ تاہم نیلوفر کے ذریعے ایک بار پھر انکے مداح انہیں ایک ساتھ دیکھ سکیں گے۔



ہمایوں سعید نے ٹیلنٹ ہنٹ کا آغاز کر دیا

مقبول اداکار ہمایوں سعید نے نوجوان باصلاحیت افراد کو انٹرٹینمنٹ انڈسٹری میں شامل ہونے کا موقع دینے کے لیے ایک ٹیلنٹ ہنٹ کا آغاز کیا ہے۔ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی پوسٹ میں ہمایوں سعید نے لکھا کہ وہ ایسے نوجوانوں کی تلاش میں ہیں جو کسی بھی طریقے سے تخلیقی عمل کا حصہ بننا چاہتے ہوں۔ پوسٹ میں شرکا کے لیے مختلف کرداروں کی فہرست دی گئی جن میں اسسٹنٹ پروڈیوسرز، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز، لائن پروڈیوسرز، آرٹ ڈائریکٹرز، پروڈکشن ڈیزائنرز، رائٹرز، پرفارمرز، گلوکار، موسیقار، ایڈیٹرز، وی ایف ایکس آرٹسٹ اور گرافک ڈیزائنرز شامل ہیں۔ اداکار نے بتایا کہ منتخب ہونے والے شرکا کو مختلف قیادت کے کردار ادا کرنے کی تربیت دی جائے گی اور اس کے لیے تعلیمی قابلیت یا فنون میں پچھلا تجربہ ضروری نہیں ہے۔ ہمایوں سعید نے نئے گریجویٹس کو پروگرام میں درخواست دینے کی ترغیب دی اور کہا کہ اس کے لیے عمر کی کوئی خاص حد مقرر نہیں ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ درخواست دہندگان کا جذبہ اور عزم سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے، ٹیلنٹ ہنٹ کے لیے درخواستیں ان کی ٹیم کو دیے گئے ای میل ایڈریس پر بھیجی جا سکتی ہیں۔

فلم "ڈیمک" اب باہر کے ملکوں کی زینت بنے گی

عیدالاضحیٰ کے موقع پر جون 2025 میں ملک میں ریلیز کی جانے والی ہارر فلم 'ڈیمک' کو مقامی باکس آفس پر شاندار کامیابی کے بعد آئندہ ماہ دنیا بھر میں ریلیز کرنے کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ 'ڈیمک' کو شاندار کہانی، مناظر اور فلم نگاری کی وجہ سے اکتوبر میں یورپ، امریکا اور مشرق وسطیٰ ممالک میں ریلیز کیا جائے گا۔ فلم کو ابتدائی طور پر برطانیہ، امریکا، کینیڈا اور متعدد دیگر یورپی ممالک میں ریلیز کیا جائے گا، جس کے بعد ترتیب وار اسے خلیجی اور مشرق وسطیٰ ممالک میں بھی ریلیز کیا جائے گا۔ 'ڈیمک' کو 17 اکتوبر کو امریکا اور یورپ جب کہ 23 اکتوبر کو خلیجی اور مشرق وسطیٰ ممالک میں ریلیز کر دیا جائے گا۔ ہارر فلم نے پاکستان میں ریکارڈ کمائی کرتے ہوئے 18 کروڑ روپے کے لگ بھگ کمائی کی تھی، یہ پاکستان میں کسی بھی مقامی ہارر فلم کی سب سے زیادہ کمائی تھی۔ رافع راشدی کی ہدایت کاری اور عائشہ مظفر کی تحریر کردہ اس فلم کی کہانی ساس اور بہو کے درمیان کشیدہ تعلقات کے گرد گھومتی ہے۔ فلم کی میگا کاسٹ میں جاوید شیخ، ثمینہ پیرزادہ، بشریٰ انصاری، سونیا حسین، فیصل قریشی اور ثمن انصاری سمیت دیگر نامور اداکار شامل ہیں۔ کہانی ایک ایسے خاندان پر مبنی ہے جن کے گھر میں رفتہ رفتہ خوفناک اور پراسرار ماورائی سرگرمیاں بڑھنے لگتی ہیں، جیسے جیسے یہ واقعات شدت اختیار کرتے ہیں، ساس اور بہو کے تعلقات مزید کشیدہ ہوتے جاتے ہیں، جب کہ بیٹا ان دونوں کے درمیان الجھ کر رہ جاتا ہے۔ فلم کو شائقین کی جانب سے بھرپور پذیرائی ملی تھی، جس کے بعد اب سے دنیا کے متعدد ممالک میں ریلیز کرنے کا اعلان کر دیا گیا ہے۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا ملک کے دفاع کے عزم کا اعادہ

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ جنگ مسلط کرنے والوں کو اسی طرح جواب دیا جائے گا جیسا مئی میں دیا۔ وفاقی دارالحکومت میں اردن کے شاہ عبداللہ دوم کے اعزاز میں ظہرانے کے موقع پر ایوان صدر میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کے خلاف جنگ میں اللہ نے پاکستان کو سربلند کیا۔ پاکستان امن پسند ملک ہے، جنگ مسلط کرنے والوں کو اسی طرح جواب دیں گے جیسا مئی میں دیا تھا۔ مسلمان جب اللہ پر بھروسا کرتا ہے تو اللہ دشمن پر اس کی پھینکی مٹی کو بھی میزائل بنا دیتا ہے۔ انھوں نے غزوہ احد سے متعلق بات کی اور قرآنی آیات کا حوالہ دیا۔ اس دوران صدر آصف علی زرداری اور فیلڈ مارشل کے درمیان بھی گفتگو ہوئی۔ ادھر، اسلام آباد میں اردن کے شاہ عبداللہ دوم کو پاکستان کا اعلیٰ ترین سول اعزاز 'نشانِ پاکستان' دینے کی تقریب ہوئی۔ صدر مملکت نے شاہ عبداللہ دوئم کو اعلیٰ ترین سول ایوارڈ نشان پاکستان دیا۔ شاہ عبداللہ دوئم کو اعزاز دوطرفہ تعلقات مضبوط بنانے، علاقائی اور عالمی امن کے لیے خدمات کے اعتراف میں دیا گیا۔ شاہ عبداللہ دوم نے صدر مملکت کو اردن کے ایوارڈ 'وسام النہضہ المرصع' (آرڈر آف دی رینیسانس) سے نوازا۔ یہ ایوارڈ سربراہانِ مملکت اور معزز شخصیات کو دیا جاتا ہے۔ صدر زرداری سے شاہ عبداللہ دوم نے ایوان صدر میں ملاقات بھی کی جس میں صدر مملکت نے پاکستان اور اردن کے دیرینہ، برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ صدر آصف علی زرداری اور شاہ عبداللہ دوم نے دوطرفہ تعاون کو نئے شعبوں تک توسیع دینے پر اتفاق کیا۔ صدر نے اردن کے ساتھ قریبی تعاون کے عزم کا اعادہ کیا۔ صدر زرداری اور اردن کے فرماں روا نے مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ خطے میں امن واستحکام کی مشترکہ حمایت کی۔ صدر آصف علی زرداری اور شاہ عبداللہ دوم نے دو ریاستی حل کے تحت آزاد، خودمختار اور قابل عمل فلسطینی ریاست کے قیام پر زور دیا۔ ڈپٹی وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ سینیٹر مصدق ملک، سیکرٹری وزارت خارجہ اور پاکستان اور اردن کے سفیران بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اردن کے فرمانروا نے پاکستان کے دفاعی ادارے گلوبل انڈسٹریل اینڈ ڈیفنس سلوشنز کا دورہ کیا۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق، شاہ عبداللہ دوم کے ہمراہ شہزادی سلمیٰ بنت عبداللہ سمیت سول و عسکری حکام کا اعلیٰ سطح کا وفد بھی موجود تھا۔ دورے کے موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اردن کے بادشاہ اور ان کے وفد کا گرم جوشی سے استقبال کیا اور انھیں تفصیلی بریفنگ دی جس میں پاکستان کی مقامی دفاعی پیداوار، تکنیکی جدت اور اردن کے ساتھ دوطرفہ دفاعی تعاون کے امکانات پیش کیے گئے۔ بعدازاں، شاہ عبداللہ دوم نے ٹلہ فیلڈ فائرنگ رینج کا بھی دورہ کیا جہاں انھوں نے مشترکہ فائر اینڈ مینوور مشق دیکھی جس میں زمینی، فضائی اور ملٹی ڈومین آپریشنز کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ ڈرونز، پیکٹرم وارفیئر اور مربوط فائر پاور کا شاندار مظاہرہ کیا گیا۔ اردن کے بادشاہ نے مشق میں شرکت کرنے والے جوانوں اور ہوائی عملے کی تربیت، پیشہ ورانہ مہارت اور عملی صلاحیتوں کی بھرپور تعریف کی۔ اس موقع پر وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اردن کے بادشاہ اور اردن کے عوام کے لیے گہرا احترام اور محبت رکھتا ہے، اور یہ دورہ دونوں ممالک کے دیرینہ تعلقات، باہمی اعتماد اور امن وترقی کے مشترکہ مقصد کی عکاسی کرتا ہے۔ دورے کے دوران فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان اور اردن کے درمیان مضبوط دفاعی شراکت داری پر زور دیا اور مستقبل میں عسکری تعاون کو مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دریں اثناء ؎ شاہ اردن نے آرمی چیف کو 'آرڈر آف دی ملٹری میرٹ' (فرسٹ ڈگری) سے نوازا۔ پاکستان اور اردن کے مابین ویسے بھی تاریخی تعلقات ہیں لیکن شاہ عبداللہ دوم کے حالیہ دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان مزید قربت کے امکانات پیدا ہوئے ہیں۔ دونوں ملکوں کا باہمی تعاون جہاں ان دونوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا وہیں اس اتحاد سے مسئلہ فلسطین کے حل کے لیے راستہ ہموار ہوتا بھی دکھائی دے رہا ہے۔ پاکستان اور اردن کی طرف سے اہم شخصیات کو جو اعزازات دیے گئے ہیں ان سے ان ملکوں کے آپس میں تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔ شاہ عبداللہ دوم کے دوروزہ سرکاری دورے کے موقع پر دونوں ملکوں کے درمیان جو معاہدے ہوئے ان سے انھیں دفاعی اور معاشی حوالے سے فائدہ پہنچے گا جو دونوں کو مضبوط اور مستحکم بنانے میں کردار ادا کرے گا۔ جہاں تک فیلڈ مارشل عاصم منیر کی طرف سے پاکستان کے دفاع کے ضمن میں دیے گئے بیان کا تعلق ہے تو یہ ایک حقیقت ہے کہ پاکستان کی افواج ملک کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہیں اور ہمارا ازلی دشمن بھارت رواں برس مئی کے مہینے میں ہمیں آزما کر دیکھ چکا ہے اور اس کو پاکستان کی طرف سے جو بھرپور اور مسکت جواب دیا گیا اس نے پوری دنیا پر بھی یہ بات واضح کر دی ہے کہ پاکستان کی افواج اپنے ملک کے دفاع کے لیے کس حد تک جا سکتی ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ مئی سے لے کر اب تک جو پاکستان کے گن گا رہے ہیں اس کے پیچھے بھی ہماری مسلح افواج کی اسی بے مثال کارکردگی کا دخل ہے۔ بھارت اور اس کی پراکسیز کے لیے پاکستان کی طرف سے دوٹوک جواب یہی ہے کہ اگر وہ پاکستان کو نقصان پہنچانے کے لیے کوئی اقدامات کریں گے تو ہماری افواج جوابی کارروائی کے طور پر ان کے ایڈونچرز کو ایسے مس ایڈونچرز میں تبدیل کر دیں گی کہ پھر عرصہ دراز تک وہ اپنے زخم چاٹتے رہیں گے۔



فرمان قائد

میں پوچھتا ہوں بنگال کے اصل باشندے کون تھے۔ وہ ہرگز نہیں جو آج کل بنگال میں رہتے ہیں۔ پس یہ کہنے کا کیا فائدہ ہے کہ ہم پنجابی ہیں، ہم سندھی ہیں، ہم پٹھان ہیں؟ نہیں ہم مسلمان ہیں۔

(جلسہ عام، ڈھاکہ 21 مارچ 1948ء)



فرمودہ اقبال

میری ذاتی رائے یہ ہے کہ اسلامی نظام میں ریاست کے تصور کو دیگر تمام تصورات پر حاوی خیال کرنا سخت غلطی ہے کیونکہ اسلام میں تو روحانی دنیا اور مادری دنیا الگ الگ نہیں۔ یہ بات درست نہیں کہ دین اور سیاست دو مختلف حقیقتیں ہیں۔ اسلام ایک ایسی واحد حقیقت ہے جس کا تجزیہ نہیں کیا جا سکتا۔

(از خطاب اقبال ایک جائزہ۔ محمد شریف بقاء)

''آئینِ نَو'' سے ڈرنے اور ''طرزِ کہن'' پر اَڑنے والے

علامہ محمد اقبال، جنہیں اہلِ ایران محبت سے اقبالِ لاہوری کہتے ہیں، ہمارے قومی شاعر ہیں۔ اُنہیں جدید دَور کے علمائے فلاسفہ میں بھی بلند مقام حاصل ہے۔ ہم اُنہیں شاعرِ مشرق، حکیم الامت اور یکے از بانیِ پاکستان کے خوبصورت اور دلکش ناموں سے بھی یاد کرتے اور پکارتے ہیں۔ اِس موقع پر مجھے ''اقبال کے حضور'' نامی ایک نہائت شاندار تصنیف یاد آ رہی ہے۔ اِسے جناب سید نذیر نیازی نے تحریر کیا۔ یہ دراصل علامہ اقبال کے دولت کدے پر برپا لاتعداد مجالس کی ڈائری ہے۔ سید نذیر صاحب مرحوم اِن بلند علمی مجالس میں باقاعدہ شریک ہوتے تھے۔ حکیم الامت کی زبان سے جو کچھ بھی سُنتے، ڈائری میں لکھ لیتے اور بعدازاں علامہ اقبال کو اپنے لکھے الفاظ دکھا اور پڑھا کر اِسے محفوظ کر لیتے۔ یہی محفوظ الفاظ بعد ازاں کتابی شکل میں ''اقبال کے حضور'' کے زیرِ عنوان شائع ہُوئی۔ اِس دلکشا تصنیف میں ہم علامہ اقبال کو اپنے کلام، نظریات اور افکار کی تشریح وتفسیر اور گرہ کشائی فرماتے دیکھتے ہیں۔ مذکورہ تصنیف میں مصنف نے، محبت واحترام سے، علامہ اقبال کو ہر جگہ ''حضرت علامہ'' کے نام سے یاد کیا ہے۔ یہی بین الاقوامی شہرت یافتہ شاعر، فلسفی اور ہمارے نظریہ ساز، علامہ اقبال، اپنے ایک معروف شعر میں فرماتے ہیں کہ دُنیا میں وہی قومیں اپنی منزل پر پہنچنے میں رکاوٹوں اور کٹھن کا سامنا کرتی ہیں جو آئینِ نَو سے ڈرتی اور طرزِ کہن پر اَڑتی ہیں۔ یہ طرزِ فکر وعمل ٹھیک نہیں ہے: آئینِ نَو سے ڈرنا، طرزِ کہن پہ اَڑنا/ منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں! حضرت علامہ نے تو ہمیں شعر کی زبان میں ہمارے اجتماعی مرض کی نشاندہی کرتے ہُوئے مدتوں قبل فرما دیا تھا کہ آگے بڑھنے اور ترقی کرنے کی راہ میں کونسے عناصر ''کٹھن'' کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اب جب کہ آئینِ پاکستان میں 27ویں ترمیم کی صورت میں ''آئینِ نَو'' سامنے آ چکا ہے، دونوں ایوانوں سے منظور بھی ہو چکا ہے اور صدرِ مملکت اِس پر دستخط بھی فرما چکے ہیں تو پرانے آئین پر بدستور اَڑنے اور اَکڑنے کی ضرورت کیا باقی رہ جاتی ہے؟ لیکن نہیں صاحب! بعض لوگ ''آئینِ نَو'' سے ڈرتے ہُوئے اور اپنی طرزِ کہن پر اَڑتے ہُوئے اپنے بلند عہدوں سے مستعفی ہو رہے ہیں۔ حالیہ 27ویں آئینی ترمیم کے تناظر میں سپریم کورٹ سے اپنے بلند عہدوں سے بطورِ احتجاج مستعفی ہوتے ہُوئے جن دو صاحبان نے بنامِ صدر جو خطوط لکھے ہیں (ویسے دورانِ ملازمت بھی خط لکھنا ان کا خاص مشغلہ رہا)، اِن خطوط کا بالاستعیاب مطالعہ کیا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ اعلیٰ ترین عہدوں اور اعلیٰ ترین مراعات کی حامل ملازمتوں سے رخصت ہوتے ہُوئے اُنہیں خوش رنگ ''چمن'' کی یاد بھی شدت سے آتی رہی۔ اگر یہ کہا جائے کہ ستائیسویں آئینی ترمیم کے فلیش بیک میں مستعفی ہونے والے معزز افراد کے یہ احتجاجی خطوط دراصل ''دُکھے دِلوں کی فریاد'' اور صدا ہے تو اِسے بے جا بھی نہیں کہا جائیگا۔ استعفیٰ دینے والے دو صاحبان میں سے ایک بڑے صاحب کا دُکھی خط تو مبینہ طور پر 13 صفحات کو محیط ہے۔ اِسی سے ہم بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ چوٹ کتنی گہری ہے اور رُخصتی کسقدر بادلِ نخواستہ ہے۔ آئینِ نَو سے ڈرنے اور طرزِ کہن پر اَڑنے پر مُصر اِن مستعفی حضرت نے دُکھے دِل اور اپنے ''ضمیر کی آواز'' کی عکاسی کرتے ہُوئے کچھ اشعار بھی شاملِ خط کیے ہیں۔ مثلاً: ''مرا قلم تو امانت ہے میرے لوگوں کی/ مرا قلم تو عدالت مرے ضمیر کی ہے''۔ وغیرہ۔ ستم ظریف اور ''بیدرد'' وفاقی وزیر دفاع، خواجہ محمد آصف، نے اِس طنز اور اشعار پر ردِعمل دیتے ہُوئے ''ایکس'' پر لکھا: ''یہ شعر اُس وقت کیوں یاد نہ آئے جب انصاف کا قتلِ عام ہو رہا تھا؟ جب ایک ٹولہ مل کر آئین اور قانون کے محافظ کی بجائے کسی کے سیاسی مفادات کے محافظ بنے ہُوئے تھے۔ یہ سیاسی پارٹی کے ورکر بنے ہُوئے تھے۔'' خواجہ صاحب نے ردِعمل دیتے ہُوئے بعض ایسے الفاظ بھی ''ایکس'' پر لکھ مارے ہیں جن کا ہم یہاں اعادہ نہیں کر سکتے۔ اتنا مگر ضرور ہے کہ خواجہ صاحب کے یہ الفاظ سُن اور پڑھ کر مستعفی حضرات مزید دُکھی ہُوئے ہوں گے۔ حقیقت بھی یہ ہے کہ 27ویں آئینی ترمیم کے تناظر میں جو صاحبان بھی مستعفی ہُوئے ہیں، عوام میں اُن کے استعفے پذیرائی حاصل کر سکے ہیں نہ اُنہیں عوام کی ہمدردیاں حاصل ہو سکی ہیں۔ عوام کے مصائب اور دُکھوں سے لاتعلقی کا یہی نتیجہ نکلتا ہے، مگر جب اقتدار اور اختیار کے شہ زور گھوڑے پر انسان بیٹھا ہو تو اُسے بیکس اور انصاف سے محروم طبقات و افراد کہاں نظر آتے ہیں؟ وقت کا سفاک اور بیدرد کارواں مگر تھمتا نہیں ہے۔ دو جسٹس صاحبان کے استعفے اگر سامنے آئے ہیں تو نئی وفاقی آئینی عدالت کے نئے سربراہ، جناب جسٹس امین الدین خان، اور تین جج صاحبان بھی اگلے تین برسوں کے لیے حلف بھی اُٹھا چکے ہیں۔ جسٹس امین الدین خان صاحب کو وفاقی آئینی عدالت کا پہلا سربراہ بننے کا شرف ملا ہے۔ ساتھ ہی لاہور ہائیکورٹ کے ایک جج صاحب بھی مستعفی ہونے والوں کی فہرست میں شامل ہو گئے ہیں۔ آئینِ نَو سے ڈرنے اور طرزِ کہن پر اَڑیل ٹٹو کی طرح اَڑنے والے کچھ افراد، گروہ اور عاقبت نااندیش ہماری مغربی سرحد کے پار بھی بَس رہے ہیں۔ یہ لوگ اب افغان طالبان، ٹی ٹی پی، ٹی ٹی اے، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے نام سے جانے پہچانے جاتے ہیں۔ مہلک، لالچی اور اجتماعی طور پر اُمتِ اسلامیہ و اُمتِ پاکستان کے خلاف عناد پر آمادہ مذکورہ گروہوں کا خیال ہے کہ طرزِ کہن پر اَڑے رہنے ہی میں وہ اپنے نجی، گروہی، بھارتی اور اسرائیلی مفادات کا تحفظ کر سکتے ہیں۔ پاکستان کے خلاف یہی لالچ افغانستان کے مقتدر طالبان مُلّاؤں اور ملوانوں کے وزیر خارجہ، امیر متقی، کو بھارت لے گیا۔ اور اب اِنہی پاکستان دشمن افغان طالبان رجیم کے نائب وزیر اعظم، مُلّا عبدالغنی برادر، نے طرزِ کہن پر اَڑے رہنے کی جبلّت کا ثبوت فراہم کرتے ہُوئے 12 نومبر 2025ء کو اعلان کیا ہے: ''ہم پاکستان کے ساتھ اپنی جملہ لین دین بند کر رہے ہیں۔'' برادر کشی کردار کے حامل، عبدالغنی برادر، نے افغان تاجروں کو یہ بھی تنبیہ کی ہے کہ ''اگلے تین ماہ کے اندر (پاکستان سے) اپنا تجارتی حساب کتاب بیباک کرو اور تجارت کے لیے نئے ممالک میں نئے راستے تلاش کرو، وگرنہ (پاکستان کے معاملے میں) ہم کسی افغان تاجر و ٹریڈر کی مدد نہیں کر سکیں گے۔'' افغان نائب وزیر اعظم کے مذکورہ بیان کا پاکستان نے مناسب ترین اور ترنت جواب دیا ہے۔ خواجہ آصف نے بھی خوب کہا ہے کہ ''افغان ٹرانزٹ ٹریڈ ہمیں نقصان پہنچا رہی ہے۔'' مُلّا عبدالغنی برادر (جو کبھی برسوں پاکستان کی مفت روٹیاں کھاتا اور پاکستانی اداروں کی میزبانیوں سے بے تحاشہ لطف اندوز ہوتا رہا ہے) نے مذکورہ اعلان کر کے دراصل بھارت، بھارتی اسٹیبلشمنٹ اور بھارتی اُجیت ڈووَل کی زبان بولی ہے۔ اِس اعلان کے بعد راقم نے کئی بھارتی اخبارات کا مطالعہ کیا ہے، سبھی عبدالغنی برادر پر نہال ہو رہے ہیں۔ گویا افغانستان کی غیر نمائندہ حکومت کے عبوری وزیر خارجہ (امیر خان متقی) کے دَورۂ بھارت کے نتائج نکلنا شروع ہو گئے ہیں۔ حیرت کی بات مگر یہ ہے کہ افغان نائب وزیر اعظم پاکستان کے ساتھ ہر قسم کی تجارت بند کرنے کا اعلان کر رہا ہے اور خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت اپنے ''امن جرگہ'' (منعقدہ 12 نومبر 2025) میں مطالبہ کرتی سنائی دے رہی ہے کہ ''افغانستان کے ساتھ سارے تجارتی راستے کھولے جائیں۔'' ایسے ہی موقع پر شائد بولا جاتا ہے: ناطقہ سر بگریباں ہے کیا کہیئے! ہم سمجھتے ہیں کہ مُلّا برادر کا اعلان پاکستان کے لیے Blessing Disguise ہے۔ خس کم، جہاں پاک۔ شائد اِسی لیے ہمارے وزیر دفاع نے بھی کہا ہے: ''افغانستان سے آمدورفت کم ہوگی تو پاکستان میں دہشت گردی بھی کم ہوگی۔'' اور اگر ہم روزنامہ ''ایکسپریس ٹریبیون'' میں 14 نومبر 2025ء ؎ کو ممتاز رپورٹر شہباز رانا کی رپورٹ بالتفصیل پڑھیں تو صاف نظر آتا ہے کہ مُلّا برادر کے اعلان پر اگر پوری طرح عمل ہوتا ہے تو افغانستان ہی کو بھاری تجارتی خسارے کا سامنا کرنا پڑے گا۔ دیکھ لیں افغان طالبان طرزِ کہن پر اَڑ کر!!

کوانٹم سپر پوزیشن اور کوانٹم کمپیوٹر

ادریس آزاد



سُپر پوزیشن کا یہ بنیادی نکتہ کہ ایک سنگل آبجیکٹ (مثلاً الیکٹران) بیک وقت کئی جگہوں پر موجود ہوتا ہے کوانٹم فزکس کا وہ مظہر ہے جس کا ٹھیک ٹھیک تصور قائم کرنا انسانی عقل سے خاصا بعید ہے، حالانکہ سپر پوزیشن کا یہ مظہر، کائنات میں ہر وقت، ہر کہیں، ہر آبجیکٹ کے ساتھ پیش آ رہا ہے۔

آج تک سائنس نے جتنی ترقی کی، اس میں قدیم ریاضی کا بے پناہ بلکہ نوے سے زیادہ فیصد دخل رہا۔ لیکن سُپر پوزیشن کی ریاضی بالکل جدید ریاضی ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ جتنی ریاضی ہم انسانوں کو آتی ہے کائنات یا فطرت کو اس سے لاکھوں گُنا زیادہ ریاضی آتی ہے۔ مثال کے طور پر کسی پودے کے ایک پتے پر سُورج کی روشنی پڑتی ہے تو وہ فوٹوسنتھسز کے عمل کا موجب بنتی ہے۔ کیا ہمارے طاقتور سے طاقتور کمپیوٹرز بھی ایک پتے اور روشنی کے تعلق کی ریاضی کو کیلکولیٹ کر سکتے ہیں؟ جبکہ کسی بھی پودے کا پتہ یہ جمع تفریق آسانی سے کر سکتا ہے۔ کیونکہ روشنی کا ہر ذرہ سپر پوزیشن پر ہے اور پتے میں موجود ہر ایٹم کے ذرّات بھی سپر پوزیشن پر ہیں۔ کون سا ذرّہ پتے کے کس ذرّے کے ساتھ جا ملیگا یہ فیصلہ ہمارے کمپیوٹروں کے بس کا نہیں لیکن پتے اور روشنی کے درمیان موجود ایک نہایت مضبوط ریاضی کا حصہ ضرور ہے۔

فی زمانہ جو کوانٹم کمپیوٹرز بنائے جا رہے ہیں وہ پتے اور روشنی کے درمیان موجود اس ریاضی کی جمع تفریق کو ٹھیک ٹھیک اخذ کر سکینگے کیونکہ وہ کوانٹم کمپیوٹرز، کوانٹم میکانکس کے اسی اُصول پر بنائے جا رہے ہیں کہ ایک ذرّہ بیک وقت کئی جگہ یعنی سُپر پوزیشن پر ہو سکتا ہے۔

ہم اگر سپر پوزیشن کا علم حاصل کر لیں تو ہم جان سکتے ہیں کہ ایک مالیکول میں موجود دو یا دو سے زیادہ ایٹمز آپس میں کس طرح جُڑ کر رہتے ہیں۔ ابھی تو ہم یہ جانتے ہیں کہ ہائیڈروجن کے ایک مالیکیول میں جو دو ایٹمز موجود ہیں یہ ایک بانڈ کی مدد سے جُڑے ہوئے ہیں۔ یعنی اُدھر سے ہائیڈروجن کا ایک آئن آیا اور ادھر سے ہائیڈروجن کا ایک آئن گیا اور دونوں درمیان میں اس طرح ملے کہ ہائیڈروجن کے بیرونی مدار میں موجود الیکٹرانز ایک دوسرے کے نزدیک آ گئے اور انہوں نے دونوں ایٹمز کو جوڑ دیا۔ لیکن حقیقت پوری طرح ایسے نہیں ہے۔ کیا ان دونوں الیکٹرانز نے دونوں ایٹمز کے درمیان کوئی پڑاؤ سا اختیار کر لیا اور وہاں رُک گئے، جسے ہم سِنگل کو ویلنٹ بانڈ کی شکل میں ظاہر کرتے ہیں؟ نہیں ایسا نہیں ہے۔

دراصل دونوں الیکٹرانز سُپر پوزیشن پر ہونے کی وجہ سے دونوں ایٹمز کے چاروں طرف ہر جگہ موجود ہو گئے اور اس لیے مالیکیول ٹھہر گیا، استقرار اختیار کر گیا۔ گویا فی الاصل ہائیڈروجن کے ایٹموں کو آپس میں جوڑ کر رکھنے والی قوت سپر پوزیشن ہی ہے۔ چنانچہ اگر ایسا کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ اگر سپر پوزیشن نہ ہو تو ہمارے جسم یکلخت ریزہ ریزہ ہو جائیں۔ یہ سپر پوزیشن ہی ہے جو ہمارے جسموں کو جسم بناتی ہے۔ کیونکہ ایک مالیکیول میں ایٹمز کا رشتہ الیکٹران کی جس قسم کی حرکت کی وجہ سے قائم رہتا ہے وہ سپر پوزشن ہے۔

چنانچہ ہمیں اس طرح سوچنا چاہیے کہ یہ کائنات، ساری کی ساری، ایک بہت بڑا کمپیوٹر ہے۔ جو ہمہ وقت پراسیس کر رہا ہے۔ تو ایسا کمپیوٹر کہلائے گا کوانٹم کمپیوٹر۔ یہ کائنات ایک بہت بڑا کوانٹم کمپیوٹر ہے۔ کیونکہ کوانٹم کمپیوٹر بھی کائنات کے اسی اُصول کو مدنظر رکھ کر بنایا جا رہا ہے کہ الیکٹرانز جو ہر ایٹم کا لازمی حصہ ہیں سپر پوزیشن پر ہوتے ہیں یعنی بیک وقت کئی جگہ یا ہر جگہ ہوتے ہیں۔ اس سے پہلے ہم نے جو کمپیوٹرز بنائے ہیں وہ بائنری سسٹم پر چلتے ہیں۔ یعنی یا ایک، یا صفر۔ لیکن کوانٹم کمپیوٹر سپر پوزیشن پر چلتا ہے یعنی بیک وقت، ایک بھی اور صفر بھی بلکہ دو تین، چار پانچ اور چھ سات بھی۔ اس سے پہلے ہم نے جو کمپیوٹر بنائے وہ سادہ سی گنتی گن سکتے ہیں اور ہمیں یہ نہیں بتا سکتے کہ ایک مکھی جو ایک جگہ سے اُڑی ہے اب دوسری جگہ کہاں جا کر بیٹھے گی؟ لیکن کوانٹم کمپیوٹر ہمیں یہ بتا سکے گا۔ ایک کوانٹم کمپیوٹر ہمیں یہ بتا سکے گا کہ کسی درخت کا کونسا پتہ روشنی کے کتنے فوٹانز کو اپنے کتنے الیکٹرانوں کے ساتھ کس کس طرح سے ملنے اور تعامل کرنے کی اجازت دیگا۔ یعنی ہم یہ بھی بتا سکیں گے کہ اب کسی درخت پر کون سی شاخ کہاں سے پھوٹے گی۔

کوانٹم کمپیوٹر کو ایک مثال سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہم نے وہ کھیل دیکھا ہوا ہے، جسے ''بھول بھلیاں کہا جاتا ہے۔ ہمارے بچپن میں یہ کھیل اخبار کے سنڈے میگزین میں آیا کرتا تھا اور اس کا نام ہوتا تھا، ''راستہ تلاش کریں''۔ ایک ایسا بھول بھلیاں والا کھیل تصور کریں جو بہت چھوٹی چھوٹی دیواروں سے بنایا گیا ہو۔ نکلنے کا راستہ صرف ایک ہو لیکن الجھانے والے راستے بے شمار ہوں۔ ان ننھی دیواروں میں اگر ہم ایک چوہے کو چھوڑ دیں تو وہ کبھی اِدھر بھاگے گا اور کبھی اُدھر اور اپنے لیے باہر نکلنے کا راستہ تلاش کریگا۔ ایک چوہا، صرف ایک چوہا ہوتا ہے، اس لیے وہ ہمارے آنکھوں کے سامنے، ایک وقت میں صرف ایک طرف جا سکنے کا اہل ہوگا۔ لیکن الیکٹران چوہا نہیں ہے۔ الیکٹران سپر پوزیشن پر ہوتا ہے۔ اگر ہم تصور کریں کہ اُس بھول بھلیاں میں ہم نے ایک الیکٹران چھوڑ دیا ہے اور اُسے کہا ہے کہ اپنے لیے باہر نکلنے کا راستہ تلاش کرو! تو الیکٹران کیا کرے گا؟ الیکٹران بیک وقت تمام راستوں پر چل پڑیگا کیونکہ الیکٹران سپر پوزیشن پر ہوتا ہے۔ وہ ایک سے زیادہ الیکٹرانوں جیسے رویے کا مظاہر کرتا ہے۔ وہ یہ ثابت کرتا ہے کہ وہ ایک ہی وقت میں ہر جگہ موجود ہوتے ہوئے بھی تعداد میں فقط ایک ہی رہ سکتا ہے۔ چنانچہ ہمارے بھول بھلیاں والے کھیل میں ایک الیکٹران اُن تمام راستوں پر بیک وقت چل پڑیگا جو وہاں بنائے گئے ہیں اور آن واحد میں اُس راستے کو جان جائیگا جو اصل ہے اور باہر جانے کے لیے ہے۔ مزید زیادہ سادہ زبان میں بات کی جائے تو ہمارے موجودہ کمپیوٹرز، جنہیں بعد میں کلاسیکل کمپیوٹرز کہا جائیگا، بھول بھلیوں کا راستہ، گنتی گن گن کر ڈھونڈتے ہیں لیکن کوانٹم کمپیوٹر سپر پوزیشن کو کام میں لا کر، گنتی گننے کے عمل پر وقت صرف کیے بغیر اُسی ایک ہی لمحے میں بتا دیگا کہ بھول بھلیاں سے نکلنے کا اصل راستہ کون سا ہے۔

کوانٹم کمپیوٹر کی فطرت کو سمجھنے کے لیے سب سے آسان مثال یہ ہو سکتی ہے۔ فرض کریں ہم حساب کی دو رقموں کو جمع کرنا چاہتے ہیں تو ہم انہیں آسانی کے ساتھ کسی بھی کیلکولیٹر میں جمع کر سکتے ہیں۔ فرض کریں وہ دو رقمیں اس طرح ہیں،

6654323456

+ 0765487655

.....

7419811111

ہمیں ایک عام سا کیلکولیٹر بھی ایک سیکنڈ کے اندر یہ رقمیں جمع کر کے دے سکتا ہے۔ لیکن فرض کریں کہ ہم اب یہ جاننا چاہتے ہیں کہ ہماری رقم، 7419811111، کون کون سی دو رقموں کا حاصل جمع تھی؟ اس سوال کا جواب ناممکن کے قریب مشکل ہے۔ اگر ہم نارمل کمپیوٹر کو یہ ٹاسک سونپیں تو وہ سالہا سال میں بھی اس کا جواب نہیں دے سکتا۔ کیونکہ اسے ہر ممکنہ کمبینیشن کو علی الترتیب، ایک بار دہرانا ہوگا۔ جبکہ کوانٹم کمپیوٹر، تمام کے تمام امکانات کو ایک ہی لمحے میں دیکھ پائے گا کیونکہ اس کے لیے اس ''آؤٹ پٹ رقم'' کے تمام تر ''ان پٹ امکانات'' یعنی وہ رقمیں جو اعداد میں برابر ہوں اور تعداد میں دو ہوں ۔۔۔۔۔۔۔۔ سپر پوزیشن پر ہیں۔ وہ پہلی نظر میں ہی سب کو ایک ساتھ دیکھ سکتا ہے۔ سب کی سب، کُل کتنی ہو سکتی ہیں، جن سے یہ رقم حاصل ہوئی، کوانٹم کمپیوٹر کو اُس ترتیب کے ساتھ، جس سے عام کمپیوٹر ایسی چیزوں کو دیکھتا ہے، دیکھنے کی ضرورت نہیں۔ کوانٹم کمپیوٹر کے لیے سب امکانات کو سُپر پوزیشن کی وجہ سے ایک ساتھ دیکھنا ممکن ہے۔ چنانچہ اُن سب میں سے ایسی دو رقمیں چُن کر بتا دینا کہ یہی وہ اصل رقمیں تھیں، جن سے حاصل شدہ بڑی رقم ہمیں موصول ہوئی، کوانٹم کمپیوٹر کے لیے کچھ مشکل نہیں۔ کیونکہ وہ صرف اتنی رقمیں ہی نہ دیکھے گا بلکہ اُسی پل میں دیگر کئی طرح کے امکانات پر بھی اُس کی نظر ہوگی۔

دنیا کی مختلف کمپنیوں اور کوانٹم کمپیوٹرز کے انجنیئرز کا خیال ہے کہ وہ آنے والے دو عشروں میں کوانٹم کمپیوٹر بنانے کے قابل ہو جائینگے اور اُن کمپیوٹرز سے مندرجہ ذیل مقاصد حاصل کیے جا سکیں گے،

۱۔ ایسی الیکٹریکل کیمیلوجن میں زیرو پرسینٹ انرجی ضائع ہوگی۔

۲۔ ادویات بنانے کے لیے یعنی کیمسٹری اور بائیوکیمسٹری کے تعاملات کنٹرول کرنے کے لیے

۳۔ الیکٹرانکس کے لیے

۴۔ اور توانائی کو محفوظ کرنے کے لیے

۵ میٹریلز اور اُن کے طرزِ عمل سے متعلق پیشگوئیاں کرنے کے لیے

۶۔ ریبورٹس کو آپٹمائز کرنے کے لیے

۷۔ ڈی این اے کی زبان کو سمجھنے اور کنٹرول کرنے کے لیے

۸۔ اور ہوائی جہازوں کے ڈیزائن بنانے کے لیے

غرض فطرت اپنا حساب کتاب رکھنے کے لیے ہمیشہ کوانٹم کمپیوٹر استعمال کرتی ہے جبکہ ہم انسان ابھی فقط ایک ایک کر کے گننے والی مشین یعنی کانسی کے دور کا کمپیوٹر استعمال کر رہے ہیں۔ کوانٹم کمپیوٹر بنانے کا دوسرا اور صاف مطلب یہ ہے کہ ہم وہ کرنے جا رہے ہیں جو اس وقت نیچر کر رہی ہے۔

پنجاب حکومت کا نابینا افراد کیلئے 12 ہزار روپے ماہانہ وظیفہ پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ

اجلاس میں ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی، ڈائریکٹر ایڈمن، ڈائریکٹر پلاننگ اور ڈائریکٹر CRPD نے شرکت کی

مکو آنہ (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر نابینا افراد کے لیے بڑا ریلیف پیکج تیزی سے عملی شکل اختیار کر رہا ہے۔ محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب میں نابینا افراد کے وظائف پروگرام پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ کی زیرصدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی، ڈائریکٹر ایڈمن، ڈائریکٹر پلاننگ اور ڈائریکٹر CRPD نے شرکت کی۔

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں دی جانے والی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی' پنجاب بارکونسل

بھارت، افغانستان پاکستانی افواج کی صلاحیتوں سے آگاہ ہیں' وائس چیئرمین اشفاق کھوٹ، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ذبیح اللہ

لاہور (این این آئی) پنجاب بارکونسل کے وائس چیئرمین چودھری محمد اشفاق کھوٹ اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ذبیح اللہ ناگرہ نے کہا ہے کہ پاکستان کے عوام، سکیورٹی فورسز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی دہشتگردی کے خلاف جنگ میں دی جانے والی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، ایٹمی صلاحیت کا حامل پاکستان دشمنوں کی آنکھوں میں کھٹکتا ہے اس لئے مذموم سازشوں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، بھارت جب جنگ کے میدان میں پاکستان کو شکست نہیں دے سکا تو اس نے تخریبی کارروائیوں کے ذریعے بزدلانہ حملے شروع کر دیئے ہیں، پاکستان نے جس ملک کے لاکھوں باشندوں کو دہائیوں تک اپنے دامن میں جگہ دی

برائلر گوشت کی قیمت میں مزید 7 روپے اضافہ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 7 روپے اضافے سے 555 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے اضافے سے 383 روپے کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 344 روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی۔ آٹھ روز میں برائلر گوشت کی قیمت میں مجموعی طور پر 94 روپے اضافہ ہوا۔ اوپن مارکیٹوں میں بھی کئی مقامات پر دکاندار برائلر گوشت سرکاری نرخ سے 30 سے 40 روپے کلو زائد قیمت پر فروخت کر رہے ہیں

قصور: ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی قصور آرکائیوز پراجیکٹ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

حکومت موثر قانون سازی کے ذریعے نکاح کے عمل کو سادہ اور آسان بنائے' میرج کنسلٹنٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن

نوجوان نسل جہیز نہ لینے کی مہم شروع کرے تو کامیابی یقینی ہے' چوتھا سالانہ اجتماع، مصباح وکیل، فوزیہ ملک، سید علی حسین شاہ کی شرکت

لاہور (این این آئی) حکومت موثر قانون سازی کے ذریعے نکاح کے عمل کو سادہ اور آسان بنائے، نوجوان نسل جہیز نہ لینے کی مہم شروع کرے تو کامیابی یقینی ہے، میرج کنسلٹنٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے ارکان کی وجہ سے سالانہ لاکھوں شادیاں سرانجام پاتی ہیں، ارکان کی فلاح و بہبود کے لئے جلد منصوبہ شروع کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے میرج کنسلٹنٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چوتھے سالانہ میگا ایونٹ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صدر پنجاب مصباح وکیل، جنرل سیکرٹری فوزیہ ملک، مرکزی سیکرٹری جنرل نذیر خان، دیگر عہدیداران میں سید علی حسین شاہ لبنیٰ جاوید، راحیلہ نور، عبدالحمید ماسومی، مسرت جبین، اسماء ملک سمیت ممبران کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب میں کراچی سے ارم سلیم نے خصوصی شرکت کی۔

غیر ملکی قرضوں کے معاملے کو پارلیمنٹ میں لے کر جایا جائے' اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ معیشت کی ترقی کے لئے حکومتی اقدامات قابل ستائش ہیں، معیشت میں حصہ ڈالنے والے اسٹیک ہولڈرز مشکلات کا شکار ہیں جن کی دادرسی ہونی چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے سخت فیصلوں اور اصلاحات کے ذریعے ملک کو معاشی سمت دی ہے

پنجاب میں گندم کی پیداوار کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر

حکومت پنجاب نے گندم کے منظور شدہ اقسام کے تصدیق شدہ بیج کی قیمت 6500 روپے سے کم کر کے 5500 روپے فی تھیلا کر دی

مکو آنہ (این این آئی) گندم پاکستان کی اہم غذائی فصل ہے۔ پاکستان کی زمین اور آب و ہوا گندم کی پیداوار کے لئے نہایت موزوں ہے۔ پاکستان میں گندم کی پیداوار اگرچہ پہلے کے مقابلے میں بڑھی ہے لیکن پھر بھی اس میں اضافے کی کافی گنجائش موجود ہے۔ کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی کیلئے حکومت پنجاب نے گندم کے منظور شدہ اقسام کے تصدیق شدہ بیج کی قیمت 6500 روپے سے کم کر کے 5500 روپے فی تھیلا کر دی ہے۔

پارلیمان بالادست ادارہ ہے جس کو قانون سازی اور آئینی ترمیم کا حق حاصل ہے' ملک افضل کھوکھر

کسی کی پسند نہ پسند پر فیصلے نہیں ہوتے بلکہ آئین و قانون کے مطابق ہوتے ہیں' رکن قومی اسمبلی

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ 27ویں آئینی ترمیم کے لئے آئینی و قانونی پروسیجر کو اپنایا گیا ہے، قانون اور ضابطے کے تحت معاملات آگے بڑھے ہیں، کسی کی پسند نہ پسند پر فیصلے نہیں ہوتے بلکہ آئین و قانون کے مطابق ہوتے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پارلیمان بالادست ادارہ ہے جس کو قانون سازی اور آئینی ترمیم کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ 27ویں آئینی ترمیم ہرگز عجلت میں نہیں کی گئی، اب عام آدمی، عام سائل کو اعلیٰ عدالت میں وقت پر سنا جائے اور فوری انصاف ملے گا، کئی دفعہ آئینی کیسز پر بہت لگتا تھا اور عدلیہ کا پچاس فیصد وقت آئینی کیسز پر لگ جاتا تھا اب وہی وقت پاکستان کے عام شہریوں کے لئے استعمال ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آئینی ترمیم کے لئے آئین و قانون کو پیش نظر رکھتے ہوئے پراسس مکمل کیا گیا ہے، آئینی عدالت اور ترمیم پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔

بیرون ملک ملازمت کیلئے پاک سافٹ اسکلز پر لازمی رجسٹریشن کے فیصلے کا اطلاق 19 نومبر سے ہوگا

لاہور (این این آئی) بیرون ملک ملازمت کے خواہشمند پاکستانیوں کے لئے پاک سافٹ اسکلز پر رجسٹریشن لازم قرار دی گئی ہے جس کا اطلاق 19 نومبر سے ہوگا، رجسٹریشن کے بغیر پاسپورٹ پر پروسیجر جاری نہیں ہوگا۔ وزارت اوورسیز پاکستانیز نے اقدام انسانی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے کیا ہے۔ وزارت سمندر پار پاکستانیز کے مطابق پاک سافٹ اسکلز ایپ پر رجسٹریشن مفت ہے۔ بیرون ملک ملازمت کے خواہشمند افراد اس ایپلیکیشن پر رجسٹریشن کرواتے وقت اپنی تمام معلومات فراہم کریں گے۔

ملک میں امن، استحکام اور ترقی کے لئے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے' رانا جمیل منج

پیپلز پارٹی اداروں کی مضبوطی، آئین اور قانون کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے' جنرل سیکرٹری لاہور

رائے ونڈ (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی اداروں کی مضبوطی، آئین اور قانون کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے، ملک میں امن، استحکام اور ترقی کے لئے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اپنے ورکرز کو عزت دی ہے، پیپلز پارٹی مزدوروں، ملازمین اور پسے ہوئے طبقات کی آواز ہے، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام الناس کی فلاح و بہبود کے لئے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں، مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور ورکرز کا پیپلز پارٹی میں شمولیت پاکستان پیپلز پارٹی کی مقبولیت کی دلیل ہے، پنجاب میں پیپلز پارٹی کو اس جگہ لے کر آنا ہے جو شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے دور میں تھی۔

گھریلو جھگڑے پر شوہر نے کلہاڑی کے وار کر کے بیوی قتل کر دی

مکو آنہ (این این آئی) فیصل آباد ریجن کے نواحی گاؤں تھانہ رجانہ میں گھریلو جھگڑے پر شوہر کے ہاتھوں بیوی قتل ہو گئی۔ علی وارث نے کلہاڑی کے وار سے ممتاز بی بی کو قتل کیا، ملزم قتل کے بعد موقع سے فرار ہو گیا، کرائم سین یونٹ نے شواہد اکٹھے کر کے لاش رورل ہیلتھ سینٹر منتقل کر دی گئی۔ ڈی ایس پی صدر سرکل اور ایس ایچ او رجانہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے، ڈی پی او نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ملزم کی فوری گرفتاری کے احکامات جاری کر دیئے۔

لاہور پرنسل امیر الدین میڈیکل پروفیسر فاروق افضل، پروفیسر خضر حیات گوندل کی باعزت ریٹائرمنٹ پر پروفیسرز کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں۔

زراعت کی ترقی کے لئے کسان کا ہاتھ تھامنا ہوگا' مسرت جمشید چیمہ

پاکستان خوراک کی مد میں اربوں ڈالر کے درآمدی بل کا متحمل نہیں ہو سکتا' سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ زراعت کی ترقی کے لئے کسان کا ہاتھ تھامنا ہوگا، زراعت میں بھی ویلیو ایڈیشن پر توجہ مرکوز کی جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پیداواری لاگت بڑھنے سے لاگت بھی پوری نہیں ہو رہی جس کی وجہ سے کسان متنفر ہو رہا ہے، جس قدر ممکن ہو سکے کسان کو سبسڈی دی جائے، اگر خوراک کا بحران پیدا ہو گیا تو پاکستان خوراک کی مد میں اربوں ڈالر کے درآمدی بل کا متحمل نہیں ہو سکتا

وزیر تعلیم آزاد کشمیر دیوان علی چغتائی پیپلز پارٹی میں شامل

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے وزیر تعلیم سکولز دیوان علی چغتائی نے پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ آزاد جموں و کشمیر میں وزیراعظم انوار الحق کے خلاف تحریک عدم اعتماد میں پیپلز پارٹی کو مزید ایک رکن کی حمایت مل گئی، وزیراعظم انوار الحق کے اتحادی رکن دیوان چغتائی نے بھی علیحدگی اختیار کر کے پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی ہے۔ دیوان علی چغتائی نے پیپلز پارٹی سیاسی امور کی نگران فریال تالپور سے ملاقات کے بعد شمولیت کا اعلان کیا۔

ٹرانسپورٹ الائنس کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے پر گہری تشویش کا اظہار

کراچی (این این آئی) سابق رکن سندھ اسمبلی اور صدر پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس پر شدید ردعمل دیا ہے۔ ایک ویڈیو بیان جاری کرتے ہوئے ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی ہم پوری ٹرانسپورٹ برادری مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات، ٹول ٹیکسز، اور ود ہولڈنگ ٹیکس میں مسلسل اضافہ کر رہی ہے۔

پشاور: 35ویں نیشنل گیمز مشعل کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں شریک خواتین و دیگر عہدیداروں کا مارچ کے ہمراہ گروپ فوٹو

زراعت ترقی کرے گی تو معیشت کا پہیہ چلے گا' ہمایوں اختر خان

آئی ٹی کے ذریعے ملک کی تقدیر بدلی جا سکتی ہے' سابق وفاقی وزیر کی وفد سے گفتگو

فیصل آباد/ تاندلیانوالہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو تعلیم کے ساتھ ہنر سکھانے کے منصوبے شروع ہونے چاہئیں، آئی ٹی کے ذریعے ملک کی تقدیر بدلی جا سکتی ہے، حلقے میں ہنر سکھانے اور آئی ٹی کے اداروں کے قیام کیلئے ہر ممکن کوششیں جاری ہیں، این اے 97 میں ترقی تو درکنار بنیادی سہولیات کا بھی فقدان ہے لیکن ہم نے ہر طرف پھیلی محرومیوں کو ترقی اور خوشحالی سے بدلنے کا بیڑہ اٹھا لیا ہے

جعلی نمبر پلیٹ والی گاڑی بھی یہ نیا سسٹم پکڑے گا' ڈی جی آئی جی ٹریفک

کراچی میں 24 ہزار کیمروں کی ضرورت ہے جب یہ سسٹم کامیاب ہوگا تو لوگ سرا ہیں گے، پیر محمد شاہ

کراچی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک کراچی پیر محمد شاہ نے بتایا ہے کہ جعلی نمبر پلیٹ والی گاڑی بھی یہ نیا سسٹم پکڑے گا مثال کے طور پر ایک بندہ بس کی چھت پر لوگ بٹھا کر چلا رہا یا کسی کی گاڑی کے کالے شیشے ہیں ہم نے جب پک کیا تو ایکسائز میں اس کا ڈیٹا نہیں ملا کیونکہ جو اس نے نمبر پلیٹ لگائی تھی وہ ویگو کی نہیں ایف ایکس کی تھی وہ تو اسی وقت پکڑا گیا۔ پیر محمد شاہ نے کہا یہ تو ایک لمحے میں ہی پکڑا جاتا ہے۔

پشاور: وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی شاہراہوں کی بحالی و بیوٹیفکیشن کے منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

شہدائے نومبر کی برسی، قوم کا اپنے بہادر سپوتوں کو سلام عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) وطن عزیز کی حفاظت کے لیے جان کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوتوں میجر واصف حسین شاہ شہید، میجر محمد حسیب شہید اور حوالدار نور احمد شہید کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ملک بھر میں دعائیہ تقریبات منعقد کی گئیں۔ میجر واصف حسین شاہ شہید کی 11 ویں اور میجر محمد حسیب شہید اور حوالدار نور احمد شہید کی پہلی برسی کے موقع پر قوم نے شہداء کے بلند حوصلے، شجاعت اور عزم کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔

فیصل آباد، کم دودھ دینے والے جانوروں کی جینیاتی بہتری کے لئے ایک اہم پروگرام کا آغاز

پروگرام کا مقصد اعلیٰ نسل کے جانوروں کی افزائش اور دودھ کی مجموعی پیداوار میں اضافہ کرنا ہے

مکو آنہ (این این آئی) محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ حکومت پنجاب نے کم دودھ دینے والے جانوروں کی جینیاتی بہتری کے لئے ایک اہم پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ پنجاب بھر کی طرح ڈویژن فیصل آباد میں بھی یہ سہولت کسانوں اور مویشی پال حضرات کے لئے باقاعدہ طور پر فراہم کی جا رہی ہے جس کا مقصد اعلیٰ نسل کے جانوروں کی افزائش اور دودھ کی مجموعی پیداوار میں اضافہ کرنا ہے۔ اس پروگرام کے تحت اعلیٰ معیار کے فریزین اور برہمن سیمن نہایت مناسب قیمت پر دستیاب ہیں جن میں فریزین سیمن کی قیمت 150 روپے جبکہ برہمن سیمن کی قیمت 500 روپے مقرر کی گئی ہے تاکہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے فارمز بھی اس سہولت سے باآسانی فائدہ اٹھا سکیں۔ محکمے کے مطابق اس سہولت سے فائدہ حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ گائے روزانہ کم از کم تین سے پانچ لیٹر دودھ دینے کی صلاحیت رکھتی ہو۔

فیصل آباد تاندلیانوالہ: سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان این اے 97 کے علاقہ عمائدین سے ملاقات میں حلقے کے مسائل کے حل کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں۔

تحقیق اور تجارتی سرگرمیوں میں ترقی کے لیے نئی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کا حصول ناگزیر ہے، ڈاکٹر حماد بدر

ورکشاپ کا انعقاد نوجوانوں میں جدت اور کاروباری سوچ کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے، خطاب

مکو آنہ (این این آئی) بزنس انکوبیشن سنٹر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد نے انسٹیٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ سائنسز کے تعاون سے دو روزہ تربیتی ورکشاپ "بزنس انٹیلی جنس اور سکس سگما انسائٹس بذریعہ ڈیٹا سائنس" کا انعقاد کیا۔ ڈائریکٹر بزنس انکوبیشن سنٹر ڈاکٹر حماد بدر نے کہا کہ یہ ورکشاپ نوجوانوں میں جدت اور کاروباری سوچ کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ تحقیق اور تجارتی سرگرمیوں میں ترقی کے لیے نئی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کا حصول ناگزیر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیٹا پر مبنی جدید کاروباری اداروں میں کارکردگی، معیار اور مسابقت حاصل کرنے کے لیے نہایت اہم ہیں تاکہ عالمی سطح پر مقابلہ کیا جا سکے۔ پرنسپل آفیسر اکیڈمک ٹیچنگ ریسرچ اینڈ انوویشن پروفیسر ڈاکٹر راؤ زاہد عباس نے اس بات پر زور دیا۔

کراچی، قیوم آباد قبرستان کے قریب پولیس مقابلہ، زخمی سمیت دو ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں ڈیفنس پولیس نے قیوم آباد بی ایریا قبرستان کے قریب موٹر سائیکل سوار مشتبہ ملزمان کے ساتھ مبینہ مقابلہ کیا جس میں زخمی سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے مشتبہ ملزمان کو رکنے کا اشارہ کیا تاہم ملزمان نے رکنے کی بجائے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس کی جوابی کارروائی کے نتیجے میں دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا جن میں ایک زخمی ہو گیا۔

دنیاوی معاملات کو اسلامی شریعت کے مطابق سرانجام دینا ہوگا' اجتماع کا دوسرا اختتام پذیر

تعطیل کی وجہ سے رائے ونڈ کے قریبی علاقوں سے بھی ہزاروں کی تعداد میں لوگ اجتماعی دعا میں شریک ہوئے، مندوبین کی ہچکیاں بندھ گئیں

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ میں جاری عالمی تبلیغی اجتماع کا دوسرا مرحلہ بھی رقت آمیز اجتماعی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا، اتوار کی تعطیل کی وجہ سے رائے ونڈ کے قریبی علاقوں سے بھی ہزاروں کی تعداد میں لوگ اجتماعی دعا میں شریک ہوئے، مندوبین آنسوؤں کے ساتھ رب کے حضور گڑگڑا کر اپنے گناہوں کی معافی طلب کرتے رہے اور ان کی ہچکیاں بندھ گئیں، لوگ راستوں میں کھڑے ہو کر اختتامی دعا میں شریک ہوئے۔



رائے ونڈ: مندوبین عالمی تبلیغی اجتماع کے آخری روز اجتماعی دعا میں شریک ہیں۔

ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ، صدر گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کا 4 فیصد کرائے بڑھانے کا اعلان

کراچی (این این آئی) سابق رکن سندھ اسمبلی اور صدر پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتی پالیسیاں ہمیں ملک گیر ہڑتال کی طرف لے جانے پر مجبور کر رہی ہیں۔ ایک ویڈیو بیان جاری کرتے ہوئے ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی ہم پوری ٹرانسپورٹ برادری مذمت کرتے ہیں۔

کراچی، کورنگی ایک نمبر میں ٹریفک حادثے میں ایک نوجوان جاں بحق

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے کورنگی ایک نمبر کے قریب ٹریفک حادثے نوجوان جاں بحق ہو گیا جس کی لاش ایدھی کے رضا کاروں نے جناح ہسپتال پہنچائی۔ ریسکیو حکام کے مطابق متوفی راہگیر تھا جبکہ حادثہ نامعلوم تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے پیش آنے کا بتایا جا رہا ہے۔ متوفی کی فوری طور پر شناخت نہیں ہو سکی اور اس کی عمر 26 سال کے قریب بتائی جاتی ہے۔

دیہی خواتین میں جانوروں کی تقسیم کے دوسرے مرحلے کیلئے درخواستوں کی وصولی جاری

درخواستیں 25 نومبر تک وصول کی جائینگی، جنوبی پنجاب کے 12 اضلاع میں جانور تقسیم کئے جائینگے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے جنوبی پنجاب کی دیہی خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے تحت جانوروں کی تقسیم کے دوسرے مرحلے کیلئے درخواستوں کی وصولی کا عمل جاری ہے۔ ترجمان محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ نے این این آئی کو بتایا کہ پہلے مرحلے میں 2 ارب کی خطیر رقم سے جنوبی پنجاب کی 11000 غریب (مطلقہ، بیوہ) خواتین میں 4870 بھینسیں (جھوٹی) اور گائیں (وچھی) تقسیم کی گئیں۔ 12 اضلاع ڈیرہ غازی خان، مظفر گڑھ، بہاولنگر، رحیم یار خان، راجن پور، لیہ، کوٹ ادو، بہاولپور، ملتان، خانیوال، وہاڑی اور لودھراں کی غریب خواتین جن کی عمر 55 سال تک ہو سے درخواستیں کی وصولوں کی تاریخ میں 25 نومبر تک توسیع کی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق اس منصوبے کے اہم مقاصد غریب دیہی خواتین کے لئے بہتر ذریعہ معاش کی فراہمی، اچھی نسل کے جانوروں کی صحتمند پیداوار اور دودھ کی پیداوار میں اضافہ ہے۔

میثاق جمہوریت کرنے والوں نے ہی جمہوریت کا جنازہ نکال دیا' جے یو آئی

نظام کو یرغمال بنانے والے سیاستدانوں نے ملک کو آئینی، سیاسی اور معاشی بحران سے دوچار کر دیا

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری محمد اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ میثاق جمہوریت کرنے والوں نے ہی جمہوریت کا جنازہ نکال دیا، غیر آئینی اقدامات سے ملکی اساس کو کمزور اور ملک میں آئین کی بالادستی کے بجائے عالمی قوتوں کا راج ہے، نظام کو یرغمال بنانے والے سیاستدانوں نے ملک کو آئینی، سیاسی اور معاشی بحران سے دوچار کر دیا ہے۔

لاہور پرنسل امیر الدین میڈیکل پروفیسر فاروق افضل، پروفیسر خضر حیات گوندل کی باعزت ریٹائرمنٹ پر پروفیسرز کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں۔

کرشنگ نہ کرنے والی ملوں کے خلاف ایکشن ہوگا' کمشنر پنجاب

پنجاب میں کرشنگ شروع کرنے کی حکومتی ہدایت کے باوجود زیادہ تر شوگر ملوں نے کرشنگ شروع کرنے سے انکار کر دیا

لاہور (این این آئی) کمشنر پنجاب نے کرشنگ شروع نہ کرنے والی ملوں کے خلاف ایکشن شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ پنجاب میں کرشنگ شروع کرنے کی حکومتی ہدایت کے باوجود زیادہ تر شوگر ملوں نے کرشنگ شروع کرنے سے انکار کر دیا، حکومت پنجاب نے کرشنگ شروع کرنے کیلئے 15 نومبر کی ڈیڈ لائن دی تھی مگر پنجاب کی 41 میں سے صرف 5 شوگر ملوں نے کرشنگ شروع کی۔

27ویں آئینی ترمیم پر آزاد کشمیر کی حکومت پی پی کی جھولی میں ڈال دی جائے گی' لیاقت بلوچ

بانی پی ٹی آئی کو بھی قومی قیادت کے خلاف دل آزار باتیں کام نہیں آئیں، موجودہ حکمرانوں کو بھی کام نہیں آئیں گی، بیان

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ 27ویں آئینی ترمیم کے بعد تحفتاً آزاد کشمیر کی حکومت پیپلز پارٹی کی جھولی میں ڈال دی جائے گی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو بھی قومی قیادت کے خلاف دل آزار باتیں کام نہیں آئیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں کو بھی دل آزار باتیں کام نہیں آئیں گی۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی کا کل پاکستان اجتماع عام 21 تا 23 نومبر کو لاہور میں منعقد ہوگا۔

چھ سال سے تعطل کا شکار آڈٹ پالیسی کا اعلان کیا جائے' ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ

کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی سے آڈٹ کیس منتخب ہونے سے کسی کو اعتراض نہیں ہوگا' چیئرمین حبیب الرحمن زبیری

لاہور (این این آئی) ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے چیئرمین قاری حبیب الرحمن زبیری نے کہا ہے کہ حکومت اور ایف بی آر چھ سال سے تعطل کا شکار آڈٹ پالیسی کا اعلان کرے، ایف بی آر کے افسران انکم ٹیکس کے قانون کی شقوں 72 بی، 214 سی اور سیلز ٹیکس کے سیکشن 177 اور 25 کے تحت جب چاہتے ہیں آڈٹ کھول لیتے ہیں جس سے ٹیکس دہندگان میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹیکس بارز کے ممبران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صدر زوہیب الرحمن زبیری، سینئر نائب صدر عاشق علی رانا، نائب صدور واصف علی شیخ، تابش علی جاوید، جنرل سیکرٹری سید حسن علی قادری، فنانس سیکرٹری سیف الرحمن زبیری اور جوائنٹ سیکرٹری عبدالرحمن سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

لاہور: رانا ذکیس تو قیر مقامی کالج کے ڈپٹی ہیڈ بوائے کا الیکشن جیتنے کے بعد طلبہ سے خطاب کر رہے ہیں۔

نومولود بچی کے انتقال پر سیل کیے گئے اسپتال کے کھلنے پر دوبارہ ایکشن

کراچی (این این آئی) سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن نے بچی کی ہلاکت میں ملوث شاہ میڈیکل سینٹر کو دوبارہ سیل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن نے شاہ میڈیکل سینٹر، نارتھ ناظم آباد کو سنگین خلاف ورزیوں، غیر قانونی طور پر اسپتال چلانے اور مسلسل عدم تعمیل کے باعث دوبارہ سیل کر دیا ہے۔ اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ اسپتال ایک نومولود بچی کی ہلاکت کے واقعے کے بعد ایس ایچ سی سی کو موصول ہونے والی شکایت کے فیصلے پر عمل نہ کرنے کی صورت میں یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔

چیف ایڈیٹر حسنین سندھو

ایڈیٹر محمد جاوید صدیق

ایگزیکٹو ایڈیٹر ثمینہ رانا ایڈووکیٹ

ڈپٹی ایڈیٹر سید شاکر بخاری

لیگل ایڈوائزر: صغیر احمد بھٹی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان

Phone: +1 437 449 0327

رائے ونڈ: مندوبین عالمی تبلیغی اجتماع کے آخری روز اجتماعی دعا میں شریک ہیں۔

تلہ گنگ کے گاؤں سگھر میں یادگار شہداء کی تعمیر کر لی گئی

مقامی افراد کی یادگار شہداء پر ایک شاندار اور جذبہ حب الوطنی سے سرشار تقریب

تلہ گنگ (این این آئی) تلہ گنگ کے گاؤں سگھر میں مقامی افراد نے اپنی مدد آپ کے تحت یادگار شہداء کی تعمیر کر لی۔ تلہ گنگ کے گاؤں سگھر کو شہداء اور غازیوں کی سرزمین کے طور پر بھی جانا جاتا ہے، مقامی افراد کی جانب سے یادگار شہداء پر ایک شاندار اور جذبہ حب الوطنی سے سرشار تقریب کا انعقاد کیا گیا، علاقہ کے معززین کے علاوہ مختلف طبقات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے مادر وطن پر جان نچھاور کرنے والے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا، سگھر کے 30 بہادر سپوتوں نے مادر وطن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا جن میں 25 پاک آرمی اور 5 پاک فضائیہ کے شہداء شامل ہیں۔ اس کے علاوہ گاؤں سگھر کی پہچان اس کے 766 غازی ہیں جو پاک فوج، پاک فضائیہ اور پاک بحریہ میں مختلف ادوار میں خدمات پیش کر چکے ہیں، تقریب کے دوران شہداء کے ورثاء میں اعزازی شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں۔ یہ تقریب نہ صرف شہداء کی عظیم قربانیوں کا اعتراف تھا بلکہ سگھر کے باسیوں کی حب الوطنی، اتحاد اور پختہ عزم کا روشن ثبوت بھی ہے۔

سرائے مغل، مسلح افراد کا گھر پر دھاوا، طلائی زیورات و نقدی لوٹ کر لڑکی کو اغوا کر لیا

ملزمان نے پہلے گاڑی کا لاک توڑنے کی کوشش کی، ناکامی پر گھر میں داخل ہوئے، ایف آئی آر درج

لاہور (این این آئی) سرائے مغل میں پانچ مسلح افراد نے شہری کے گھر میں گھس کر طلائی زیورات اور نقدی لوٹ لی جبکہ ملزمان جواں سالہ لڑکی کو بھی اغوا کر کے ساتھ لے گئے۔ پولیس کے مطابق ڈکیتی کا واقعہ گزشتہ رات پیش آیا جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گ